# یوسف نسکندی عہد ساز شخصیت



# KULACHI
## K A R A C H I

بلوچ رائٹس کونسل

# کابینہ بلوچ رائٹس کونسل

صدر ............................ عبدالوہاب بلوچ

چیئرمین............................ فتح محمد بلوچ

جنرل سیکریٹری ........................ کامریڈ اسحاق آزاد بلوچ

وائس چیئرمین ........................ محمد رزاق شہنشاہی

فنانس سیکریٹری ........................ محبوب علی بلوچ

آرگنائزر ............................ (لیاری ٹاؤن) بابا پھیلن بلوچ

یونٹ سیکریٹری ........................ (سرگوات محلّہ) بابر بلوچ

یونٹ سیکریٹری ........................ (کلری لیاری) مجید بلوچ

چیئرمین ............................ (لیاری ٹاؤن) شکیل بلوچ

رابطہ سیکریٹری ........................ (لیاری ٹاؤن) عرفان بلوچ

پبلی کیشنز اینڈ انفارمیشن سیکریٹری ....... راشد سید

☆☆☆

# مئے تران

بلوچ رائٹس کونسل ءِ (بی آرسی) بن ہشت ایرکنوک بلوچ راجی راہدبر ءُ کماش واجہ یوسف نسکندی ءَ ۱۷ مئی ۲۰۰۶ اے کوڈھیں امروز یلہ دات۔ بلوچ راج ءِ پُرسیگ کت۔ واجہ ءِ راجی کار، کرد، راجدوستی ءِ مہر ءُ محبتانی زندگ دارگ ءِ ھاترا، بلوچ رائٹس کونسل (BRC) ءَ ھمے کتاب رِدءُ بند داتگ کہ شمئے دست ءَ اِنت۔

نمیرانیں واجہ ءِ اَوَلی سالروچ ءَ یک یاتگاری مجلّہ ءُ دوئمی سالروچ ءَ ڈولداریں کلینڈرے درکنگ بوت۔ واجہ ءِ سیمی سالروچ شہدائے مرگاپ ءِ چل ءُ لس مچی ءِ سوب ءَ مھتل دارگ بوت۔ بلے روتاک توار، روتاک آزادی کوئٹہ، روتاک انتخاب ءُ آساپ ءَ ارزشت داریں نبشتانک ءُ رپورٹ شنگ کنگ بوتاں۔ اے قہریں راجدپتر ہما راجاناں زندگ داریت کہ ھما راج وتی راجی سرمچار، جہدکار، راجی شہید، زانتکار، ندکار، شاعر ءُ کواسانی راجی جہداں مدام یات کن اَنت ءُ دل ءَ چہ نہ شموشنت۔

واجہ یوسف نسکندی ھما وھد ءُ پاساں بلوچ راجی جنز ءَ ہورتور بوتگ کہ پاکستان ءَ پہ زور ءُ جبر بلوچستان ءِ سرا قبضہ کتگ۔

آئی ءَ وتی زندمان ءِ گڈّی روچ ھم بلوچ گلزمین ءِ ھاترا ءَ نذر کتگ اَنت۔ واجہ یوسف نسکندی یک راجی جہدکار، زانوگر، پٹ ءُ پولکار ءِ دروشم ءَ زانگ بیت۔ واجہ ءِ کم وانگ ءَ چہ ابید ھم، بلوچ راج ءِ راجدپتر، جغرافیہ ءُ دودربیدگانی باروا سک باز زانتگ۔ واجہ کمیونزم ءُ سوشلزم ءِ نظریات ءِ منوگر بیتگ ہمیشانی سرا کارئے کتگ۔

مئے اے یک مزنیں دلی واھش ءُ لوٹ اِنت کہ واجہ ءِ واستہ انچیں ادارہ یے جوڑ کنگ بہ بیت کہ آ بلوچ راج ءِ روژنائی، جہد، پگر ءُ سکین ءَ گیش بہ کنت ءُ دانکہ بلوچ زانتکار بہ بنت ءُ آجوئی ءِ منزل ءَ سر بہ بنت۔ اے کار ءِ واستہ مارا بلوچ راج دوست ءُ سنگتانی کمک، رھشونی ءُ ھمراھی ءِ ضلورت کپیت۔ ما امیت کشّاں بلوچ راج اے نیکیں کار ءَ چہ وتارا پُشت نہ دار ایت۔

☆☆☆

# فہرست

## توزندگ ئے


واجہ یوسف نسکندی ............ سعیدہ حسن بلوچ ............ 7

لیاری کا ایک بڑا انسان ............ فتح محمد بلوچ ............ 11

یوسف نسکندی - ایک تاثر ............ محمد بیگ بیگل ............ 13

ہم دمِ دیرینہ ............ رحیم بخش آزاد ............ 16

تیری یاد آئی تیرے جانے کے بعد ............ ستار بلوچ سیلانی ............ 19

اُستاد یوسف نسکندی سے ایک گفتگو ............ عبدالغنی دامنی/حسین احمد نسکندی 22

نواب اکبر خان بگٹی کا پیغام ............ یوسف نسکندی ............ 30


## کلوہ


نواب خیر بخش مری ............ 35

صادق رئیسانی ............

امتیاز بلوچ ............

ستار بلوچ سیلانی ............ 39

## مائی کلانچی ءِ پُسگانی نام دَ


جدید اور قدیم مزاحمتی تحریک میں کراچی

کے بلوچوں کا حصہ ............................یوسف وہاب بلوچ .............43

کراچی، بلوچوں کی سیاسی حیثیت اور پریشانیاں..... صورت خان مری .............48

کبھی کراچی اور بلوچ لازم وملزوم تھے ............ستار بلوچ سیلانی ...............59

کراچی کے بلوچوں کا سیاسی عروج وزوال ...... ستار بلوچ سیلانی ...............63


## واب ءِ زندان ءَ درءَ کے زمانگ سرکش


وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا ............ حیر بیار مری ...................71

قومی تحریک میں بلوچ خواتین کو کیا کردار

ادا کرنا چاہیے ...............................بانک کریمہ بلوچ..............79

لیڈرشپ اور تصادم کار منصب کے شکار سیاستدان ... شبیر بلوچ..................85

تبلیغی جماعت سیاست کی راہ پر......؟؟؟ ......... میر مبارک علی ...............90

لاپتہ افراد کے نام ............................ میر ومیار......................94

دوسو تعلیم یافتہ لیڈروں کی جماعت ............پیر جان بلوچ.....................95


☆☆☆

سعیدہ حسن بلوچ

# واجہ یوسف نسکندی

یوسف نسکندی ۱۹۲۹ ءِ سال ءَ ودی بوت ۔ رسمی تعلیم نہ بوھگ ءِ برابر انت کہ یک جاہے ءَ جہ مند نہ بوتگ بلے چہ وتی ذاتی ہب ءُ واہگ ءُ سنگتانی کمک ءَ آئی ءَ ونت ءُ وتا اے پڑ ءَ سک بازو دیما برت ، آئی ءَ تاریخ ، مذہب سیاست ، تنقید ءُ ایدگہ سیاہگانی بابت ءَ بے حسابیں کتاب ونت ءُ گوں زانتکار ءُ گواساں نزیکی ءُ ہمکاری ءِ سوب ءَ سک بازہیل کت ۔

واجہ یوسف نسکندی ترقی پسند دانشور بلوچ اولس ءِ تحریک ءِ سروک ءُ لیاری گل محمد لین ءِ توک ءَ وتی سیاسی زند ءِ بندات ۱۹۵۵ ءَ نیشنل عوامی پارٹی ءَ چہ بندمات کُرت ۔ بلوچ لیڈر میر غوث بخش بزنجو و میر گل خان نصیر ءِ ہواری ءَ کار بندات کُرت ۔

۱۹۶۵ اوہد ءِ ایوب خان ءِ فوجی گورنمنٹ ءَ بلوچ رہنما و سروکان ءَ بندیگ کُرت ۔ اے وہد ءَ یوسف سکندری ہم بندیگ ءُ بوت وہدے ایوب خان ءِ فوجی حکومت ءَ لیاری ءَ ( کے ڈی اے ، اسکیم ، ۱۷ ) ءَ چہ نیو کراچی ءَ برگ ءِ کوشست کرت پدا وجہ ءَ ایندگہ سروکانی ہواری ءَ مزاحمت کرت ءُ لیاری ایکشن کمیٹی ءِ جوڑ کرت ءُ ہے اسکیم ءَ ناکام و نامراد کرت ءُ وتی درایں زند بلوچ اُلس ءِ تحریک ءِ گونہ ہوار کُرت ۔

واجہ یوسف وتی زندمان ءِ بنداتی سپر ءَ چہ سک باز اسرمند بوت ۔ ڈاکٹرانی سوج ءِ پدا ۱۹۵۲ ءِ سال ءَ کوئٹہ ، نوشکی ، دالبندین ، ءِ راہ ءَ پہ ملک ءُ رہادیگ بوت ۔ اے دور ءَ ادا قوم پرست ملا ہانی کسائی جہدے ہلگا ات ۔ خان قلات ءِ سرپرستی اش ہم گون ات وہد کہ کہ واجہ کوئٹہ ءَ ایر سپت واجہ ءَ دزگیر کرت بلے پدا کجا پیا ءَ یلہ دات ءُ دیم پہ ملک ءَ رہا دئیگ بوت اود ءَ اے دور ءَ ( داد شاہ ) ءِ سک باز شورات ہر جاہ ہر میتگ ءَ ہمیشی ءِ کسہ تالان اتنت ۔ انتظامیہ بلوچانی سرا سک باز زلم ءُ ناروانی کنگا ات ۔ واجہ ہر لوگ ءُ میتگ ءَ دیست

کہ بلوچ وت ماں ماوتا جیڑتگ اتنت، زندزانگ بوت کہ ایشان ءَ پہ منصوبہ بندی کنگ ات زلم ءِ ہدّ اایش ات کہ مزنیں ءُ عزت مندیں مردمان ءُ بخش داد (ناظم) ءَ بُرت ۱۹۵۴ سال ءَ واجہ یوسف پدا اے ہندءَ آتکے اش ادءِ جور ہم سک بازحراب بوتگ اتنت۔ اے ملک ءَ امریکہ ءِ اسرسک باز دیما آہان ات ءَ ہمے دور ءَ واجہ نسکندی ءَ سماجی چاگردءِ کارانی بندات کت۔ واجہ سیدآباد، سنگولین ءَ وتی چاگردی کارپدانی بنگیج کت انت۔ ے جہدانی تہا جان محمد میرحسن و دگہ سنگت گون اتنت وتی سیاسی کارانی بابت ءَ تران کت واجہ نسکندی ءِ سیاست ءِ بندات چہ اینٹی ون یونٹ ءَ بوتگ ات۔ ''ون یونٹ'' ءِ نام ءَ کسائیں راجانی سرا مرکزی حکومت ءِ زلم ءُ لگتمالی وڈّان اتنت دومی نیمگا ملک ءِ سیاست ءُ پالیسانی سرا امریکہ ءِ اسرسک بازات۔ اے دوئیں چیز ے شروعاتی سیاسی جہد ءِ بنیادی لیکہ اتنت۔

۱۹۵۶ ءَ وہدے جی ایم سید ءِ لوگ ءَ نیشنل عوامی پارٹی جوڑ بوت واجہ نسکندی ہمشی ءِ تہا ہورتور بوت اے وہدءَ ماں لیاری ءَ ایشی ءِ یکیں باسک واجہ نسکندی ہم بوت ٹرانس لیاری ءَ دگہ باسکے است ات کہ نام ئے صالح شاہ ات اے دور ءَ مسلم لیگ ءِ بالادستی ءُ اسرسک بازات مردم سک باز ایشی ءِ چہ ترس اتنت۔ وہدءِ ہکہ واجہ ءَ جی ایم سید ءَ لیاری ءَ آئیگ ءِ دیوان کنگ ءِ دعوت دات گڈا جی ایم سید سک حیران بوت۔ واجہ ءِ دعوت دئیگ رند جی ایم سید شیخ عبدالمجید سندھی ءُ دگہ بازیں سنگتانی ہمرائی ءَ واجہ نسکندی ءِ لوگ ءِ آتک ءُ اے پیالیاری ءُ نیشنل پارٹی ءِ اولی دیوان واجہ ءِ لوگ ءَ بوتگ ات۔

اے دور ءَ ماں کراچی ءَ بلوچ دانشور ءَ کلمکاراں ہم وتی لبزانکی کارانی بندات کتگ ات آزاد جمالدینی برادران ہمدا اتنت ءُ ہمیشانی سرپرستی ءَ ''بلوچی'' ماہتاک درآہگا ات۔ پدا اکبر بارکزئی جمعہ خان ءُ دگہ لہتیں سنگت و براہندگان ہورتور بوتنت ''بلوچی اکیڈمی'' ایش جوڑکت واجہ نسکندی ہمے سنگتانی گونہ ہوار بوت حاجی عبدالقیوم اے دور ءَ سک باز سرگرم ات۔ بلوچی اکیڈمی ءِ اولی عہدہ دارانی تہا واجہ نسکندی ءَ نائب صدر ءِ عہدہ دئیگ بوت (صدر حاجی اقبال ءُ سیکرٹری جنرل جمعہ خان ات) ہمے دورءَ بلوچی کلچرل سوسائٹی ءِ نام ءَ یک راجی گلے ٹاہینگ بوت کہ ایشی ءِ تہا واجہ نسکندی ءَ اباید محمد عمر بمپوری غلام مصطفیٰ نظر محمد، صدیق شیدی ءُ جان محمد ہم گون اتنت۔ اے دور ءَ سہ فرنٹ اتنت ءُ واجہ نسکندی ہمے سہ

فرنٹ ءِ توک ہور تو رات بزاں سیاسی فرنٹ نیشنل پارٹی ات لبزانکی فرنٹ بلوچی اکیڈمی ءُ دور ءُ ربیدگی فرنٹ بلوچی کلچرل سوسائٹی ات ۔ ہے درگت ءَ ماں بکرا پیڑی ءَ نیشنل پارٹی ءِ کانفرنسے بوت کہ ایشی ءِ تہا ہے سوسائٹی ہم سک باز بہر زرت ۔ اے سیاسی ءِ تہا ہے سوسائٹی ہم سک باز بہر زرت ۔ اے سیاسی ءُ دود ءُ ربیدگی گلانی شاید اولی اتحاد ات اولی رنداماں سیاسی پارٹی یے ءِ اسٹیج ءِ سرا بلوچی ترانہ قدم قدم روان بہ بیت گشگ بوت ۔ گشد ہانی تہا شفیع ، ستار ءُ صدیق بلوچ گوں اتنت کہ چرا۔ یشاں اولی دوئیں رند ءَ بلوچی ساز ءُ زیمل ءِ نامداریں استاد ءُ گشندہ ءِ صورت ءَ دیما اتک انت ۔ اُلسی شاعری ءَ ابید کلچرل سوسائٹی ءَ بازیں سٹیج ڈرامہ ہم کت انت ۔ دومی نیمگا نیشنل پارٹی ءِ حوالہ ءَ سیاسی کار ہم بوہگ ءَ اتنت ۔ وہد ءِ ماں ایران ءَ دادشاہ جنگ بوت ءُ آئی ءِ چک ءُ خاندان ءِ مردم ہمدا اتک انت تہ ایران ءِ حکومت ءَ آہانی واتری ءِ لوٹ کت ۔ اد ءِ حکومت واہگ مند انت کہ دست ءَ بدنت ۔ بلے اد ءِ بلوچاں سک باز ایجی ٹیشن کت ۔ اے دور ءَ پاکستان ٹائمز ءِ ایڈیٹر فیض احمد فیض ات آئی ءَ واجہ ءَ سک باز کوریج دات اے ہبر سک باز دیما شت ، حکومت ءِ سرا زوروڈت ءُ آہاں ماریت کہ چومبیت کہ اے تحریک مزنیں سیاسی تحریکے ءِ صورت ءَ دیما بروت ہمیشا آہاں وتی لہتیں مردمانی وسیلہ ءَ تحریک ءِ دیم ءَ ترینت آواں ہے ہبر دیما برت کہ اے کیس عدالت ءَ برگ بہ بیت ۔ واجہ نسکندی اے ہبر ءَ نہ منت بلے واجہ ءِ ایدگہ سنگتاں حاصیں صورت ءَ جمعہ خان ءَ اے ہبر نہ گپت ءُ چمدا اے سیاسی دوری ہم بوت ۔ بہر حال عدالتی کاروائی سوب ءُ دادشاہ ءِ مردم ایران ءَ دیگ بوت انت ءُ اے تحریک تُست ۔ ۱۹۵۷ ءَ نیشنل پارٹی ءَ رامستر کنگ ءُ نیشنل عوامی پارٹی ءِ نام دیگ بوت ۔ ۱۹۶۱ ءِ سال ءَ چہ پولیس محکمہ نیمگا یک تاکبندے چہ کراچی ءَ درآہگا ات ایشی ءِ تہا پولیٹیکل برانچ ءِ ڈی ایس پی ارشد حسین ءِ نویشتگیں یک نبشتانکے شنگ بوت ات ءُ بازیں بجائیں ہبر نوسیگ بوتگ اتنت ۔ واجہ نسکندی ءَ ایش ءِ خلاف ترندیں ایجی ٹیشن کت چریشی ءِ آسر ءَ نبشتانک ءِ نوسیوک ءُ شنگ کار ءَ ڈان اخبار ءِ تہا پہلی لوٹ ات ءُ تاکبند ءَ را بند کت ایوب خان ءِ سر جمیں دور ءَ بلوچستان زلم ءِ آماچ ات ۔ اود ءِ سیاسی کارندہ ءُ سروک پہ وتی سیاسی کارانی دیما برگ ءُ داستا کراچی ءَ اتک انت ہے دور ءَ ۶۲ ، ۱۹۶۱ حکومت ءُ اسکیمے جوڑ کت کہ لیاری ءَ

پہ شہرءِ نیامجی ءَ چست بکنت ءُ نیو کراچی ءَ بارت واجہ نسکندی ءُلہتیں سنگتاں خدا بخش کامریڈ، عبدالرحمٰن شاہوانی ءُ دگہ لہتیں ورنا گون اتنت ۔ ایشی خلاف ءَ جہد ءَ واستا لیاری ریفارم موومنٹ ایکشن کمیٹی ءِ نام ءَ یک گلے ٹاہینت کہ رندا مزنیں موومنٹے ءِ صورت ءَ دیما شت ۔ اے جہدانی آسر ءَ حکومت ءِ لیاری ءَ چست کنگ ءِ پروگرام بے سوب بوت ۔ ۱۹۶۵ جنگ ءَ پتگے ساری ءَ واجہ نسکندی ءُ دگہ لہتیں واجہ ءِ سنگت گرگ بوتاں واجہ ءِ پشت ءَ حکومت ءَ ہلاپ ءَ کار کنگ ءُ گوں بلوچستان ءِ سیاسی گلاں کمکاری ءِ الزام جنگ بوت ۔ نسکندی ءَ ابید میر لال بخش رند، یار محمد یار، لطیف بلوچ ہم گرگ بوتنت ۔ گل خان نصیر چہ ساری ءَ جیل ءَ ات ۔ اکبر بارکزئی ءِ ہلاپ ءَ وارنٹ کشگ بوتنت بلے آ چہ ملک ءَ در آتک ءُ گرگ نہ بوت ۔ واجہ نسکندی تاشش ماہاں بند بوت ۔ رند ءَ واجہ محمود علی قصوری ءُ میجر اسحاق ءَ چہ سپریم کورٹ ءَ واجہ نسکندی ءِ ضمانت کنائینت ءُ واجہ یلہ دئیگ بوت ۔ بھٹو ءِ دور ءَ یک رندے پد واجہ گرگ بوت ماہ نیم ءَ کوئٹہ ءِ کلی کیمپ ءَ داشت ءِ بازیں لٹ ءُ کٹ ءُ جست ءُ پرس اش کت بلے چہ واجہ ءَ چہ ہچ دست نہ کپت ۔ واجہ یوسف ہما عظیم سیاسی پکر کنوک ءُ دانشورات کہ آوتی اُلس ءِ ہاترا اُلسی سیاست ءِ تل تو کی تحریک ءِ توک ءَ صف اول گندگ ات ۔ نسکندی یک مزنیں بے لوث ءُ درویش سپت انسان ات ءُ وتی زند ءَ ساگی ءُ عاجزی ءُ انکساری ءِ گون ءَ گواز ینت ۔ نسکندی یک غریب پرور علم دوست ءُ خود داریں مردم ءِ ات ۔ آئی نزیک ءِ باسکاں جو ہما وھد ءِ مزن ءُ مزن ءُ عہدایانی سرا کار کتگاں بلے واجہ ءَ کدی بھی وتی ذاتی پائیدگ نچارت بلکہ لیاری ءِ ہاترا ءُ لیاری ءِ تنگ ایں میتگانی توک ءَ جامندات ءُ ہر جاگہ شت پاداں شت ۔ بلوچستان ءِ سیاست ءِ تہا ءَ چیز ءِ ناوش کاراں کراچی ءُ لیاری ءِ بلوچانی باروا تنگ نظری ءُ خودغرضی ءِ پیش دات تو ہما ناوش کارانی ءِ ناوش ءُ کاراں چہ واجہ نسکندی سک باز دل پد بوت ءُ ہمیں دل پدری ءُ بے تاہیری ءِ جاوراں چہ پد واجہ نسکندی بابائے استمان دل ءِ مریض جوڑ بوت ءُ آخر کار ہزاراں درد ءُ گم ڈکھ ویل وتی سینہ ءِ توک چیر ءِ دات بروز چارشبہ ۱۷ امئی ۲۰۰۶ ءَ شپ ءِ یازدہ بج ءَ اے کوڑیں دنیا ءَ یلہ دات ۔ اومیوہ شاہ قبرستان ءَ بند کنگ بوت ۔

☆☆☆

فتح محمد بلوچ بغدادی
چیئرمین بی آرسی کلاچی

# لیاری کا ایک بڑا انسان

واجہ محمد یوسف نسکندی مقبوضہ مغربی بلوچستان (ایرانی بلوچستان) کے شہر نسکند میں پیدا ہوئے، آپ کے والدین تلاش معاش کے سلسلہ میں کلاچی (کراچی) آئے، آپ نے ابتدائی تعلیم لیاری میں حاصل کی، آپ کا مزاج قدرتی طور پر انسان دوست تھا، عالم شباب میں آپ نے ترقی پسند سیاست کی۔

۱۹۵۶ میں جب ترقی پسند فکر کے لوگوں نے نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) کی بنیاد رکھی تب آپ نے نیپ میں شمولیت کی، نیپ میں شمولیت کی سب سے بڑی وجہ شاہد یہ بھی ہوسکتی تھی کہ نیپ میں تمام قدآور بلوچ قائدین (بلوچ لیڈر شپ) کی شمولیت تھی۔

بلوچ رہنما سردار محمد اکبر خان بگٹی اور گوریلا لیڈر میر شیر محمد مری (جنرل شیروف) سے آپ کی نشست و برخاست تھی، میر شیر محمد مری اکثر آپکے غریب خانے گل محمد لائن میں اس چھوٹے سے مکان میں اس بڑے آدمی سے ملنے بحث و مباحثہ کرنے آتے تھے اسکے علاوہ بی ایس او کے نوجوان لڑکے آپ کے سیکھنے آپ کے غریب خانے پر حاضری دیتے تھے۔

بلوچ تاریخ، ثقافت، اور سیاست پر آپکو کافی عبور تھا، آپ علم دوست، انسان دوست اور قوم دوست شخصیت کے مالک تھے۔ آپ تمام عمر غریب، مزدور اور محکوم قوموں کی جدوجہد میں شریک رہے، آپ بلوچ اتحاد اور خصوصاً لیاری میں آباد لاکھوں بلوچوں کی معاشی، تعلیمی، ترقی کیلئے جدوجہد میں ہمہ وقت مصروف رہتے تھے آپ نے لیاری میں بلوچ نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے ڈرامہ، موسیقی پر بہت کام کیا، آپ فارغ اوقات میں اخبارات، رسائل اور کتابوں کے مطالعہ میں مصروف رہتے تھے۔ آپ مزاجاً اشتراکت پسند تھے، مزدور یونینوں کا ساتھ دیتے تھے، آپ نے عمر کے آخری دنوں

میں بلوچ یکجہتی کیلئے نوجوانوں ( لیاری کے نوجوانوں ) واجہ وہاب بلوچ ، واجہ نثار بلوچ ، وغیرہ کے ساتھ ملکر ۲۰۰۴ میں کراچیین رائٹس کونسل کی بنیادی پرانا گولیمار میں رکھی ، اور ابتدائی دنوں میں آپ نے ایک بہت بڑے بلوچ ایشو گٹر باغیچہ بچاؤ کے سلسلہ میں یکم اکتوبر ۲۰۰۴ کو گٹر باغیچہ پرانا گولی مار میں نوازئیدہ بلوچ سیاسی و جسمانی و سماجی تنظیم کراچیین رائٹس کونسل کے زیر اہتمام ایک آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کیا ۔ بعد ازاں آپ نے کراچیین رائٹس کونسل کو ترقی دیتے ہوئے بلوچ رائٹس کونسل کا نام دیا ، جسکا چیئرمین راقم الحروف اور صدر واجہ وہاب بلوچ ہیں گو کہ اس سفر کا آغاز ہم نے یوسف نسکندی کے ساتھ شروع کیا ۔

یہ ہماری بد قسمتی یا خوش قسمتی کہ بی آر سی بلوچ نیشنل فرنٹ کا ایک مضبوط بازو ہے ۔ اور بی آر سی آج بلوچ قومی آزادی کی جدوجہد میں اپنا کردار احسن انداز میں پیش کر رہی ہے ، جس پودے کو نسکندی صاحب نے ۶ سال قبل بویا تھا ، آج وہی پودا ایک توانا درخت کی شکل اختیار کر گیا ہے ، آج بی آر سی اپنے ہر یونٹ میں اسٹیڈی سرکلز کا اہتمام کرتی تھی ہے ۔ نسکندی صاحب اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے ، جنہوں نے ایسے اداروں کی بنیاد رکھی ۔

ہم لیاری کے بلوچ اس لحاظ سے انتہائی خوش قسمت واقع ہوتے ہیں کہ بلوچستان کی ہر تحریک آزادی میں ہمارا حصہ بقدر حبثہ ضرور ہے ۔ ہم ایک جسم دو قالب ہیں ہم ایک دوسرے کی دکھ درد میں برابر شریک ہیں ، بلوچ تحریک میں بلوچستان میں اگر کوئی سرمچار شہید ہوتا ہے یا کسی سیاسی کارکن کو ریاستی فورسز قتل ، اغواء کرتے ہیں ہم یہاں عالمی میڈیا کے فورم پر احتجاجی آواز بلند کرتے ہیں اور اپنی مکمل شراکت داری کرتے ہیں اور اسی طرح آخری دم تک کرتے رہیں گے ۔

آج ۷ امئی کو ہم اپنے عظیم رہنما کے سالروچ کی نسبت سے اسے خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور تجدید عہد کرتے ہیں کہ ہم واجہ یوسف نسکندی کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے ، چاہے اسکے لئے ہمیں خون کا آخری قطرہ تک بہانا پڑے ، آج ہم واجہ یوسف نسکندی کی روح کے سامنے شرمندہ نہیں ہیں ۔ یوسف نسکندی کو اسکے خدمات کے عوض سرخ سلام پیش کرتے ہیں ۔

☆☆☆

محمد بیگ بیگل

# یوسف نسکندری ...... ایک تاثر

بصیرت عطائے خداوندی ہے، لیکن انسانی فکر کی تہذیب و بالیدگی کیلئے جو نوازمات سب سے زیادہ ضروری ہیں وہ علم و مشاہدہ ہیں، میں نے اپنی زندگی کی طویل جادہ پیمائی میں سفر کی دشواریوں اور نا مساعد حالات کے باوجود جس چیز کی سب سے زیادہ تلاش و جستجو کی ہے، وہ علم اور صرف علم ہے یہ علم میں نے کتابوں سے بھی حاصل کی ہے اپنے مشاہدہ سے بھی اور صاحبان علم و بصیرت سے بھی اور یہ سلسلہ اب بھی تواتر سے جاری ہے، اس کی وجہ ایک تو میری نارسائی اور تشنگیٔ علم ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جیسے جیسے میں علم حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، ویسے ویسے لاعلمی و جہالت کا احساس مجھ میں زیادہ شدت اختیار کرتا جارہا ہے اور اب عمر کی اس ڈھلتی ہوئی شام میں جبکہ میرا اپنا سایہ بھی مجھ سے دور ہوتا جارہا ہے، مجھے یہ کہتے ہوئے عار محسوس نہیں ہوتا کہ علم و آگہی کے حوالے سے میں جہاں سے چلا تھا، اب بھی اسی مقام پر کھڑا ہوں، گویا، بقول سیف الدین سیف،

دیکھا تو پھر وہیں تھے، چلے تھے جہاں سے ہم
کشتی کے ساتھ ساتھ کنارے چلے گئے

یا بقول فانی بدایونی

یاران تیز گام نے منزل کو جا لیا
ہم محوِ نالۂ جرسِ کارواں رہے

یا پھر بقول رئیس امروہوی

گردشِ وقت بھی آکے مجھے لے جا نہ سکی
تم جہاں چھوڑ گئے تھے، میں وہیں ہوں ابتک

خلاصہ کلام یہ کہ میں اب بھی محض ایک طالب علم ہوں، سالکِ بصیرت ہوں۔ مجھے اپنی زندگی میں جس چیز نے بار بار ڈسٹرب کیا ہے، وہ یہ تلخ حقیقت ہے کہ کتابوں میں علم کا ایک بے حساب ذخیرہ موجود ہے، مظاہر قدرت میں عرفان و آگہی کا ایک بے کنار سمندر پوشیدہ ہے، اور صاحبانِ علم وبصیرت کے ہاں علم کا ایک گنج گران محفوظ ہے لیکن اس متاعِ علمی کو حاصل کرنے کیلئے طالبانِ علم مفقود ہیں، مجھے بڑے دکھ کے ساتھ یہ کہنا پڑرہا ہے کہ فکری حوالہ سے یہ آج کے انسان کا سب سے بڑا المیہ ہے، میں نے اپنی جہالت کے خلاف جنگ میں کتابوں اور مظاہر قدرت کے علاوہ جن صاحبانِ علم وبصیرت سے براہ راست یا بالواسطہ فیض حاصل کیا ہے، ان محترم ہستیوں میں ایک نام جناب یوسف نسکندری صاحب کا بھی ہے، علم و دانش کے میدان میں انہوں نے اپنے لئے جو مقام پیدا کیا ہے وہ لیاری میں بہت کم لوگوں کو حاصل ہے، ان کا نہ صرف مطالعہ بہت وسیع و عمیق ہے بلکہ قدرت نے انہیں وہ بصیرت بھی عطافرمائی ہے کہ جس کی بدولت یہ کسی بھی مسئلہ پر معروضی گفتگو کرنے، تجزیہ کرنے اور دلائل و براہین سے منطقی نتیجہ اخذ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان کی گفتگو ہمیشہ فکر انگیز ہوتی ہے، اس لئے ان کی صحبت اٹھانے والا عموماً تہی دست کبھی نہیں لوٹتا، بشرطیکہ اس کی طلب صادق اور ذوقِ علم سچا ہو، میں نے جب بھی جناب یوسف نسکندری صاحب سے گفتگو کی ہے علم کا کوئی نہ کوئی گوشہ اور کوئی نہ کوئی نکتہ مجھ پر ضرور وا ہوا ہے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ان کی صحبت میں بیٹھتے ہوئے مجھے ہمیشہ اپنی بے بضاعتی اور کم علمی کا احساس ہوا ہے، یہی وجہ ہے کہ میں ان کو اپنے محترم اساتذہ میں شمار کرتا ہوں، جناب یوسف نسکندری صاحب کی شخصیت کے کئی حوالے ہیں، بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ یہ اپنی ذات میں ایک انجمن ہیں تو بے جا نہ ہوگا، کارزارِ سیاست ہو، ظلم و جبر کے عقوبت خانے ہوں، قید وبند کی صعوبتیں ہوں، علمی مباحث ہوں، قومی تحریکیں ہوں، ثقافتی سرگرمیاں ہوں، اسٹیج ڈرامے ہوں یا بلوچی سنگیت کی ترویج ہو، ان سب میں نسکندری صاحب کا کنٹری بیوشن بہت زیادہ اور ناقابل فراموش تھا، اس حوالہ سے یہ لیاری کا ایک ایسا اثاثہ تھے جن کی بہت زیادہ قدر ہونی چاہیئے، یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوتا ہے کہ ماضی میں لیاری کے چند اداروں کی جانب سے مختلف شخصیات کو ان کے شعبوں میں نمایاں خدمت

کے صلہ میں ایوارڈ ز دیتے وقت جناب نسکندی صاحب اوران جیسی دیگر شخصیات کوفراموش بلکہ نظر انداز کیا جاتا رہا ہے میری نظر میں یہ ایک ناسپا ہی رہے، جس کا ازالہ بہت ضروری ہے، ایک بار لیاری کے ممتاز دانشور رسینئر صحافی اور میرے عزیز دوست سید نادر شاہ عادل نے بلوچی اور اردو کے معروف شاعر و دانشور جناب عطاء شاد کے حوالہ سے کہا تھا کہ بلوچستان میں داخلے کے چار راستے ہیں ایک بذریعہ ریل، دوسرا بذریعہ ہوائی جہاز، تیسرا بذریعہ بس اور چوتھا اور اہم ذریعہ عطاشاد ہیں، یہ ایک ایسی سچائی ہے کہ جس سے واقفانِ حال انکار نہیں کرسکتے، یہ عطاء شاد کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ایک نہایت خوبصورت اورمنفرد انداز ہے، چنانچہ اپنے دوست نادر شاہ کی پیروی کرتے ہوئے آج میں بھی اسی نوع کی ایک اور سچائی کا اظہار کرنا چاہوں گا، وہ سچائی یہ ہے کہ یوں تو لیاری میں داخلہ کے کئی راستے ہیں لیکن تاریخ، ثقافت، سیاست، علم و دانش اور خاموش فکری تحریکوں کے حوالہ سے لیاری کا ایک منفرد راستہ جناب یوسف نسکندی صاحب کی ذات گرامی تھی، میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے اور ان کی روح سے پھوٹنے والی روشنی تادیر اپنی ضیا پاشی جاری رکھ سکے، آمین، آخر میں فارسی کا ایک شعر، جو صرف اہل تقر اور صاحبانِ بصیرت کے لئے ہے،

یک چراغ است دریں محفل واز پرتو آں
ہر کجا می نگرم انجمے ساختہ اند

☆☆☆

## رحیم بخش آزاد

# ہم دمِ دیرینہ

یوسف نسکندی، لیاری کے پرانے معروف سیاست کار، ثقافتی، سماجی، روشن خیال، مزدور لیڈر، ایمانداری کے معاملے میں عزم واستقامت کے پہاڑ، موسیقی رقص ڈرامہ سے دلی لگاؤ رکھنے والے ادب نواز، ادب دوست، یاروں کے یار، دوستوں کے داعی، درمے، سخنے مدد کرنے والے، سدا بہار خوش مزاج، گفتار کے غازی، خوش پوشاک، طنز ونشتر کو خندہ پیشانی سے سہنے والے، محبت آمیز دوست ہیں۔ محبت کی تلاش، علم کی جستجو اور نسل انسانی کے لیے بے پایاں درد ان کی زندگی کا لائحہ عمل ہے۔ ان کی زندگی طویل سیاسی جدوجہد، بے انت قربانیوں سے عبارت تھا۔طویل رزم و پیکار کے بعد اب ان کی زندگی ایک نئی نہج پر آگئی ہے لیکن وقتی بے گانگی، لوگوں کے سکتے میں ہونے، بوکھلا جانے کے باوجود حالاتِ ہزمیت سے اب بھی یوسف شکستہ دل نہیں تھے۔ اب بھی پہلے کی طرح عوام کو سیاسی شعور اور حوصلہ دینے میں یوسف ہمہ وقت مصروف نظر آتے ہیں۔ اکبر بارکزئی، لال بخش رند اور یار محمد کے پرانے دوست، حسن، خیر و صداقت ان کی وجود کا حصہ ہیں۔ احترامِ آدمیت ان کا مسلک، مستقبل پر یقین ان کا عقیدہ ہے ان کا صدا یہ کہنا ہے کہ سائنسی مزاج دراصل ایک اندازِ فکر ہے اور اس کا حتمی مقصد انسانوں کے لیے مادی، معاشرتی سطح پر آسانیاں پیدا کرنا ہے اور اس سے ایسا مزاج پیدا ہوجاتا ہے کہ انسان خود بخود غیر ضروری سماجی، نفسیاتی اور مابعد الطبیعاتی جھمیلوں سے چھٹکارا حاصل کر لیتے ہیں۔ ہر انسان کو کسی رواج، قانون اور سدھارنے کے خاموشی عمل سے آزاد، اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہوجاتا ہے۔اور یہ شعور کا وہ درجہ ہے جہاں کوئی بھی شخص ایک ذمہ دار تاریخی اکائی کے طور پر، پوری انسانیت میں جذب ہوجاتا ہے یہ فرد کو اپنی خود غرضیاں ترک کرنے اور اجتماعی بہتری کے لیے اپنی انفرادیت کو

ختم کرنے پر آمادہ کرتا ہے اور فرد کو کل کا حصہ بنادیتا ہے۔ یوسف کا شمار ان اولین رہنماؤں میں ہوتا ہے جنہوں نے بلوچوں سندھیوں کو نیپ کی تنظیم کی جانب راغب کیا۔ جب کبھی پاکستان میں جمہوری قدروں کی بحالی اور آمریت کے خلاف اولین جدوجہد کا ذکر آئے گا اس میں یوسف کا نام ضرور لیا جائے گا۔ یوسف کو قریب سے جان لیں تو عمل پیہم کے معنی سمجھ میں آنے لگتے ہیں۔ ایک عمل کے بعد دوسرا عمل پھر تیسرا قدم بہ قدم بڑھنے کا ایک طویل سلسلہ۔ طلبہ کی تربیت ہو سیاسی مصروفیات ہوں جلسے، احتجاجی ریلی، سماجی سیاسی اقتصادی یا ثقافتی فلاحی ہمہ جہت عمل میں مسلسل شرکت، اس کی پاداش میں گرفتاری، جیل، تشدد قربانیوں کا ایک طویل سلسلہ مالی پریشانی، جلاوطنی، پھر آمد، پھر وہی دھن وہی لگن ماتھے پر کوئی شکن نہیں۔ بڑے لوگوں سے سلام دعا لیکن آج تک انہوں نے سیاست کی بنیاد پر مالی مفاد حاصل نہیں کی۔ یوسف بیک وقت سیاست، تاریخ، مارکس ازم، فلم، جمہوریت، فلسفہ، سماجیات، عمرانیات آرٹ کے ہر موضوع پر گفتگو کرنے پر قادر ہیں۔ یوسف بے باک نڈر منہ پر سچی بات کہنے والا اور وہ ان نازک نزاعی موضوعات پر کھلے عام بحث شروع کرتا ہے جس پر عام لوگ فقط خلوت میں اور ہم خیال ساتھیوں سے کرنا پسند کرتے ہیں۔ یوسف بنیاد پرستی، کٹر پسندی کے حریف ہیں اور منافقانہ رویہ اختیار کرنے سے نفرت کرتے ہیں۔ ان کو اپنی ذات، پر اپنی صلاحیتوں پر یقین ہے۔ یوسف دوستوں کو کہتا ہے کہ آپ این جی اوز میں کام کرکے بڑی قوتوں کے اقتدار کے کھیل میں آلہ کار بن گئے ہو اور بڑی طاقتیں بین الاقوامی غنڈے ہیں۔ انہوں نے دنیا بھر میں عالمی لوٹ کھسوٹ کا نظام مسلط کیا ہے۔ یہ ایک طرف انسانی حقوق کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف انہوں نے کچھ ملکوں میں غنڈہ گردی کا نظام مسلط کر رکھا ہے اور وہاں کے عوام کی بدحالی کا سبب بنتے ہیں یوسف کا کہنا ہے کہ ہمارے جیسے ملکوں میں بنیاد پرستی کا فروغ سامراجیت کی ایک ہی کڑی ہے اور اسی کی ہی پیداوار ہے۔

یوسف نے انفرادی اور اجتماعی دونوں لحاظ سے ایک نظریے کی جستجو میں زندگی بسر کی ہے۔ انفرادی طور پر یہ کہ ان کا کہنا ہے کہ ہر اس شے کا تحفظ کیا جائے جو نفیس، شفیق اور حسین ہے ان کا کہنا ہے کہ بصیرت کے لمحوں کو ممکن بنایا جائے اور سطحی اوقات میں دانش کی

جستجو کی جائے۔ اجتماعی حیثیت سے یہ کہ اپنے تخیل میں ایسا سماج تخلیق کیا جائے جس میں انسانوں کی آزادانہ نشوونما ممکن ہے اور جس میں نفرت، حسد اور حرص کو ختم کیا جائے یوسف ان عقیدوں پر یقین رکھتا ہے اور دنیا اپنی تمام ہولناکیوں کے باوجود انہیں ان سے برگشتہ کرنے کے قابل نہیں ہوسکتی ہے۔ یوسف فطرتاً دھن کے پکے انسان ہیں سمجھوتے کا لفظ ان کی لغت میں نہیں۔ یوسف ان لوگوں میں سے ہیں جو اپنے کام کو ایک مشن سمجھ کر زندگی کا مقصد سمجھ کر کرتے ہیں۔ ان کو مالی مفادات حاصل کرنے کا شوق نہیں وہ اپنی کمٹمنٹ پر قائم ہیں یوسف نظریاتی ساتھی ہیں۔ ہمدم دیرینہ سے شعوری زندگی سے لے کر اب تک ان سے ساتھ رہا ہے آج کے حالات کے سلسلے میں ان کا کہنا ہے حکمران ٹولے نے اپنے مفادات کی خاطر عوام کو دھوکے میں رکھا ہے۔ ان کا اصل مقصد اقتدار اور مرکزیت کے شکنجے کو برقرار رکھنا ہے۔ لیکن اب وہ زمانہ نہیں۔ اب حالات نیا رخ اختیار کر چکے ہیں۔ یوسف ہمارے قومی ہیرو ہیں ان کا ساتھ روشنی کا ساتھ ہے۔

☆☆☆

بارہ آدمیوں نے مل کر پہلی گوریلا یونٹ منظم کی سات بندوقوں کے ساتھ جی ہاں دنیا کی سب سے سائنٹیفک اور کامیاب انقلابی لڑائی کی ابتدا صرف بارہ آدمیوں نے کی اور ان کے پاس صرف سات بندوقیں تھی۔ کاسترو بتاتے ہیں کہ ۲۶ جولائی کی ناکام بغاوت اور یکم جنوری ۱۹۵۹ کے کامیاب انقلاب کے وقت سے اپنی جرمن فلانو کانٹ کی تین باتیں حفظ رہیں، ایک عقلمند شخص ہی اپنا ذہن تبدیل کرسکتا ہے ایک ضدی شخص کبھی نہیں دوسرا اپنے مفاد کے لئے دوسروں کو استعمال نہ کرو۔ تیسرا صرف اور صرف تعلیم سے ایک انسان بلاآخر انسان بن سکتا ہے۔ فیڈل کاسترو (پہاڑ کی چوٹی سے انقلاب)

ستار بلوچ سیلانی

# تیری یاد آئی تیرے جانے کے بعد

یہ دنیائے رنگ گویا ایک ٹرین کی طرح ہے جس میں مسافر چھڑتے ہیں ،تھوڑا سا سفر کرتے ہیں اور اپنی منزل (اسٹیشن) پر اتر جاتے ہیں اور اپنے ہمسفروں کے لیے کچھ میٹھی کچھ کڑوی یادیں چھوڑ جاتے ہیں یا جس طرح شیکسپیئر نے کہا تھا کہ یہ دنیا ایک اسٹیج ہے، کچھ اداکار ہیں اور کچھ تماش بین ، کچھ اداکار اسٹیج پر آتے ہیں اور اپنا کردار ادا کرتے ہیں ۔اور پردے کے پیچھے غائب ہوجاتے ہیں اور سامنے بیٹھے تماش بینوں کے دلوں مین اپنے کردار کی میٹھی یادیں چھوڑ جاتے ہیں ۔ کچھ اسی طرح ہمارے ساتھ بھی ہوتا ہے، ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اپنے ان کرداروں (رہنماؤں) کو بعد از عیادت یاد کرتے ہیں اور افسوس سے ہاتھ ملت ہیں کہ ہم نے ان کی زندگی میں کیوں ان کی قدر نہیں کی ،لیاری کو خدا نے انتہائی مردم خیز خطہ بنایا ہے اسی لیاری جیسے پسماندہ علاقہ جو آج بھی ۲۱ ویں صدی جو ترقی ، سائنس ٹیکنالوجی کا صدی ہے میں سے بلوچ سیاست ،فنون لطیفہ، خطاط ، شاعر، گلوکار اور فٹ بال کی دنیا کے مایہ ناز نام آسودہ خاک ہیں، جنہیں شاید آج کی بلوچ نوجوان نسل فراموش کرچکی ہے۔

گل محمد لائن ، شاہ بیگ لائن ، بغدادی ، کلری ، کلاکوٹ ،سنگولین بڑے بڑے عظیم بلوچوں کے مسکن رہے ہیں ۱۹۳۰ کی دہائی میں یہاں سے صحافت کی دنیا میں نہ صرف پہلا اخبار البلوچ ، مولوی عبدالصمد سر بازی ، مولوی محمد عثمان اور خلیفہ اسماعیل بلوچ کی ادارت میں شائع ہوا بلکہ بلوچستان کے مایہ ناز سپوتوں میر محمد حسین ،عنقاء پیر بخش نسیم تلوی نے انہی کی قیادت میں صحافت سیکھی اور ''بلوچ قومی تحریک آزادی'' (۱۹۳۳ تا ۱۹۳۷ تک یہاں کراچی لیاری سے نو اخبارات لگالے ) واجہ غلام محمد نور دین اور ان کے دیگر ہمرائیوں نے گل محمد لائن سے بلوچ نیشنلزم کی سیاست کا آغاز ۱۹۳۰ میں بلوچ قوم پرست سیاسی جماعت

''بلوچ لیگ'' سے کیا'' پہلا آل انڈیا بلوچ کانفرنس'' بھی اسی گل محمد لائن میں منعقد کیا گیا، سیاست کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ لالہ لعل بخش رند، واجہ یوسف نسکندی، بیگ محمد بیگل، قابل احترام واجہ رحیم بخش آزاد جیسے بلوچ دانشور آج بھی ان تنگ و تاریک گلیوں میں علم و دانش نوجوان نسل میں بانٹ رہے ہیں۔

فٹ بال کی دنیا میں عمر پینل، جبار بلوچ (پی آئی اے) تراب علی، قادر پُتلا بلوچ، غفور مجنا، عبداللہ راہی، دین محمد ٹاکر، کیپٹن تاج محمد عرف سادھو، محمود، غفار بلوچ، غفور بلوچ ڈھاکہ، فتح محمد کے ایم سی رسول بخش عرف کچو، نثار بلوچ، غفور شاہ، موسیٰ بلوچ، شریف بلوچ (پی آئی اے)، یوسف سینئر (پی آئی اے)، محمد بلوچ کے سی، ابو جان، قاسم بلوچ، کے پی ٹی، موسیٰ کلٹی کیماڑی، عابد کلٹی۔

شاعروں میں محمد جمالی، بورل قصر قندی، بیگ محمد بیگل، جی آر ملا، واجہ صبا دشتیاری، احمد جگر، ملا عمر، شریفہ صوتی، اصغر علی آزگ، مراد ساحر، ظفر علی ظفر، گلوکاروں میں جاڑک، فیض محمد، شفیع محمد، عبدالستار، غلام محمد گلو، قادوک مستانہ، امام بخش ملیری، ولی محمد بلوچ، ساجد بلوچ، شیر محمد بلوچ، صدیق کوکو، عامر، مائی بھاگی، آمنہ طوطی، مجنوں، ایسے نامور لوگوں میں کچھ آسودہ خاک ہیں اور کچھ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔

اسی گل محمد لین میں ہمارے بزرگ ساتھی واجہ یوسف نسکندی ایک تنگ و تاریک گلی میں ایک چھوٹے سے ہجرے میں رہتے تھے۔ ہم جب کبھی کلاچی آتے تھے۔ ان کے ہجرے میں ان سے بلوچ سیاست، صحافت، قومی نجات، جیسے موضوع پر گھنٹوں بحث و مباحثہ ہوتا تھا۔ سیکھنے سکھانے کا گویا درس گاہ تھا، بڑے بڑے نامور سیاست کاران کے در پر حاضری دیتے تھے، اب گل محمد لائن وہی ہے لیکن واجہ یوسف نسکندی نہیں ہیں۔ ہمارے قدم کبھی بھی وہاں رک جاتے ہیں اور عقیدت سے ان کی گلی کو سلام کرتے ہیں۔ ان کے خلوص اور محبت کو یاد کرتے ہیں۔

اپریل ۲۰۰۴ کو انہوں نے وہاب بلوچ، نثار بلوچ کی وساطت سے ہمیں بذریعہ خط'' کراچی رائٹس کونسل'' کی بنیاد رکھنے اور اس پر کچھ لکھنے کی ہدایت کی ہم نے تب (آساپ) اس تنظیم کے بارے میں اپنی ناقص عقل و محدود علم کے مطابق لکھا کہ شاید اس مرد قلندر کی محنت رنگ لائے۔ ۲۲ ستمبر ۲۰۰۴ کو واجہ نسکندی اور ان کے ساتھیوں نے ہمیں بذریعہ خط و

دعوت دی کہ ہم نے کراچی رائٹس کونسل کو ترقی دیتے ہوئے اب اس کا نام ''بلوچ رائٹس کونسل کلاچی'' رکھا ہے اور گٹر باغچہ پر لینڈ مافیا قبضہ کے خلاف پرانا گولیمار میں ایک کل جماعتی کانفرنس کا انعقاد کررہے ہیں جو کہ یکم اکتوبر کو ہوگا، آپ کی شرکت لازمی ہے، تنگی داماں کے باوجود ہم ۳۰ ستمبر۲۰۰۴ کی شام کو کراچی پہنچے، موسمی حالات (بارشیں) اور کچھ ریاستی رکاوٹوں (نام ونہاد بلوچ تنظیموں کی رکاوٹ) کے باوجود ۱۰ اکتوبر ۲۰۰۴ کو کامیاب کانفرنس کا انعقاد ہوا، جس میں شہید واجہ غلام محمد بلوچ بھی شرک ہوئے، کچھ شر پسند نے کانفرنس کو ناکام بنانے کی غرض سے کوششیں کیں۔ لیکن واجہ نسکندی نے بڑے اچھے انداز میں معاملہ ختم کردیا۔ واجہ یوسف نسکندی اپنے نوجوان ساتھیوں اور بلوچ قوم کو داغ مفارفقت دیتے ہوئے ۱۷ اپریل ۲۰۰۶ کو اس جہاں فانی سے کوچ کر گئے آج ان کی قائم کردہ تنظیم بلوچ تحریک میں واجہ وہاب بلوچ اور واجہ فتح محمد بلوچ کی شکل میں کلاچی (کراچی) سمیت بلوچستان کے طول وغرض میں بلوچ یکجہتی کے لیے نا مساعد حالات کے باوجود سرگرم عمل ہے۔ واجہ نسکندی نے پیرانہ سالی اور جسمانی کمزوریوں کے باوجود ۲۰۰۵ میں کلاچی (کراچی) سے کاہان شہید انقلاب بالاچ خان مری سے ملنے واجہ شہید مرگاپ غلام محمد بلوچ کے ساتھ اتنی طویل اور تکلیف وہ سفر کرکے گ ۓ۔ پھر وہاں سے ڈیرہ بگٹی شہید وطن سردار محمد اکبر بگٹی سے ملنے گئے، کلاچی میں آخری دم تک بابائے بلوچ تحریک سردار خیر بخش مری سے ملنے اور بحث ومباحثہ کرنے جاتے تھے، بلکہ کلاچی کے نوجوانوں اور خصوصاً اپنے رائٹس کونسل کے ساتھیوں کو سردار مری سے قریب کردیا، خصوصاً وہاب بلوچ اور واجہ فتح بلوچ ان سے فیض حاصل کررہے ہیں۔ وقت کتنا ظالم ہے، وقت نے بلوچ قوم سے کیسے کیسے عظیم فرزند چھینے؟ آج بھی ممتاز بلوچ دانشور، لکھاری واجہ رحیم بخش آزاد جیسی شخصیت بلوچ نوجوانوں کی ذہنی، فکری تربیت کررہے ہیں، بلوچ نوجوانوں کو چاہیئے کہ ان سے فیض حاصل کریں، ورنہ کل شاید یہ بھی نہ رہیں، یہ دنیا ایک مسفر خانہ ہے، آج ہم ہیں کل ہم نہیں ہوں گے، کل آج کے بلوچ نوجوانوں کا ہے انہوں نے ان کی جگہ لینی ہے وقت سے فائدہ اٹھائیں، ورنہ وقت بہت ظالم ہے، ان کا سایہ ہم پر قائم رہے، انہیں طویل زندگی ملے، ہم ان سے یوں ہی فیض حاصل کرتے رہیں۔۔۔۔۔؟

☆☆☆

تحریر: عبدالغنی دامنی

# استاد یوسف نسکندی سے گفتگو

فارسی سے اُردو ترجمہ

مترجم: حسین احمد نسکندی

بلوچستان کے حوالے سے مختلف ذرائع سے ہر وقت جستجو کی جائے مختلف اصطلاحات اور نظریات سامنے آجاتے ہیں کہ بلوچستان کی گزشتہ تاریخ ابہام انگیز ہو کہ اور سوال طلب ہوجاتی ہے۔اس گفتگو میں استاد یوسف نسکندی مختلف سوالوں کے جواب میں مختصراً اپنا نقطہ نظر بیان فرماتے ہیں۔سب سے پہلا سوال کہ ابتر کے بارے میں اور بلوچستان کا ناقص تاریخ کے بارے میں حقائق جاننا چاہتے ہیں۔

نسکندی صاحب: گویا اس طرح ہوا کہ بلوچستان کی تاریخ کو اگر ایک تحقیقی کام جانتے ہوئے اور اس سمت میں جستجو کرکے اور نشاندھی کی جائے کہ کونسی صدی یا ہزاریے میں شروع ہوگئی تھی، یا کس طرح کی تغیر اور تبدیلی آئی ہے اصولاً افسانوں سے آغاز کرنا چاہیے۔وہ بھی اگر افسانوں کو تاریخ کا ایک حصہ مانیں، جس طرح کچھ قوموں نے اپنی تاریخ کو افسانوں سے شروع کیا اور لکھا ہے۔ اگر ہم افسانوں کو تاریخ کا حصہ مانیں، تو بلوچ قوم کی تاریخ کو تقریباً ۲۵۰۰ ڈھائی ہزار سال کم وبیش اندازاً ہوگئے ہیں، لیکن یہ نظریہ ہمارے لیے واضح نہیں ہے۔

موجودہ تاریخی آثار جو تاریخ بلوچستان کے بارے میں ہے، سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ کوچ اور بلوچ کے الفاظ وہاں کثرت سے نظر آجاتے ہیں اور ''شاھنامہ فردوسی'' ہے کہ:

گروھی زگُردان کوچ وبلوچ سگالیدہ جنگ مانندِ قوچ

دوسرا مسئلہ ایک قوم کی تاریخ کیلئے اس قوم کا سرزمین اور جغرافیہ ہے۔یہ بلوچستان

کہ ابھی ہمارا مسکن ہے ۔اس سرزمین کے قدیم باشندکون تھے؟ کس زمانے میں کس علاقے میں آباد تھے اور کدھر حکمرانی کی ؟اور اسکا زبان، رہن سہن، علاقائی رسم ورواج کیا تھے؟ یا یہ بلوچستان کے لوگوں کی زندگی اور گزشتہ مراحل کے بارے میں اور ہجرتوں کی روشنی میں حقائق بیان کیا جائے تو یہ جداگانہ بحث ہوگا۔لیکن بلوچی ثقافت کے حوالے سے اور اس کا گذشتہ مثال کے طور تاریخ، زبان، جغرافیہ، اور معیشت شامل ہیں یہ بلوچی تہذیب کے زمرہ میں آجاتے ہیں۔اسی بنیاد پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ بلوچ اس تہذیب کا مالک ہے ۔اس کے علاوہ ثقافت ایک علمی اصطلاح ہے ۔یہاں یہ سوال پیش آتا ہے کہ ہم تہذیب کے لحاظ سے اس محدود جغرافیائی حدودِ میں ترقی کر چکے ہیں؟ یہ پہلو تحقیق کا مستحق ہے ۔لیکن اس سوال کے بارے میں وہ یورپین لوگ بلوچ کو ایک جاہل اور ناداں قوم جانتے ہیں۔کیا وجہ تھی کہ وہ جاہل قرار دیئے گئے، اس جہالت اور نادانی بلوچوں کی اپنی طرف سے ہے یا سامراج کی پیداوار ہے۔اجکل کے دور میں اس جہالت کے آثار نہیں ملتے جوانہوں نے بیان کیا ہے، اس لئے ہم یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ پوری بلوچ قوم جاہل اور ناداں ہے ۔اگر یوروپین یہ کہتے ہیں تو یہ بالکل غلط ہے ۔لیکن اگر وہ کوچ نشینوں، مویشی پالنے والوں اور کسانوں کی تعداد اور دیہاتی اور شہری شرح خواندگی کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو یہ سوال دوسرا ہوتا ہے ۔اس کے علاوہ جاہل اور نادانی کے دور کو یورپین لوگوں نے خود بھی دیکھا ہے اور وہ اس دور سے گزر چکے ہیں۔اور تمام اقوام عالم ابتدائی دور سے ترقی یافتہ نہ تھے۔لیکن کوچ اور بلوچ یا ان دونوں الفاظ کے فرق کے بارے میں اور یہ کہ بلوچ خونریزی، قتل غارت گری نہیں کرتے تھے۔اور کوچ تاریخی روایت کی رو سے تخریب کاری اور قتل وغارت گری کرتے تھے۔اس بارے میں کوچ قوم کا تاریخ ہمارے لیے نہ آشنا حیثیت رکھتا ہے ۔لیکن بلوچ قوم کے بارے میں کہہ سکتے ہیں کے بلوچ قوم ایک اصل تہذیب کے مالک تھے۔آیا چوری کا الزام کے بلوچوں کے بارے میں لکھ دیئے ہیں، خواہ وہ صحیح ہوں یا غلط، اس بارے میں کہہ سکتے ہیں کہ تمام سامراج قوتیں جب چاہتے تھے کہ ایک مغلوب اور کمزور قوم پر قابو پائیں تو اس مقصد کو پانے کے لئے (چوری، قتل اور خونریزی) الزام لگانا ایک آسان نسخہ تھا۔تا کہ ان الزاموں سے انہیں قانونی طور پر تباہ وبرباد کیا جاسکے۔اسی لئے انہیں چور اور قاتل کا لقب

دے کر ان پر قانونی کاروائی کرسکیں۔ یہ وہ طریقہ تھا کہ انگریز، فرانسیسی، پرتگالی، سامراجوں نے افریقہ اور دنیا کی دیگر ممالک میں استعمال کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ قومیں وحشی قومیں ہیں ہم انہیں تہذیب دینا چاہتے ہیں۔ اور یہ جاہل ہیں ہم انہیں تعلیم وتربیت دینا چاہتے ہیں۔ جس طرح ''انوشیروان ساسانی'' نے بلوچوں کی تباہی کے لئے گیلان کے علاقہ میں حملہ کیا۔ تمام سامراج قوتوں نے یہی طریقہ کا راپنایا اور اسلحہ استعمال کرنے سے پہلے اس قسم کے الزامات ان پر لگاتے تھے، یا مذیب کو مذہب کہ خلاف تبلیغ کرکے قوموں کو بے بس کرکے اپنا تسلط قائم کرتے تھے۔ اس سوال کے حوالے سے کہ بلوچ عرب نسل سے تعلق رکھتے ہیں یہ سوالات تاریخ میں بالکل روشن ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ قوموں کی تاریخ میں اصل نسل کے بارے میں گفت وشنید نہیں کی گئی ہے۔ یورپ اور افریقہ کی تاریخ میں بھی اصل نسل کے بارے میں کوئی شواہد نہیں ہے، اگر تاریخ کو مطالعہ کیا جائے اصل نسل سے کوئی چیز باقی نہیں رہے گی۔ نسلوں سے صرف قبائل باقی رہ گئے ہیں اور ان کی بودوباش زندگی محدود تھے اپنا معیشت اور طرز زندگی کو سروسامان نہیں دے سکتے تھے۔ بہت سُست ترقی کی سمت میں حرکت کرتے تھے۔

اور یہ تغیر ان علاقوں میں غیر محسوس کن تھا۔ البتہ شہری علاقوں میں جہاں علم وآگاہی تھی ترقی کا رفتار اچھا تھا اور اس طرح شہر وسیع ہوتے گئے ہم ایک قبیلہ کو ایک نسل کہہ سکتے ہیں بلکہ قبائل کے لفظ کو استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح بلوچستان میں مختلف اقوام کے لوگ یعنی: افغان، عرب، ایرانی وغیرہ شامل ہیں اگر نسل کو بنیادی مسئلہ قرار دیا جائے تو ترقی کے راستے بند ہوجائینگے، ضروری ہے کہ تغیر اور تبدیلی کو بنیادی مسئلہ قرار دیا جائے۔ اس لئے کہ ہم خود کو ایک تہذیب وتمدن کا مالک سمجھتے ہیں۔ وہ لوگ جو دوسو یا پانچ سو سال پہلے یہاں پر آباد ہوئے وہ لوگ خود کو اس سرزمین باشندہ سمجھتے ہیں۔ اس بارے میں کہ ہم بلوچوں کو آریائی قوم سے شمار کرتے ہیں یا یہ کہ بلوچی زبان سے ہم خود کو آریائی کہتے ہیں؟ بلوچوں کا تعلق آریائی نسل سے نہیں ہے۔ اس کا دلیل یہ ہے کہ بہت سے سیاہ، سفید اور سرخ رنگت والے لوگوں کو ہم آریائی کہتے ہیں۔ ان کی زبان کی وجہ سے انہیں آریائی کہا جاتا ہے۔ یہ نسلی مسئلہ نہیں ہے یعنی بلوچی زبان آریائی زبان کا ایک شاخ ہے مثلاً: اوستائی، پہلوی، کردی،

بلوچی، گیلکی ،لڑی وغیرہ یہ ساری زبانیں ایک جیسے ہیں، یہ تبدیلی جوزبانوں میں اور لہجوں میں آیا ہے اس کی وجہ ایک تو فاصلہ اور دوسرا جغرافیائی محیط سے لہجے اور زبان میں فرق آ گیا ہے ۔اس لئے کے ہرجغرافیائی حدود میں ایک علاقائی زبان موجودتھی۔اور آریائی زبان کا تلفظ میں علاقائی زبان اثراندازہوگیا مثال کے طور آریائی جب بلوچستان میں آگئے بلوچستان کے علاقائی زبان آریائی زبان پر اثرانداز ہوگئے اسطرح کردستان کے علاقائی زبان،آریائی زبان پراثر انداز ہوگئی جو کہ کردستان میں گئے تھے۔اس سوال کے حوالے سے کہ بلوچ خودکوعرب نسل اورخصوصاً امیرحمزہ کی اولاد سمجھتے ہیں یہ ایک نیا مفروضہ ہے، گذشتہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔یہ ایک مفروضہ ہے ،مثال کے طور پر:ایک شاعرعربی زبان میں ایک شعرکہتا ہے ۔اور کافی تعداد میں لوگ اس شعر سے متاثر ہوکر اپنے آپ کو عربوں میں شمار کرنے لگتے ہیں۔اسی فکر اور مفروضہ کے سبب اگر ہم ہندوستان میں دیکھیں تو بہت سے افرادخودکوسید زادہ اورحضرت علی کے نسل کا کہتے ہیں۔لیکن حضرت علی کے اتنے فرزند نہیں تھے۔پھر یہ کیسے سید زادہ ہوگئے؟ یہ ایک عقیدہ ہے اپنے آپ کوعرب نسل سے شمار کرنا بھی ایک بنیادی عقیدہ ہے ۔جوگزشتہ سے وابستہ ہے ۔یہ سوال کہ بلوچستان کے قدیم باشندے کون تھے؟ بلوچستان کی تاریخ میں دوتمدن کے نام موجود ہیں: ایک ''سومریان'' اور دوسرا ''دراویدی'' دونوں تمدن اس علاقے میں موجود تھے۔اور حکومت بھی کی ہے ۔ان دوتمدن کو ہم ''تمدنِ ہندویورپ'' و''ہندی وآیائی'' کے نام سے جانتے ہیں۔جوآثارِ قدیمہ اس علاقے سے دریافت ہوئے ہیں،ایران کی آثار قدیمہ کاتعلق سومری تمدن سے ہے اسی طرح موہنجو دڑو جنوبی سندھ سے جو آثارِ قدیمہ دریافت ہوئے ہیں ایک نہایت قدرت منداور بڑی تمدن کے آثار ہیں ان سے یہ نمایاں ہوتا ہے کہ یہ تمدن ملک کے دور کے دیگر علاقوں میں بھی پھیلا ہے ۔بعض کہتے ہیں کہ سومریان کی پہلی تمدن اوران کی حکومت بلوچستان میں تھی ۔ بعد میں بلوچستان سے ہجرت کرکے عراق کے جنوب میں دجلہ وفرات کے کنارے میں آباد ہوگئے ۔ اور ایک ہزار سال تک اس علاقے میں حکومت کی ، اس علاقے میں 'ایلامیان'،'اکدہیان ، بابلیان ، اورسومریان نے بھی حکومت کی ہے اور آثار قدیمہ سے یہ باتیں واضح ہیں ۔ موہنجو دڑو کی آثار قدیمے واضح نہیں ہیں ۔ اور یہ کہ ''جنت'' قوم یا

''زط'' کون تھے؟ لازم ہے یہ کہہ دوں کے تاریخی روایت سے بلوچوں کی مکران آمد سے پہلے جت اس علاقے میں موجود تھے۔ اور قحط سالوں میں یہ لوگ مکران، سندھ، پنجاب اور دیگر علاقوں میں ہجرت کرتے تھے۔ اگر بلوچستان کی جغرافیائی آثار قدیمہ کو دیکھیں تو ''ماڈ'' قوم کی حکمرانی ان علاقوں میں نظر آجاتی ہے۔ مثال کے طور پر لسبیلہ کے اطراف میں ایک قدیم تمدن کے آثار نظر آتے ہیں۔ جب ہم اس علاقے کے صحرا اور گیابان کو دیکھتے ہیں تو تاریخ میں ماد قوم کی تمدن دکھائی دیتی ہے۔ تاریخ میں انہیں دستان یا ''مید'' کے نام سے پہنچانا جاتا ہے اور اس سوال کے حوالے سے کہ اسلام سے پہلے بلوچستان کے لوگوں کا مذہبی اور دینی عقائد کیا تھاے، آیا یہ لوگ ''بودای'' تھے یا ''زرتشتی'' تھے۔ یہ کہ وہ بودای اعتقادات کے حوالے سے تعلق رکھتے تھے ایسا کوئی آثار نہیں ملتا ہے جس طرح کہ اسلام سے پہلے بادشاہت کا سلسلہ موجود تھا اور کافی شواہد اور نشانات زردتشت کے حوالے سے موجود ہیں۔ اور ابھی تک موجود ہیں مثال کے طور پر بلوچستان کے لوگوں نے ایک طرح کا آریائی یا زرتشتی نشاں یا علامت اپنے گھروں کے دروازوں پر لگایا کرتے تھے اور ان لوگوں کا عقیدہ تھا کہ اس طرح شیطان یا اہریمن گھر میں داخل نہیں ہوتے ہیں۔ اسی طرح بلوچوں کی کشیدہ کاری میں زرتشتی عقائد کے نشانات پانچ ہزار سال پہلے بھی موجود تھے اور یہ ہنری آثار میں شمار ہوتے ہیں۔

اور یہ سوال کہ بلوچ قوم نے ہجرت کیوں کیا؟ ضروری ہے یہ کہیں کہ حکمرانوں کی ظلم وستم کیخلاف بلوچوں نے مقابلہ کیا اور اس کی وجہ سے انہیں اپنی سرزمین سے زبردستی نکال دیئے۔ سب سے پہلا ہجرت جو بڑی ہجرت کے نام سے جانی جاتی ہے۔ انوشیروان ساسانی کے زمانے میں انجام پایا۔ اگر چہ بہت سے بلوچوں کو 'گیلان' اور ما'زندران' سے نکالا گیا، حالانکہ کچھ لوگ وہاں پر رہے شادی کی لیکن بہت سے لوگوں نے ہجرت کی۔ دوسرا ہجرت سلجوقی حکمرانوں کے زمانہ میں انجام پایا اس زمانے میں بلوچوں کی حکومت 'سیستان' تک پھیلی ہوئی تھی ترکوں کے ساتھ بلوچوں کی جنگ کہ بڑے جنگوں میں شمار ہوتا ہے۔ یہ بھی ہجرت کا سبب بنا۔

اور یہ کے بلوچ قوم نے دیگر قوموں کی طرح ترقی کیوں نہیں کیا؟ اس پسماندگی کی

وجہ سامراجی اور استعماری قوتوں کی مداخلت ہے اس لئے کہ سامراج کے مقابلے کے لئے بلوچ قوم ایک قوت اور مضبوط مرکز سے محروم تھے۔ نتیجتاً استعماری قوتوں کا مقابلہ نہیں کرسکتے تھے۔ مثلاً میر چاکر اور میر گواھرام کے دور میں بلوچوں نے فتوحات کے ساتھ مرکزی حکومتوں پر بھی قبضہ کرتے تھے۔ لیکن اپنے لئے ایک مرکز نہیں بنا سکتے تھے۔ ساری خامیوں کے باوجود بلوچی زبان اور آثار قدیمہ ہم تک پہنچ گئے ہیں۔ 'نصیر خان' کے دور حکومت میں بلوچوں کی پہلی مرکزی حکومت وجود میں آگئی تھی کہ اور یہ نادرشاہ افشار کی دور کہ اس نے بلوچوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کیے۔ البتہ یاد آوری ضروری بھی ہے کہ پرتگالیوں کی بلوچستان آمد اور 'یلغار' کی سندھ کی حدود تک آگے بڑھنے میں زیادہ دیرپا نہ ہوا۔ پرتگالیوں کے بعد انگریز بلوچستان میں داخل ہوئے۔ اور سب سے بڑی مصیبت انہوں نے بلوچوں پر لائی، بلوچوں نے انگریز سامراج کے خلاف مزاحمت کی اور ان سے انکار کیا اس کے بدلنے میں انگریزوں نے بلوچوں کو ایک مرکز کے ذائرہ میں جمع ہونے نہیں دیا اور بلوچستان کو تقسیم کردیا۔ ایک حصہ کو انہوں نے ''برٹش بلوچستان'' کا نام دیا اور بلوچستان کا مرکز ختم ہوگیا۔ یہ واقعہ سن ۱۳۰۹ ہجری ہی میں ہوا۔ اس دور میں انگریز کراچی، سندھ اور بلوچستان پر قابض ہوگئے تھے۔ اسطرح ترقی اس وقت ہوجائیگی جب حکومت کی تشکیل ہو اور دو حکومتوں کے درمیان معاہدوں کی انعقاد ہوجائے۔ بلوچ قوم کی مثبت اور منفی خصوصیات کے حوالے سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ ایک دانشور یا مفکر ایک علاقے کو جس طرح دیکھتا ہے اسکے بارے میں ویسا ہی کہتا ہے اگر ایک مفکر کسی علاقے کو خراب دیکھے تو وہ سمجھتا ہے کہ سب علاقے خراب ہیں اس طرح کی نظریات کو منفی کہتے ہیں۔ ایک دانشور یا صاحب نظر کو چاہیئے اپنے تمام جوانب اور انکے مسائل کو دیکھے اس کے بعد تنقید اور تحقیق کرے۔ اگر بلوچستان کے تمام علاقوں کی حالات اور خصوصیات کے بارے میں تحقیق کیا جائے تو سب ایک جیسے نہیں ہیں۔ تو انکی خصوصیتوں میں تیزی اور سستی دونوں ملتے ہیں۔ شجاعت، دلیری اور قوت مقابلہ بلوچ قوم کی وہ خصوصیات ہیں جو ہمیں خاص سے نظر آجاتے ہیں اور یہ کہ قوت کے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور دشمن کی طرف پیٹ کرکے فرار نہیں ہوتے ہیں فردوسی نے ''شاہنامہ'' میں اس خصوصیت کے بارے میں اس طرح

اظہار خیال کیا ہے۔

کہ کسی درجہاں پشت ایشاں ندید　　　برھنہ سرانگشت ایشاں ندید

بلکہ دشمن کے روبرو میں مقابلہ کیا۔ اگر ہم بلوچ قوم کی رسم و رواج کو دیکھیں تو یہ بات واضح ہوجاتی ہے۔ اور تاریخ بھی گواہ ہے کہ بلوچ قوم نے جنگوں میں ناتواں اور کمزور عورتوں اور چھوٹے بچوں پر حملہ نہیں کرتے تھے دراصل جنگی اصولوں کو پابندی سے عمل کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچ قوم میں عورت کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ حتیٰ کہ گزشتہ ادوار میں کشیدہ کاری کی ہنر میں ہر قبیلے کا ایک جداگانہ نشاں ہوتا تھا۔ تاریخی روایت سے ''پلنگ'' (شیر) بلوچوں کی پرچم کی علامت تھی۔ فردوسی نے شاھنامہ میں اسطرح اشارہ کیا ہے۔

درفشی برآورد پیکر پلنگ　　　ھمی ازدرفشش ببازید جنگ

اسی طرح کے شناخت شدہ نشانات اور علامات اور بھی تھے کہ بلوچ اقوام احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ بلوچوں کی ایک پسندیدہ اور شائستہ عمل یہ بھی تھا کہ دشمن کی عورتوں پر حملہ نہیں کرتے تھے۔ ان کی ایک خوبی یہ بھی تھی کہ بلوچ قوم اپنی دشمنوں کو بھی جب کسی اور دشمن نے حملہ کیا اور جب وہ سخت مراحل میں تھے تو ان دشمنوں کی بھی حمایت کرتے اور انہیں پناہ دیتے تھے۔ اور بلوچوں کی مہمان نوازی ایک نمایاں خصوصیت ہے۔ مہمان اگر دور سے گھر میں آجاتا ہے تو وہ خود کھانا نہیں کھاتے بلکہ کھانا مہمان کو پیش کرتے ہیں۔ اس کے بعد یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ سردار اور خاں کے الفاظ گزشتہ ادوار میں استعمال نہیں ہوتے تھے۔ اور یہ الفاظ بلوچ اور بلوچستان کے لئے اجنبی ہیں۔ گزشتہ دور میں میر اور کُہدا کے الفاظ بلوچستان میں رائج تھے۔ ایک قوم کے رئیس کو میر کہتے تھے۔ مثال کے طور پر میر گواھرام یا میر چاکر۔ سردار اور خان کے الفاظ عرصہ بعد بلوچستان میں رائج کئے گئے۔ اور بلوچوں کی اچھے اور بر رسومات کے حوالے سے کہ کن چیزوں نے انکی ترقی کا راستہ روکا یا کمزور کیا یا یوں کہیں کہ بلوچستان میں قوتوں کا توازن برقرار تھا اور اصولی طور پر اچھے اور بُرے روسوماتہ کو تاریخ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ رسومات اخلاقی خوبیوں میں شمار ہوتے ہیں۔ مثلاً دشمنوں سے انتقام لینا ایک پسندیدہ خوبی تھی۔ اس لئے معاشرہ میں توازن برقرار ہوتا تھا۔ دشمنوں سے انتقام لینا ایک اچھی خوبی تھی مثلاً اگر کسی قبیلہ نے کسی قبیلے پر حملہ کیا

اور قتل و خونریزی کی اور کسی نے انتقام نہ لیا تو اسے بری صفت جانی جاتی تھی ۔حکومتوں کی وجود میں آنے جانے سے اور جدید قوانین کی تشکیل سے آج کل یہ خوبیاں بدل گئی ہیں ۔ اور '' قبیلہ'' کا لفظ کے اس دور کے قبیلے کے معنی سے مختلف تھا ۔ کیونکہ قبائلوں نے ہجرت کی اور اس سبب قبائل ٹوٹ گئے اور بکھر بنے اور اس تغیر اور تبدیلی نے قبیلوں کی اتحاد کو ختم کر دیا یہ ایک سیاسی مسئلہ ہے مثلاً میر جلال خان نے چالیس قبائل کو متحد کیا، تاکہ بڑی طاقتوں سے مقابلہ کر سکیں استاد'' کمبوزیا'' چار وجوہات کو بلوچستان کی پسماندگی کا سبب سمجھتے ہیں ۔

۱۔ اسکندر اعظم' کا حملہ اور ہندوستان سے واپسی

۲۔ مغلوں کا حملہ اور جلال الدین خوارزم شاہ کی فرار

۳۔ اشرف افغاں کے فتنہ

۴۔ برٹش کمپنی کی پیدائش

دراصل بلوچستان فوجی لحاظ سے مخصوص سٹریٹیجی اور سیاسی علاقہ تھا ۔ یہ علاقہ حکمرانوں کے لئے ہمیشہ ایک مخصوص علاقہ تھا اور ہر وقت یہ سوچ رکھتے تھے کہ ہم وہاں کیسے قابض ہو جائیں اور اپنا حکومت بنائیں ۔ دوسری طرف بلوچستان کا جغرافیائی حیثیت فوجی لحاظ سے دیکھیں تو اسے بہت سے فوجوں کی ضرورت تھی اگر کم تعداد میں بھیج دیتے تو بلوچ انہیں مار دیتے ۔ مثال کے طور پر جب مسلمانوں نے بلوچستان کو فتح کیا ۔ فوراً بعض دیگر قبائل کے ساتھ معاہدہ کیا ۔ خصوصاً حضرت عمرؓ کے خلافت کے دور میں '' سیاہ سوار'' (سیاہ پد) اور بعض دیگر قبائل کے ساتھ معاہدے ہوئے اور یہ معاہدے لشکر اسلام کے لئے مددگار ثابت ہوئے اور مسلمانوں نے بھی ان قبائلوں کو عربوں کے برابر حقوق سے نوازا ۔ جب مسلمانوں نے بصرہ اور بغداد پر حملہ کیا یا حضرت امام حسینؓ کی یزید کے ساتھ جنگ میں بلوچوں نے حضرت امام حسینؓ کی حمایت کی اور یزید کے خلاف جنگ میں حصہ لیا ۔ اور بعد میں وہاں سے ہجرت کی ، کچھ تاریخ نویسوں نے بلوچوں کی ہزار سال پہلے کی تاریخ کو چھوڑ دیتے ہیں اور اس دور سے بلوچ قوم کی تاریخ کا آغاز کرتے ہیں ۔

اقتباس '' سیمائی تاریخ بلوچستان''

☆☆☆

## یوسف نسکندری

# نواب اکبر خان بگٹی کا پیغام اور بلوچ قومی تحریک

۴/اپریل ۲۰۰۶ نواب اکبر خان بگٹی سربراہ جمہوری وطن پارٹی نے کوہ بلوچ سے بھیجے گئے اپنے پیغام میں غیرت مند بلوچوں اور نوجوانوں کو رہنما اصول کی طرف توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ جس طرح بلوچستان میں گزشتہ ۴ ماہ کے جاری فوجی آپریشن کے دوران مسلسل گولوں ، توپوں ، جیٹ طیاروں ، گن شپ ہیلی کاپٹروں کی بمباری ، کیمیکل ہتھیاروں کے استعمال ، فوجی حکمرانوں کی گرفتاریوں اور ٹارچر سیلوں میں بلوچ سیاسی کارکنوں کے ساتھ مظالم کے باوجود بلوچ وطن کا ہر پہاڑ مورچہ بن چکا ہے ۔ مکران ، چاغی ، بولان ، کاہان ، کوہلو ، ڈیرہ بگٹی کے پہاڑ دشمن کیلئے خوف اور بلوچوں کے دفاعی حصار کی علامت بن چکے ہیں مگر ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قافلہ میں تازہ خون ، جواں جذبے کی شمولیت کا سلسلہ جاری ہے ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اب وقت ، حالات اور تجربے نے ہمارے لیے یہ فیصلہ کرنا آسان کر دیا ہے کہ سیاسی قوت پارلیمانی کمیٹیاں ، مذاکرات جلسے جلوسوں ، ریلیوں ، احتجاجی مظاہروں سے ہمارے دشمن کوئی اثر لینے والے نہیں وہ صرف طاقت کی زبان جانتا ہے اور طاقت کو ہی سلام کرتا ہے جس کا ماضی اور حال ہمارے سامنے ہے جو ہمارے ساحل ، وسائل ، تیل ، گیس ، سونا چاندی ، تانبا اور ۷۸۰ کلومیٹر ساحل سمندر پر قبضہ کر کے بلوچ عوام کو ان کے پدری سرزمین میں ریڈ انڈین بنانے کی سازش میں مصروف ہے ۔ انہوں نے کراچی کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہاں کے بلوچوں کو بھی ریڑھی بانی کرنے پر مجبور کر دیا گیا ہے لہٰذا بلوچ غیرتمندی کا تقاضہ ہے ذلت کی زندگی سے اپنی وطن کا دفاع کرتے ہوئے موت کو سینے سے لگا کر جام شہادت نوش کرنا زیادہ بہتر ہے تاکہ آنے والی نسل ہماری کردار پر فخر کرتے ہوئے اس راہ پر گامزن ہو ۔ انہوں نے غیرت مند

بلوچوں سے اپیل کی کہ وہ بلوچ قومی تحریک کو آگے بڑھائیں اسکو ہر گلی کوچے، سڑک، وادی، ندی نالے، پہاڑ، صحراء میدان کو تحریک میں تبدیل کردیں اپنے ساحل وسائل، شناخت کو برقرار رکھنے اور دشمن کو اپنی پاک سرزمین سے نکال کر باہر کرنے کیلئے چہ گویرا تحریک کی طرز پر جدوجہد کریں۔ اور یہ مثال دیتے ہوئے کہا کہ جس طرح عراق کے اندر کردوں نے صدام حسین کے کیمیکل ہتھیاروں کے استعمال اور ہزاروں کی تعداد میں جانوں کی قربانیوں کی پرواہ کئے بغیر اپنی جدوجہد جاری رکھی اور جس طرح چہ گویرا تحریک بھی ایک فرد سے شروع ہوکر انقلاب میں تبدیل ہوئی اور اگر ہمارے نوجوان بھی اسی جذبے اور ولولے سے آراستہ و پیراستہ رہے تو ہماری منزل بھی دور نہیں۔ نواب اکبر خان بگٹی نے یہ پیغام اس وقت جاری کیا ہے جب وہ خود میدان جنگ میں موجود ہیں۔ اور بڑی بہادری کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کررہے ہیں۔ فکر و عمل کے فلسفے کے مطابق جب بعض فرد یا پارٹی میں کوئی خامیاں موجود ہوں لیکن عملی جدوجہد میں آکر اسے سیکھنے کا موقع ملتا ہے جس سے نہ صرف انکی خامیاں دور ہوجاتیں ہیں بلکہ ان کا ادراک بھی بڑھ جاتا ہے وہ زیادہ بہتر طور پر معاملات کو سمجھ لیتا ہے۔ جب کوئی چہ گویرا کی مثال دیتا ہے تو ہمیں یہ بات معلوم ہونا چاہئے کہ چہ گویرا قومی تحریک آزادی میں نوجوانوں کیلئے ایک آئیڈیل قومی ہیرو ہیں لیکن فکر و عمل کا فلسفہ ہمیں بتاتا ہے کہ چہ گویرا ایک جذباتی شخصیت نہیں بلکہ وہ ایک نظریاتی تحریک سے وابستہ تھے جو ایک طاقتور مرکزیت کی حامل ہوتی ہے۔ آج جب ہم بلوچستان کی صورتحال پر نظر ڈالتے ہین تو ہمیں جس چیز کی کمی نظر آتی ہے وہ ایک نظریاتی انقلابی پارٹی کی ہے کیونکہ بغیر انقلابی پارٹی کے انقلاب برپا نہیں ہوسکتا ہے۔ ہم پہلے بھی مختلف فورموں اور خصوصاً بلوچ تحریکی رہنماؤں کے سامنے بارہا اس بحث کو سامنے لاتے رہے ہیں کہ بلوچ قومی آزادی کی تحریک کیلئے ایک نظریاتی پارٹی کی ضرورت ہے جو نہ صرف نظریاتی طور پر منظم ہو بلکہ تمام پہلوؤں پر اسکی نظر ہو۔ وہ مد مقابل دشمن کے بارے میں مکمل معلومات رکھتی ہو دور اسکی حکمت عملی پر نظر رکھتی ہو۔ بین الاقوامی اور خارجی امور سے واقفیت رکھتی ہو سیاسی اور جنگی حکمت عملی پر مکمل ادراک رکھتی ہو۔ بالخصوص علمی پہلو کیلئے انکے پاس ایک تھنک ٹینک موجود ہو جس سے حالات کے مطابقت سے گائیڈ لائن حاصل کی جاتی رہے۔

فکر وعمل کے فلسفے پر اسے عبور حاصل ہو تب کہیں جا کر قومی آزادی کی لمبی جدوجہد لڑی جا سکتی ہے۔ بلوچستان میں آج جو عمل جاری ہے اس کے لئے لمبی جدوجہد کی ضرورت ہے جو ایک نظریاتی انقلابی پارٹی کے بغیر ممکن نہیں۔ یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ بلوچ معاشرہ میں دانشور، تجربہ کار، بزرگ اور سیاسی رہنما کا عنصر موجود ہے لیکن فلسفہ یہ کہتا ہے کہ علم کے بغیر کوئی ہتھیار کارگر ثابت نہیں ہوتی۔ لہٰذا ہر اس پر بحث ہونی چاہیئے کہ جدید دور کی جدوجہد کو کس طرح منظم اور مضبوط بنایا جا سکتا ہے؟ ایک غلام معاشرہ سے کس طرح نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ بلوچ عوام کی نفسیات، بلوچ شناخت، کلچر، روایات قومی آزادی کی تحریک کیلئے کس حد تک موثر ہو سکتے ہیں۔ قومی جنگ کو تحریک سے منسلک کر کے کس طرح سیاسی قوت منا سکتے ہیں۔ ہم کس طرح اپنی ریاست کو معرض وجود میں لا سکتے ہیں۔ ہمیں اس بات کا ادراک حاصل کرنا چاہیئے کہ بلوچ قوم کی اسوقت تک ریاست کو معرض وجود میں نہیں لاتے۔ جب ہم قومی ریاست کی بات کرتے ہیں تو ہمیں یہ معلوم ہونا چاہیئے سیاست کا فلسفہ ریاست ہے۔ جب ایک ریاست کے قیام کے لئے جدوجہد کی جا رہی ہو تو یہ امر ضروری ہے اس ریاست میں کونسا نظام تشکیل عمل میں آئے گا۔ اس نظام کو چلانے کے طور طریقے کیا ہونگے۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ آج تمام بلوچ اس پر سر جوڑ کر بیٹھ جائیں کہ بلوچ ریاست کا قیام کس طرح ممکن ہوگا۔ اور ایک ریاست کو چلانے کیلئے کن کن امور کی ضرورت ہوگی کیونکہ اگر آج ہم ان معاملات کو طے نہ کر سکے تو اس بات کا خدشہ ہے۔ قومی تحریک ایک مہم جوہی کے بعد یا تو بکھر جائیگی یا پھر ان ہاتھوں میں چلی جائیگی جو انقلاب کے ثمرات کو حاصل نہیں کر سکیں گے۔

☆☆☆

# پیغام

## بانڑی جنز دیما جنزگ ءَ اِنت

بلوچ قوم وتی مزاج ءِ تہا اشتراکیت ءُ ھوربندیں قدرانی واجہ انت ۔

بلوچی ءِ تاریخ ھمے چیز ءَ سہرا کنت کہ معاشی عمل ءَ بگر دانکہ ڈیھ ءُ گلزمین ءِ دیمپانی ءُ پہریزگ ءِ کار ءَ زالبول ھچ رنگ ءَ چہ مرد ءَ پشت ءَ نہ بیتگ ۔ بلکیں بروری ءَ وتی قومی ذمہ داری ءُ فرض ئی پیلا کتگ ۔ میر چاکر ءِ گہار بانڑی ایشی ءِ یک بازمزنیں مثال ءُ درورے ۔ دہلی ءِ جنگ ءُ مڑائی ءِ وھد ءَ اے زال ءِ ھمے رنگ ءَ بے جگری ءَ دژمن ءِ مقابلہ کتگ کہ دنیگا ھم آئی ءِ نام تاریخ ءِ تہا نیمران انت ۔ اے جوزگ ھمے چیز ءَ شون دنت کہ بلوچ زالبول وتی قومی ذمہ داری ءِ شعور ءِ ھر رنگ ءَ داروک انت ۔ آ نہ ایوکا یک ماتے ءِ کردار ءِ مالک انت بلکیں آئی ءِ مزاج ءِ تو کا وطن پالی ءِ باھند ھم سک باز انت ۔ ھمے رنگ ءَ مائی سیمک ءِ قصہ ءَ ھر بلوچ زانت ۔ آئی ءَ وتی لوگ واجہ نتھا ءِ شہادت ءِ سرا گریوگ ءِ ھند ءَ یک بہادریں بلوچے ءِ وڑا وتی شہیدیں لوگ واجہ ءِ بہادری ءِ توصیف کتگ ءُ اے زال ءَ ھر وھد ءَ امیت ءِ چراگ بالیتگ ۔ آئی ءِ گشتگیں مرثیہ اے راستی ءِ مزنیں شوندار انت ۔ بلوچ ءِ تاریخ دودا ءُ بالاچ ءِ مات ءِ کرد ءَ ھم ھچ رنگ ءَ فراموش کت نہ کنت پرچے کہ ھمے دلیریں مات ءَ وتی گوریلائیں بچ ءِ ھمے رنگ ءَ تربیت کتگ کہ آ وتی وطن ءِ دیمپانی ءُ حفاظت ءَ سر دیوک ءُ بلوچی اقداروں پہریزگ ءَ تیار بیتگ انت ۔ اے ایوکا یک دو بلوچ زالبول ءِ بہادری ءِ داستان نہ انت بلکیں اگاں تاریخ ءِ تاک لیٹینگ ءُ دانگ بہ بیت گڈا مارا ھزارانیں بلوچ مات ءُ گوھار ءَ زالبولانی بہادری ءُ وطن پالی ءِ شعور ءِ چراگ ءِ رژن گندگ ءَ کیت ۔ اے مترسی ءُ سرمچاری ءِ تاریخ سک دراج ءُ پراہ انت ۔ عالمی سامراج ءَ

مرچی بلوچ ھما دگ ءُ راہ ءَ اشتگ کہ آئی ءِ قومی زند خطرہ ءُ ترس ءِ کوریں چات ءِ تہا کپتگ ۔ بلوچ نام نہادیں قوم پرست پارٹیاں پہ بلوچاں مروچی سیاسی منڈی ءُ نیادی ءَ یک بہائی مال جنس ءِ اڈ کنگ ءَ مفاد پرستی ءِ گندگیں مثال ءُ دروررقائم کتگ ۔ پر چا اے حبر باز ارزش ءُ اھمیت داریت کہ مرچی بلوچ نیاڑی ءُ جنین زھگاں وتی وتی تاریخ ءُ قومی ذمہ داری ءِ احساس ودی کتگ کہ اے گپ اش محسوس کتگ کہ نی لوگ ءَ نندگ ءِ وھد نہ انت ۔ بلکیں میدان ءَ درآہگی انت ءُ وتی وطن ءَ چہ ڈنگ ءُ لجوزیں سامراج ءَ آئی ءِ چانوگ وارانی دیم دارگی انت ۔ مئے جنکانی اے راجی باھند ءُ بھوش صد ہزار ستا کرزیت کہ آیاں بانڑی تحریک ءِ بیرک بلند کتگ ءُ بلوچ راج ءَ وتی راجی ذمہ واری ءِ احساس دیگ ءَ وتی سرین پہ مھکمی بستگ ۔ اے گپ ءَ دلگوش بدارات کہ دژمن چالاک ، مکار ءُ نوآبادیاتی ریپکاری ءِ واھند انت ءُ گوں چوشیں گیر مہذبیں ریاستی دہشت گردانی دیم پہ دیمی ءِ حاطرا بلوچی راج ءَ گیشتر تپاک ءُ ھم دست بیگ پکار انت ۔ بانڑی تحریک ءِ اے قومی کاروان ءَ منزل ءَ سر کنگ ءَ باز سخت محنت ءُ جہد پکار انت ۔ زانگ لوٹیت کہ شمارا یک نیمگا مکاریں دژمن ءِ مقابلہ کنگی انت گڑا دومی نیمگا کلپ ءُ منافقیں دوست نما دژمن ءِ راہ دارگی انت ۔ ہمیشکا باز شعور ءُ شیواری ءَ گوں وتی راہ ءُ دگ پجارگی انت داں شما سوبین بہ بئیت ۔ مرچی بانڑی تحریک ءِ لوٹ ءُ گزرچہ زیک ءَ باز زیات انت کہ مروچہ آ پیشی بلوچ مردمی ءَ جہل کپتگ انت ۔ مفادانی واھند بیتگ انت ۔ مرچی شما زالبول دودا ءِ مات ءِ پیا وتی بچ چہ گرانیں واباں گڑینگی انت ایشاں قومی ذمہ داری ءِ احساس دیگی انت ۔ من اے بانڑی تحریک ءِ دیما جزگ ءَ باز وشاں ءُ آیانی سوبینی ءِ لوٹوکاں ۔

بلوچ قوم پرست بزرگ رہنما خواب خیر بخش مری ءِ بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن (آزاد) زالبول تمپ ہنکین نیمگا ۱۲ فروری ۲۰۰۸ سیمینار بلوچ راجی جنز ءُ زالبولانی کرد وانگ بوت ۔

☆☆☆

# پیغام

## بلوچ بار ایسوی ایشن کے صدر صادق رئیسانی

واجہ یوسف نسکندی آج ہم میں موجود نہیں ہے لیکن ان کے نظریات اور خیالات اور مزاحمتی فکر آج بھی بلوچ قوم میں موجود ہے۔ واجہ کے ساتھ ان کی زندگی کے آخری دنوں میں بہت سی ملاقاتیں ہوئیں۔ ساتھیوں کے همراہ ان کا مہر و شفقت آج بھی ہمیں اس طرح یاد ہے جیسے کل کی بات ہے۔ واجہ کئی خوبیوں کے مالک تھے۔ بلوچ تاریخ، بلوچ جغرافیہ اور بلوچ زبان و ثقافت پر گہری نظر تھی مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ ان کے مجلس میں شریک تھے تو ایک ساتھی نے کہا کہ بلوچوں میں اتفاق کیوں نہیں ہے۔ واجہ نے ایک لمحہ خاموش رہنے کے بعد مسکراتے ہوئے کہا اس وقت تک اتحاد و اتفاق نہیں ہوگا جب تک بلوچ قوم میں ایک واضح پروگرام نہیں ہوگا اور اگر بلوچ قوم قومی آزادی کا بلوچ واضح ہو گیا تو اتحاد و اتفاق ایک پروگرام کے ساتھ یا مختلف پارٹیوں کا ایک پروگرام کے ساتھ مشترکہ جدوجہد کرنا ہے۔ مجھے آخری مجلس میں چیئرمین شہید غلام محمد بلوچ، واجہ وہاب بلوچ اور دو ساتھی اور بھی بیٹھے ہوئے ملے بڑی تفصیلی مجلس ہوئی اس موقع پر واجہ نے یہ بتایا کہ نواب خیر بخش مری کا پروگرام واضح ہے ہمیں چاہیے کہ جو ہم ساتھی واضح پروگرام رکھتے ہیں وہی سب سے پہلے قریب آجائیں اور ایک جھنڈے کے ساتھ جدوجہد شروع کریں۔ اس کے بعد انہی ساتھیوں نے بلوچ یکجہتی کے پلیٹ فارم سے مشترکہ پروگرام کیئے۔ جن میں سے مجھے یاد

ہے کہ کراچی میں ایک ریلی لیاری گل محمد لین میں منعقد ہوئی، جن میں واجہ، میں، شہید لالہ منیر، شہید غلام محمد بلوچ، شہید شیر محمد بلوچ، کامریڈ واجہ اسماعیل بلوچ بھی موجود تھے۔ اس ریلی کے نعرے آج بھی مجھے اچھی طرح یاد ہے آج سے چار سال پہلے آزاد بلوچستان کے فلک شگاف آج بھی ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں۔ میں آج مطمئن ہوں کہ بلوچ نیشنل فرنٹ بلوچ مادر وطن کی جدوجہد میں شامل ہے جس کا اعلان میری خیال میں شاید میں غلط ہوں واجہ یوسف نسکندی کے گھر سے شروع ہوا۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی اور اس کے بعد بلوچ نیشنل فرنٹ انہی ساتھیوں نے نواب خیر بخش مری، شہید نواب اکبر خان بگٹی کے فلسفے پر آج بھی قائم ہے اور یہ سلسلہ جاری وساری ہے، اپنے آزادی کی منزل کی جانب۔

واجہ نسکندی کی وہ سیاسی بصیرت، نواب خیر بخش مری کا فلسفہ آزادی، شہید نواب اکبر خان بگٹی، شہید بالاچ، شہید غلام محمد بلوچ، شہید لالہ منیر، شہید شیر محمد بلوچ، ڈاکٹر خالد بلوچ، دلجان بلوچ، شہید سدو مری، اور ہزاروں شہداء آج بھی بلوچ گلزمین کے لئے مختلف اذیت خانوں میں اذیت برداشت کر رہے ہیں، اگر ہم علاقائی، شخصی اور گروپوں میں تقسیم ہونے کی بجائے آزادی پروگرام کے ساتھ مزاحمتی عمل جاری رکھیں اور یہی تسلسل ہمیں منزل کے قریب پہنچا سکتی ہے۔ واجہ نسکندی کا بھی یہی نظریہ تھا جو آج بلوچ قوم میں گونج رہی ہے۔ جیسا کہ نواب خیر بخش مری، نوابزادہ براہمدغ، حیر بیار مری، ڈاکٹر اللہ نذر بلوچ کے پیغامات بغور اور گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو ہمیں ان میں واجہ نسکندی کی جھلک نظر آتی ہے۔ وہ بھی واضح پروگرام کو ترجیح دیتے ہیں۔ علاقائی شخصی گروہ بندی (لابنگ) سے بالاتر ایک بلوچ ہونے کے ساتھ ساتھ شعوری عمل اور آزادی کے پروگرام اور مزاحمت کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھنا ان کا ارمان تھا۔ اس کے علاوہ ایک عنصر بہت اہم ہے جس کے بارے میں ہمیں معلوم ہونا چاہیے کہ مزاحمت عملی میں صبر سے کام لینا، حالات کا جائزہ لے کے قدم اٹھانا، تحقیق کے بغیر بات نہ کرنا اور نہ ہی وار کرنا، کسی بھی چیز کا گہرائی سے مشاہدہ کرنا،

میرے خیال میں شاید میں غلط ہوں ان عملیات کا ہونا کسی بھی قومی تحریک کے لئے ضروری ہے جیسا کہ آغا عبدالکریم، نواب نوروز زہری، نواب خیر بخش مری اور دوسرے لیڈران جن پروگرام بلوچ قومی آزادی کا ہے اور یہی منطق واجہ نسکندی کا تھا اور رہے گا۔ بلوچ گلزمین کہ یہ بیٹے، بیٹیاں، جواں، بوڑھے، یہ عہد کریں کہ جس طرح ہمارے بزرگوں نے ہمارے شہداء اور ہمارے بیٹے، بیٹیوں نے اپنی سرزمین کے لئے اپنے لہو کا نذرانہ اپنے عزت کی قربانی، عقوبت خانوں میں اذیت برداشت کر رہے ہیں، ہزاروں بلوچ پہاڑوں میں ننگے پاؤں، بھوکے اپنے سرزمین کا دفاع کر رہے ہیں ہمیں چاہیے ثابت قدمی، مزاحمت عمل کے تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے ایک پروگرام غور و فکر کریں، اپنے ذاتی خواہشات کو دفن کر کے بلوچ قومی مزاحمتی تحریک کی آواز کو پوری دنیا تک پہنچائیں اور اپنے بلوچ سرزمین کے جبری قبضے کو ختم کرانے میں کامیاب ہوجائیں۔

☆☆☆

ظالم کا مظلوم کے ساتھ حقیقتاً سچا انقلابی اتحاد اس وقت ممکن ہے جب وہ اس معروضی سماجی صورتحال کو بدلنے کی جدوجہد میں ان کے شانہ بشانہ شامل ہوکر چلے، یعنی جب تک کوئی ظالم مظلوموں کے گروہ میں شامل ہو کر انہی میں اپنی شناخت نہیں کرتا، استحصال، فریب اور غیر منصفی کے شکار بے زبان مظلوموں کو ایک خرید و فروخت کی جانے والی شے کے طور دیکھنا بند نہیں کرتا، نام نہاد خدا ترسی، فیاضی، جذباتی لفاظی اور انفرادیت پسندی ترک نہیں کرتے، انسانوں سے حقیقی محبت کرنے کا خطرہ مول نہیں لیتا، حقیقی محبت کے ان وسعتوں میں گھرے عمل کے ذریعے سچے اتحاد کی بنیاد تلاش نہیں کرتا، انسانوں کو بطور انسان شناخت کر کے ان کے حق آزادی کا اقرار نہیں کرتے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس اقرار کو حقیقت کی شکل دینے کے عمل میں شمولیت اختیار نہیں کرتا، اس وقت تک مظلوموں کے ساتھ اس کا شفقانہ رویہ، نام نہاد خدا ترسی، فیاضی، دکھ درد کے احساسات اور مظلوموں کا ساتھی ہونے کی نعرہ بازی دھوکے پر مبنی ایک لایعنی بکواس کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہوسکتی۔ (تعلیم اور مظلوم عوام) بالوفرائڈے

**Imtiaz Baloch (from Canada)**
Baloch Human Rights Council

I had the luxury to see my Waja Yousuf almost every day, consult with him all the political problems, read books together and discuss international Marxist movements for national emancipation. His political line was always accurate and right on the target.

Today, we have formed Baloch Human Rights Council in the world, which was may Waja's dream to have such an organization in the Diaspora, which would include Baloch from all three Balochistan on one unity point, and the president of Bhre is no one, but Waja's old friend and next door neighbour Waja Akbar Barakzai, I will write my experiences with my Waja Yousuf in a different piece. But I will say this that today all my political education is does to this iconic Baloch figure. May God Bless His Soul

وائس ناز بلوچ مسنگ پرسنز
چیئرمین نصر اللہ بلوچ
وائس چیئرمین قدیر بلوچ

☆☆☆

ستار بلوچ سیلانی

# کراچی کے بلوچوں کیلئے ایک پیغام

ہم سے ہمارے بہت سے غیر بلوچ حلقہ احباب کو یہ گلہ ہے کہ ہمارا قلم بلوچوں کے گرد اکثر گھومتا دکھائی دیتا ہے ہم بھی صاف دلی سے کہتے ہیں کہ عرصہ ہوا دل میں ایک خیال جنون کی صورت اختیار کرتا گیا ہم شاید خود بھی اس کیفیت سے بے خبر تھے یا شاید لاشعوری طور پر کبھی کبھار ایک آدھ کالم کسی بھی مقامی پریس کے ذریعے دل کے اس غبار کو نکال لیتے تھے، گزشتہ سال ایک طویل وطن گردی جسے کوئٹہ سے مکران ہوتے ہوئے کراچی کی خاک چھاننے کے بعد جب گھر لوٹ آئے، ایک بات کی مجھے آج خوشی بھی ہے اور احساس بھی کہ ہم جیسے درویش خیال جب گوشہ نشین ہونے لگے تب ہماری نو جوان نسل اور بی ایس او کے بیدار مغز نوجوانوں علی شیر کرد جن کا نظریاتی جھکاؤ قوم دوست سیاسی جماعت بی این پی مینگل کی طلباء تنظیم (امان) اور ڈاکٹر انور علی مستوئی جن کا تعلق بی ایس او (نادر قدوس) اور آج کل نیشنل پارٹی کے مرکزی کونسلر ہیں اور بی ایس او (متحدہ) کے سنگت شاعر بھی ہیں، رحمت اللہ شاہین تینوں نے مل کر ہمیں ہماری گوشہ تنہائی سے نکال کر قلم ہاتھ میں دے کر اس قابل بنا دیا کہ ہم چند حروف کا مجموعہ اپنے قارئین کے سامنے پیش کرنے کے قابل ہوئے، اب بلوچ قوم و بلوچستان ہی اپنی فنا و بقاء کی علامت اور زندگی کا مقصد بن گیا ہے دعا کرتے ہیں کہ وطن کے ہر فرزند کو یہ عشق لگ جائے ہمارے لٹھ خانہ کے سنگت ڈاکٹر مستوئی صاحب نے ہمیں اپنے خیالات کراچی کے بلوچوں کے بارے یادداشت کی صورت میں تحریر کئے ہیں اسے ہم اپنے ہم وطن کراچی کے بلوچوں کی نذر کرتے ہیں لکھتے ہیں۔ کراچی کے بلوچ بھائیوں جب کسی قوم پر قومی غلامی محکومی کا دور نازل ہوتا ہے تب اس قوم میں درج ذیل علامات ظاہر ہونے شروع ہوتے ہیں سب سے

قبل اس قوم کی قومی بیداری کی سوچ وفکر منجمد ہونی شروع ہوتی ہے پھر وہ قوم اپنے مستقبل سے غافل ہونا شروع کر دیتی ہے اور سست روی کا شکار ہو جاتی ہے، جس کے نتیجے میں قوم کی قومی نشو ونما، ارتقائی قوت سلب ہو جاتی ہے اس میں آپسی اتحاد د اتفاق کی بجائے انتشار نفاق، محبت کی جگہ نفرت، خود پرستی امن بھائی چارے کی جگہ خانہ جنگی جیسے بلوچ قبائل تنازعات کشت وخون برادر کشی کا شکار ہوکر ایک مردہ و بے حس قوم یا ایک شکست خوردہ قوم کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔

یہ بات اپنی جگہ اٹل حقیقت ہے کہ عالمی سامراجی طاقتوں نے بلوچ قومی طاقت کومختلف جغرافیائی حدود میں تقسیم کر کے بلوچ قوم میں سیاسی نظریاتی انتشار کا فائدہ اٹھا یا اورلڑاؤ حکومت کرو کی اپنی سامراجی پالیسی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے بلوچ قومی وسائل کو بے رحمی سے بے دریغ لوٹا جاتا رہا ہے وہ کراچی کا ساحل ہو یا کراچی کے بلوچوں کا سیاسی سما جی اقتصادی، معاشی استحصال کیا یا سرز مین بلوچ سے بلوچ وسائل، ( سوئی گیس سینڈک ) کی لوٹ اور یا اب بلوچ ساحل گوادر کے معاشی فوائد ہوں یا بلوچستان کی معدنی وسائل ہوں، یہ سب کچھ استحصالی بالادست قوت کی نظروں میں چمک رہا ہے چاہے پنجاب کے بلوچوں کی زرعی فصلات ہوں، البتہ بلوچ سرزمین پر قومی تحریک کسی نہ کسی شکل میں کسی نہ کسی نام سے ہی سہی ظالم واستحصالی قوتوں سے برسر پیکار ضرور رہے میں اپنے کراچی کے بلوچوں ( بلوچ بھائیوں ) سے عرض کرتا ہوں کہ دنیا میں تمام مسائل کا حل سیاست ہی کیونکہ وہ قومی جمہوری یا عوامی جمہوری سیاست کے ہی ذریعے سے شعور بیداری دیتی ہے اورمحکوم قوم اپنے غضب شدہ حقوق کے حصول کیلئے جدو جہد ضرور کرتی ہے، اور سیاسی طرز جد و جہد کے لئے سیاسی پلیٹ فارم کی ضرورت ہوتی ہے اور اسی پلیٹ فارم سے جدوجہد کا آغاز اور پاور پالیٹکس کا مظاہرہ کر کے خود کو زندہ قوموں کی صف میں کھڑا کیا جا سکتا ہے اور سیاسی پلیٹ فارم سے ہی قومی تحریک جنم لیتی ہے، مثال کے طور پر افریقن نیشنل کانگریس پارٹی کے قائد عالمی قوم پرست وطن دوست عظیم رہنما نیلسن منڈیلا کی طویل (25 سالہ قید ) قید و بند اور سیاسی جدو جہد کا نتیجہ ہمارے سامنے تاریخ کے صفحات پر ایک زندہ قوم کی حیثیت سے درج اور موجود ہے جب سیاہ فام اکثریتی قوم اقلیتی گوروں کی غلامی میں رہی اور قائد نے

قومی حق حاکمیت حاصل کر کے پوری دنیا کی مظلوم ومحکوم قوموں میں یہ احساس زندہ کر دیا کہ قومی تشخص اپنے وسائل پر حق حاکمیت حق خودارادیت استحصالی قوت سے حاصل کرنا مشکل ضرور ہے لیکن ناممکن نہیں ہے؟ میرا سیاسی تعلق نیشنل پارٹی سے ہے کراچی کے بلوچ بھائیوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ سب نیشنل پارٹی میں شامل ہو کر ہمارے قائد ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی قیادت میں فکر میر غوث بخش بزنجو میں شامل ہو کر اپنے قومی حقوق سیاسی سماجی معاشی اقتصادی حوالے سے شریک جدوجہد ہوں۔

نیشنل پارٹی چاروں صوبوں کے مظلوم ومحکوم عوام کی نمائندگی کرتی ہے وہ زمانہ کیا تھا جب 1970ء میں انتخابات کے وقت نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) نے آپ جیسے باشعور ساتھیوں کو یک وتنہا چھوڑ کر خود سرحد و بلوچستان میں پارلیمانی سیاست میں مصروف عمل ہوئی۔

اس وقت واقعی آپ لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوئی اور کراچی میں میدان خالی دیکھ کر وفاقی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنی جگہ بنا لی مگر وائے افسوس کہ اتنی بڑی اور سیکولر جماعت جو گزشتہ تیس سالوں میں تین مرتبہ پاکستانی اقتدار پر چھائی رہی۔ اور آپ لوگوں کے سیاسی سماجی معاشی مسائل جوں کے توں ہیں بلکہ ان میں وقت اور حالات کے ساتھ ساتھ اضافہ ہو رہا ہے۔ صفائی صحت عامہ، روزگار تعلیم آپ لوگوں کے آج بھی بڑے اور سنگین مسائل ہیں۔

جنرل ضیاء الحق کے دور میں کراچی ہی میں پیپلز پارٹی کو ختم کرنے کے لیے دو قوموں کے لیے جماعتیں تشکیل دلوائی گئیں جس میں آپ کا ''بلوچ اتحاد'' بھی شامل تھا آج بلوچ اتحاد کے چیئرمین انور بھائی جان اور ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا سیاسی قد و کاٹھ دیکھیں جبکہ آپ کا نمائندگی لیاری کے 2002ء کے انتخابات میں ایک صوبائی قومی نشست جو کہ آپ لوگوں کا اکثریتی علاقہ ہے نہیں لے سکا اور الطاف حسین نے لندن میں بیٹھ کر ڈاکٹر عشرت العباد خان کو سندھ کا گورنر بنوایا جس کے بارے میں اخباری اطلاعات ہمارے پاس یہ ہیں کہ سندھ میں اس کے سر کی قیمت دس لاکھ روپے تھی دو جماعتوں کی واضح صورتحال آپ کے سامنے ہے۔

فیصلہ اور تجویز آپ لوگوں نے اپنی میٹنگز میں بیٹھ کر کرنا ہے ماضی کی ناکامیوں غلطیوں کوتاہیوں کا تجزیہ کر کے مستقبل کی راہیں تلاش کی جاسکتی ہیں اپنی گزارشات اور نیک تمناؤں کے ساتھ اجازت چاہوں گا۔ فقط والسلام ڈاکٹر انور علی مستوئی۔

یہ تھے ہمارے دوست ہم خیال ڈاکٹر صاحب کے خیالات کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی کراچی کے لیے۔ ہم اپنے کراچی کے بلوچ بھائیوں کی خدمت میں اتنا عرض کرنا چاہتے ہیں کہ محترم ڈاکٹر صاحب کے تجزیے مشورے آپ لوگوں کے سیاسی سماجی معاشی اقتصادی بدحالی کے بارے میں غور طلب ہیں۔ بلوچ سرزمین کے بلوچ بھی کراچی کے بلوچوں کی حالت زار کو چشم حقیقت سے دیکھیں کہیں ایسا نہ ہو کہ ہمارے مکران کے بلوچوں کا مستقبل بھی کراچی کے بلوچوں جیسا ہو اپنے ساحل اور وسائل کا سنجیدگی سے دفاع کریں بقول شاعر

چیراں کارے کند عاقل کہ باز آئید پشیمانی

☆☆☆

قائدین اور عوام کا دو مختلف اطراف میں کھڑے ہونا دراصل جبر کے رشتوں اور تعلقات کا نمونہ ہے۔ انقلابی عمل میں عوام کو منظم کرنے۔ انقلابی قوت کو مضبوط بنانے یا کسی متحدہ محاذ کے قیام کے بہانے عوام کے ساتھ مکالمے سے گریز دراصل آزادی سے خوف کا مظہر اور انقلابی اتحاد سے انکار کا عمل ہے۔ ایسا عمل اور رجحان عوام سے خوفزدہ ہونے کے ساتھ ساتھ ان پر عدم اعتماد کی غمازی کرنا ہے اگر عوام پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا تو آزادی حاصل کرنے کا بھی کوئی جواز نہیں۔ عوام سے خوفزدہ ہونے اور ان پر عدم اعتماد کی فضا میں تو ایسا انقلاب بھی برپا نہیں کیا جاسکتا جو عوام کیلئے ہو بلکہ یہ تو ایسا انقلاب ہوگا جو عوام کے ذریعے قائدین کیلئے برپا کیا گیا ہو جو بجائے خود انقلاب کا مکمل انکار ہے۔

يوسف وہاب بلوچ

# جدید اور قدیم مزاحمتی تحریک میں کراچی کے بلوچوں کا حصہ

روزنامہ آساپ کوئٹہ بلوچ دانشور' کالمسٹ جناب ستار بلوچ سیلانی کے کالم گردش ایام بعنوان''کراچی کے بلوچوں کے لئے ایک پیغام''میں کراچین رائٹس کمیٹی کے پروگرام ومنشور کوزیر بحث لانے پر ہم نیشنل پارٹی کے جناب ڈاکٹر انور علی مستوئی کے مشکور ہیں کہ انہوں نے کراچی کے بلوچ بھائیوں کی سماجی وسیاسی محرمیوں پر سیاسی طرز عمل کی جدوجہد اور کمیٹی کے 29 نکاتی ایجنڈے پر عمل درآمد کے لئے سیاسی پلیٹ فارم بنانے کی ضرورت پر اپنا نقطہ نظر بیان کرتے ہوئے دعوت دی ہے کہ وہ سب نیشنل پارٹی میں شامل ہوکر ڈاکٹر عبدالحیٰ کی قیادت میں فکر میر غوث بخش بزنجو کو اپناتے ہوئے قومی حقوق' سیاسی' سماجی' معاشی' اقتصادی حوالے سے شریک جدوجہد ہوں ان کی اس دعوت پر ہم ضرورت سمجھتے ہیں کہ کراچی کے بلوچ بلوچستان کے سیاسی پارٹیوں کو کس تناظر میں دیکھتے ہیں انہیں تاریخی واقعات حوالے کے ساتھ بیان کریں۔کراچی شروع سے ہی بلوچ سیاست کا گڑھ اور مرکز رہا ہے جن شخصیات نے بلوچ سیاست کی بنیاد رکھی دستیاب ریکارڈ کے مطابق وہ لوگ مدبر' دانشور' عالم اور وسیع نظر رکھنے والے سیاستدان تھے ان کا وژن بہت وسیع ہوا کرتا تھا ان کی ذہنی وسعت ایک خطہ تک محدود نہ تھی قومی اور بین الاقوامی سیاست پر ان کی گہری نظر تھی اس کے ساتھ ساتھ صحافت میں ان کا کردار اور قریبی روابطہ مضبوط ہوا کرتے تھے برٹش سامراج کے بلوچستان میں قبضہ کے خلاف جدوجہد آزادی نے بلوچ مزاحمتی تحریک کی بنیاد ڈالی اس وقت بلوچستان ایک بند سوسائٹی اور فکری طور پر تھا سنڈیمن پالیسی کے جبر کی وجہ

سے، بلوچستان میں سیاسی سرگرمیاں اور ہلچل نہ ہونے کے برابر تھی اخبارات اور مواصلاتی رابطے ہونے کی وجہ سے کوئی خبر باہر کی دنیا تک نہیں پہنچتی تھی اس لئے اس وقت کے بلوچ سیاستدانوں نے کراچی میں سیاسی تحریکوں کی جدوجہد کو دیکھتے ہوئے اسے مرکز بنایا بلوچستان سے جو لوگ کراچی میں آکر آباد ہوئے ہو کسی ایک قبیلے یا خطہ سے نہ تھے بلکہ مختلف خطے اور قبیلے کے لوگ تھے لیکن یہاں آکر انہوں نے اپنے قبیلے کی کاسٹ کی بجائے بلوچ کہلانا پسند کیا سوشل سائنس (سوشیالوجی) کے مطابق بلوچ کی سب سے پہلی (سوک لائف) شہری زندگی کا آغاز بھی یہیں سے ہوا کراچی شہر ہونے کی وجہ سے انڈیا اور دیگر پڑوسی ممالک کی سیاسی تحریکوں اور سامراجی دشمن انقلاب، سندھ کسان تحریک، سندھی قومی تحریک کے اثرات سے متاثر ہوا جس کی وجہ سے سیاسی شعور کی شروعات ہوئیں جس نے بلوچوں کے سیاسی شعور میں اضافہ کیا 1930 میں بلوچ لیگ جب کراچی میں پہلی ''بلوچ کانفرنس'' منعقد کرتی ہے تو یہ وہی دور ہوتا ہے جب نواب یوسف علی مگسی مستونگ جیل میں قید ہوتے ہیں اس کانفرنس میں بلوچستان سے لطیف مگسی کی قیادت میں ایک وفد آکر برٹش سامراج اور اس کے پٹھو وزیراعظم ریاست قلات سرشمس شاہ کے مظالم بیان کرتے ہیں اور نواب کی رہائی کے لئے مدد طلب کرتے ہیں جس پر کانفرنس ایک قرارداد کی شکل میں ارجنٹ احتجاجی تار وائسرائے ہند اے جی جی بلوچستان اور وزیراعظم کو ارسال کی جاتی ہے جس میں صاف الفاظ میں مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اگر سردار یوسف علی خان مگسی کو رہا نہ کیا گیا تو کراچی سے ساٹھ ہزار بلوچ مستونگ کی طرف ہجرت کریں گے (اس وقت ہجرت کرنا احتجاج کا موثر طریقہ ہوا کرتا تھا) چنانچہ یہ ٹیلی گرام کارگر ثابت ہوا اور یوسف علی مگسی کو رہائی مل جاتی ہے یہ پہلی سیاسی کامیابی ہوتی ہے جس سے بلوچستان کے ساتھ کراچی کے بلوچوں کے سیاسی رابطے گہرے ہوجاتے ہیں اور پھر 1932 میں جیکب آباد میں آل ورلڈ بلوچ کانفرنس کا انعقاد بلوچوں میں سیاسی بیداری کا سبب بنتا ہے جس میں کراچی سے غلام محمد نوردین، قلات سے عبدالعزیز کرد اور نواب یوسف علی مگسی سمیت کئی مدبر اور دانشور شریک ہوتے ہیں جہاں بلوچستان میں جدوجہد آزادی کے لئے بلوچ قوم کے دو نوجوان محمد حسین عنقا اور نسیم تلوی کو سیاسی وصحافتی تربیت کیلئے کراچی میں غلام محمد نوردین خلیفہ اسماعیل مولوی عثمان اور مولوی

عبدالصمد سر بازی کے پاس روانہ کرتے ہیں کیونکہ اس وقت کراچی میں شائع ہونے والے ہفت روزہ اخبار ''البلوچ'' بلوچ قوم کا واحد ترجمان ہوا کرتا تھا اور بلوچستان کی سیاسی آزادی اور اقتدار اعلیٰ کی بحالی کے لئے موثر آواز بلند کیا کرتا تھا انگریزوں کیخلاف جدوجہد آزادی بلوچوں کیلئے مزاحمتی تحریک کی بنیاد بنی جو آج بھی بلوچستان کے اقتدار اعلیٰ کی بحالی کے جدوجہد کی صورت میں زندہ ہے انگریزوں سے آزادی حاصل کرنے کے بعد بلوچستان کی آزاد حیثیت کو قائم کرنے کی کوشش کی لیکن تاریخ کا جبریہ ہے کہ اس کا پاکستان کے ساتھ زبردستی الحاق کرایا جاتا ہے اس وقت بھی خان قلات میر احمد یار خان کے بھائی پرنس آغا عبدالکریم مزاحمتی تحریک شروع کرتے ہیں جس کی پاداش میں انہیں جیل کی صعوبتیں اورحکومت پاکستان کے مظالم سہنے پڑتے ہیں اس کے بعد ایوب خان کے دور میں بھی بلوچستان پر مظالم کے خلاف حقوق کی آواز بلند رنے پر فوجی آپریشن کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس وقت کے مزاحمتی تحریک کی حمایت میں کراچی میں سیاسی احتجاج اور بھرپور جلسے منعقد ہوتے ہیں جس میں کراچی کے بلوچ جوش و خروش کے ساتھ شامل ہوتے ہیں ان دنوں میں قوم پرست لیڈروں کا کراچی میں قیام زیادہ تر ہوتا ہے لیکن اس وقت بلوچسان میں سیاسی بیداری نہ ہونے کی وجہ سے مزاحمتی تحریک ناکام ہو جاتی ہے قابل فخر بات یہ ہے کہ اس تحریک میں بھی شامل لوگ کوئی سمجھوتہ نہیں کرتے بلکہ انہیں قرآن پر حلف دے کر دھوکہ دہی سے گرفتار کر کے پھانسی اور قید کی سزائیں دی جاتی ہیں ،بلوچستان کی اس مزاحمتی تحریک کی پاداش میں 1955ء میں ون یونٹ اس لئے بنایا جاتا ہے کہ بلوچوں کے تشخص کو ختم کرکے بطور قوم خاتمہ کیا جائے لیکن ون یونٹ کے خلاف بلوچ ، بنگالی ،پشتون اور سندھی مشترکہ جدوجہد کرتے ہیں اس وقت سیاسی سرگرمیوں کا مرکز کراچی ہونے کی وجہ سے بلوچستان کا سیاسی کیس انٹرنیشنل میڈیا مین مشہوری پاتا ہے پھر پورے ملک میں سیاسی تحریک کے ابھار کی وجہ سے حکومت ون یونٹ کے خاتمے کا اعلان کرتی ہے۔ 1970ء میں انتخابات کے بعد بلوچستان اسمبلی کے قیام کی وجہ سے بلوچستان کی سیاسی پارٹیاں پارلیمانی سیاست کا شکار ہوکر مزاحمتی تحریک کا راستہ چھوڑ دیتی ہیں اور پھر بلوچ سیاست محدود ہوکر ایک اسمبلی کی سیاست پر چلی جاتی ہیں وقتی طور پر پاکستان کے حکمران قوم پرستوں اوران کی

جماعت کومختصر مدت کیلئے اقتدار سونپ دیتے ہیں لیکن مرکز میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد اقتدار پر مضبوطی حاصل کرکے قوم پرستوں کوحکومت سے بے دخل کر کے فوجی آپریشن شروع کردیتے ہیں اور پھر برٹش سامراج کے آلہ کاروں کو بلوچستان اسمبلی پر مسلط کردیتے ہیں یہ وہ دور ہوتا ہے جب بلوچستان کے نوجوانوں میں سیاسی بیداری آچکی ہوتی ہے اور وہ بی ایس او جیسی طالب علموں کی فکری تنظیم کے ذریعے اپنے آپ کو منظم کرنے لگتے ہیں بی ایس او کی عملی سرگرمیوں ، بلوچی ثقافتی اور کلچرل پروگرامز ،بلوچی ادبی دیوانوں کا قیام اورمزاحمتی تحریک طالب علموں پر اثر انداز ہوکر انہیں منظم کرتے ہیں جو بلوچستان کے حق خوداختیاری کی فکر کو لے کر ایک قوت بن کر سامنے آتے ہیں پاکستانی اسمبلیوں میں پارلیمانی سیاست کرنے والی پارٹیاں بی ایس او کی قوت سے گھبرا کر اسے تقسیم کرتی ہیں اور پھر ایک گروپ سیاسی پارٹی کا حصہ بن جاتا ہے، جسے وہ اپنے حق میں استعمال کرتی ہے یہ تسلسل جاری ہوتا ہے کہ بھٹو دور حکومت میں مزاحمتی تحریک تیز ہونے کی وجہ سے دوسرا گروپ بی ایس او عوامی حق خوداختیارات کی فکر کے ساتھ ایک موثر طاقت بن کر سامنے آتا ہے قدیم اور جدید مزاحمتی تحریک کے ازسر نو تشکیل کے اس مرحلے پر سازشیں شروع ہوجاتی ہیں جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بلوچ تحریک کو سامراجی طاقتیں مل کر توڑتی ہیں بی ایس او کی تقسیم بلوچ قوم کے لئے سیاسی دھچکا ثابت ہوتی ہے پھر سیاسی کارکنوں اور نوجوانوں میں کشمکش شروع ہو جاتی ہے جس میں سے ایک گروہ پارلیمانی سیاست اور سمجھوتہ بازی کے رجحان کی طرف مائل ہو جاتا ہے مزاحمتی تحریک کو چھوڑ کر انتخابات کی سیاست میں شامل ہوکر اسمبلیوں میں جاتے ہیں جہاں وزارت اور مراعات کے مزے لوٹتے ہیں جبکہ وہ دوسرا گروہ مزاحمی تحریک کا حامی بن کر اپنی جدو جہد جاری رکھتا ہے اس وقت صورتحال یہ ہے کہ پارلیمانی سیاست کرنے والے سمجھوتہ باز اسلام آباد اسٹیبلشمنٹ کا آلہ کار بن چکے ہیں اور اب وہ لفاظی اور چکنی چپڑی تقریروں پریس اور الیکٹرانک میڈیا پر انٹرویو بیانات کے ذریعے سرکاری موقف کی حمایت کر کے نمک حلال کررہے ہیں جن کیلئے یہ مصرعہ برمحل ہے، دیتے ہیں دھوکہ یہ بازیگر ،،بی ایس او کی پوری تاریخ گواہ ہے کہ کراچی کے نوجوانوں اور سیاسی کارکنوں نے ہر مرحلے پر ان کے شانہ بشانہ جدوجہد کر کے بلوچستان کی مزاحمتی تحریک اور

بلوچ سیاست کو کامیاب بنانے میں ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا ہے لیکن صد افسوس کہ بی ایس او کے یہ لیڈر جب سیاسی پارٹیوں کا حصہ بنتے ہیں تو وہ بلوچستان اور بلوچ عوام کی خواہشات کے برعکس پارلیمانی سیاست اور سمجھوتہ بازی کا شکار ہوتے ہوئے اسٹیبلشمنٹ کے آلہ کار بن کر مزاحمتی تحریک اور حق خوداختیارات کی کھلم کھلا مخالفت کرتے ہیں اور آج بھی منافقت دھوکہ بازی کی سیاست کر کے عوام کو بھی گمراہ کرر ہے ہیں بلکہ گھمبیر صورتحال یہ ہے کہ مزاحمی تحریکوں کے شہیدوں کا سودا کرنے والے بلوچ نام تک کو پسند نہیں کرتے اور چودہ کروڑ پاکستانی عوام کی نمائندگی کا دعویٰ کر کے اپنے قومی تشخص تک کو بھلا بیٹھے ہیں اور سرکار کی دلالی میں اس حد تک بڑھ گئے ہیں کہ باقاعدہ مخبری کر کے تحریکی ساتھیوں کو گرفتار کرا رہے ہیں، ایسی صورتحال میں یہ کسطرح ممکن ہے کہ کراچی کے باشعور بلوچ ایسی پارٹیوں میں جا کر شامل ہوں جو اپنے نام کے ساتھ لفظ بلوچ تک کو لکھنا پسند نہ کرے یقیناً کراچی بلوچ رائٹس کمیٹی یہ سمجھتی ہے کہ قوم کی فلاح و بہبود کے پروگرام کو عملی شکل دینے کے لئے سیاسی پلیٹ فارم کی ضرورت ہے چونکہ کراچی کے بلوچ بلوچستان کے سمجھوتہ باز اور پارلیمانی سیاست کرنے والی کسی بھی پارٹی کے ساتھ ہم کاری کرنے کیلئے تیار نہیں لہذا الگ سے کوئی سیاسی پارٹی بنانے کی بجائے ہم نے وقت کی ضرورت کے مطابق حکمت عملی کے طور پر ایک نیم سیاسی پلیٹ فارم تشکیل دے کر کراچی کی سطح پر بلوچ قوم کی یکجہتی کا بیڑہ اٹھایا ہے کیونکہ ہمارے خیال میں قوم کو مزید انتشار ٹوٹ پھوٹ سمجھوتہ بازوں کی سیاست کا شکار ہونے سے بچانے کے لئے اتحاد و یکجہتی کرنے کا یہی راستہ رہ جاتا ہے، ہم امید کرتے ہیں ڈاکٹر مستوئی صاحب مزاحمتی تحریک کے شہیدوں سے ازسرنو رشتہ جوڑنے میں فخر محسوس کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کو اس کی اصل فکر اور منزل کی طرف لے جانے میں اپنا کردار ضرور ادا کریں گے جس دن نیشنل پارٹی پارلیمانی سیاست سمجھوتہ بازی کے جال سے نکل کر بنیادی منشور حق خوداختیارات کا علم اٹھا کر جدو جہد میں شریک ہو گی تو وہ کراچی کے بلوچوں کو اپنے شانہ بشانہ پائیں گے۔

☆☆☆

صورت خان مری

# کراچی، بلوچوں کی سیاسی حیثیت اور پریشانیاں

(کراچی کے بلوچوں نے اپنے حقوق کی جدوجہد کی خاطر ایک تنظیم ''کراچیاں بلوچ رائٹس کمیٹی'' تشکیل دی جس میں انہوں نے ایک بحث مباحثہ کی دعوت دی ہے۔ زیرنظر مضمون اس بحث ومباحثہ کی کڑی ہے)

سال ۲۰۰۳ کے اوائل میں کرچی کے ایک بلوچ ادارہ کے سالانہ اجلاس کے موقع پر ایک سیمینار کا بھی انعقاد کیا گیا تھا۔ موضوع ''بلوچ قومی حقوق'' اور تاریخ جدوجہد رکھا گیا تھا۔ پروگرام کی دونشستیں تھیں پہلی نشست سیمینار اور دوسرا ساز وموسیقی بنا بریں بلوچ ہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ خاص بات میر لال بخش رند، نسکندی صاحب اور دیگر سینئر ساتھیوں کی موجودگی اور نوجوان طلباء کی بوجوہ جارحانہ انداز اور شمولیت تھی۔ سیمینار کے مہمان خاص اور پرنسپل مقرر بوجوہ نہیں آتے۔ تو شاہد ''قبائلی'' رشتوں اور روایتوں اگر سردار اور نواب نہیں تو ''میر'' ہی ''کندھا'' دے۔ مہمان خاص اور پرنسپل مقرر کا اعزاز ہمیں ملا۔ چنانچہ سیمینار کے ابتداء ہی سے غالبًا ہماری تحریروں کی مناسبت سے تحریری طور پر سوالات بھیجے جانے لگے۔ زیادتر سوالات قومی تحریک اور پارلیمانی سیاست کے حوالے سے تھے۔ لہٰذا اپنی اصل پیشکش کو مختصر کرکے سوالات کی طرف آئے۔

ہمارا ہمیشہ موقف رہا۔ کہ بلوچ ہیٹروجینٹی میں جس روز ''بلوچ'' متعارف ہوا۔ اس اکائی کے تعارف ہونے کے بعد ایک قوم بنام بلوچ تشکیل پاگئی۔ آج دن تک دنیا بھر کے سکالر اور ماہرین اپنے اپنے عہد اور وقت کے علمی اور سیاسی تقاضوں کے ماتحت قوم، نیشنلزم اور قومی نجات کی متفقہ علمی تعریف (Define) کرنے سے قاصر رہے۔ البتہ اس امر پر اتفاق ہے کہ نیشنلزم اکھٹے رہنے کا ایک احساس ہے۔ ہمارا دوسرا موقف یہ رہا کہ جب ہم

بلوچ کو قوم تسلیم کر لیتے ہیں ۔ بلوچ سے قطع نظر اور لوگوں کو جب ایک قوم کی حیثیت سے تسلیم کیا جاتا ہے تو ان کی سیاسی تقسیم جائز نہیں بلوچ جہاں رہے گا بلوچ کہلائے گا تو بین الاقوامی قدروں کے لحاظ سے بلوچ ایک واحد یونٹی اور (Entity) کا حقدار ہے مفادات کی خاطر پاکستانی واحدانیت اور بلوچ سیاسی تقسیم ہر دو یکساں طور پر ہمارے نزدیک قابل مذمت ونفرین ہیں اپنے اس موقف کے دہرانے کے بعد ہم اصل سوال ''قومی نجات کی تحریک اور پارلیمانی سیاست'' کی وضاحت میں اپنے موقف کی طرف آتے ہیں ۔ ہمارے نزدیک اصل نکتہ ریاستی ڈھانچہ سے تعلق کی تعریف میں پنہاں ہے ۔ اگر موجودہ ریاستی ڈھانچہ اور جواز قابل قبول ہے ۔تو آج دن تک سیاسی نظم ونسق اور ریاستی انتظام چلانے کے لئے جمہوریت سے بہتر نظام متعارف نہین ہوا اور جمہوریت کی بنیادی عوامی رائے ووٹ الیکشن اور پارلیمان ہی ہے ۔ اور اگر بلوچ قوم نہیں قومی حق خودارادیت کا حق دار نہیں ۔تو یقیناً بلوچ ایک دیگر قوم کی شاخ قبیلہ یا جزو کی حیثیت رکھتا ہے تو اس کی سیاسی تقسیم کا فارمولا جائز ہے اگر قوم ایک وحدت ہے تو اس کی وحدت سیاسی تقسیم جائز نہیں اور نہ ہی اس کی حق خودارادیت بشمول علیحدگی کے حق کے قابل تقسیم ہے ۔ اور ایسے میں جہاں ریاستی ڈھانچہ یا جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ریاستی ڈھانچہ کا جواز چیلنج سے دوچار ہے ۔آج سے ایک دہائی یا زیادہ عرصہ قبل اپنے عوامی فلاح و بہبود کے تقاضوں کے پورا نہ کرنے پر چھوٹی قوموں مقامی لوگوں اور اقلیتوں کے حقوق کی بجا آوری میں ناکامی کے باوصف یورپی قومی ریاستیں اپنی جواز کے چیلنج سے دوچار ہوگئی تھیں تو عمرانی معاہدے کی رو سے بغاوت کو جواز حاصل ہوگیا تھا ۔ چنانچہ جہاں ریاستی ڈھانچہ قابل قبول نہیں یا وہ جواز کھو بیٹھتا ہے تو جہاں بغاوت کو جواز حاصل ہوتا ہے وہیں قومی نجات اور انقلاب کی راہیں ہموار ہوتی ہیں تو تحریک اور جدوجہد کثیر الجہتی قرار پاتی ہے ۔جس میں پارلیمان پروپیگنڈا ہتھیار اٹھانا (قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم کے پرچم تلے) اور دیگر تمام ذرائع کو جواز حاصل ہوتا ہے۔ البتہ تمام فیصلے قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم کے محتاج ہیں۔ جس میں پارلیمانی انتخابات کے فیصلے بھی شامل ہے۔ البتہ عمومی طور پر پارلیمانی انتخابات کے دو بنیادی مقاصد ہوتے ہیں۔ اول یہ کہ پارلیمان کے ذریعے اپنی بات قومی نجات اور انقلاب کا پروپیگنڈا اور یہ

ثابت کرنا کہ جو پارلیمان وجود رکھتا ہے۔ وہ قوم اور قومی بقاء کا ضامن نہیں اور نہ ہی احساسات وجذبات کا عکاس، چہ جائیکہ گوادر پروجیکٹ کے متفقہ قرار داد کو دو ہزار بلڈ وزگھنٹوں کے بدلے میں متفقہ قرار کے جواز کو چیلنج سے دو چار کرنا نہیں۔ جہاں پارلیمان کو قومی احساسات اور جذبات کے پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کیا جانا مقصود ہوتا ہے۔ اس کو پارلیمنٹ کو پارلیمنٹ کے برخلاف استعمال کرنا کہتے ہیں اس مقصد سے ہٹ کر دوسرا اہم مقصد قومی نجات اور انقلاب کی تحریک کے دوران اگر قومی سیاسی تنظیم انتخابات میں شمولیت کا فیصلہ کرتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ قومی سیاسی تنظیم کو کس قدر عوامی حمایت حاصل ہے۔ اور اس کا مقصد بھی اس عوامی حمایت کو پارلیمان کے خلاف استعمال کرنا ہوتا ہے یہ نہیں کہ جیسے موجودہ نیشنل پارٹی کے پیش روبی این ایم نے آنکھیں بند کر کے یہ فیصلہ کیا تھا کہ بائیس کی اکثریت کی حمایت میں حکومت سازی کے لئے جو بھی اٹھارہ ارکان اکٹھے کرے گا۔ ان کے چار ارکان ان کے پیچھے ہولیں گے اور حکومت میں شامل ہوں گے۔ اسی طرح بی این پی بیشک جام یوسف کو مجذوب کہے۔ یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ سردار صاحب نے پریس کو بتایا تھا کہ چاہے جو بھی بقیہ تعداد پورا کرے۔ ہم ان کے ساتھ مل کر حکومت بنائیں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انتخابات کا مقصد حکومت سازی میں بغیر شرط شرائط شامل ہونا ہے۔ آج تک تو سہ فریقی چار جماعتی مشترکہ اہداف یہی رہا ہے۔ اور اگر موجودہ پارلیمان سہ فریقی چار جماعتی مشترکہ اہداف یہی رہا ہے۔ اور اگر موجودہ پارلیمان سہ فریقی چار جماعتی مشترکہ اہداف کی طرف سے قابل قبول ہے یقیناً ان کی موجودگی قابل قبول کی نشاندہی کرتی ہے تو عوامی حمایت کا تناسب پوشیدہ نہیں۔ چنانچہ اس سیمینار میں ہمارا یہی موقف تھا۔ کہ آج بلوچ سیاسی جماعتوں کا مقصد اور اولیت حکومت سازی ہے۔ نہ کہ بلوچ قوم کی نجات یا انقلاب مطمع نظر ہے چنانچہ اس نکتہ پر آ کر ہم نے ۱۹۷۰ سے قبل جہاں انتخابی حلقے اور دلچسپاں صوبہ بلوچستان سے زیادہ تھیں تو سیاست کا گڑھ کراچی تھا کراچی سے ہی بلوچ نمائندگی کے دعوے تھے اس کے علاوہ اگر بلوچ قوم یا نیشنلزم کے دعوے تھے تو بھی مرکز اور گڑھ کراچی ہوتا تھا۔ کراچی کو بوجوہ تعلیمی سیاسی سرگرمیوں کے بموجب یہ فوقیت حاصل تھی کہ کراچی میں بلوچ نیشنلزم کے جذبے زیادہ مستحکم اور بلوچ وابستگی سنجیدہ اور ایماندارانہ تھی۔ چنانچہ قومی کاز

کے جتنے ''رضا کاروں'' کی قربانی کراچی نے دی ہے۔ اس کے مقابلے میں ان رضا کاروں کی قربانی کی قیمت آج کراچی کے ڈیفنس اور اعلیٰ محلات سے کراچی سے باہر رہنماؤں اور عوامی نمائندگی کے دعویداروں بشمول ہم لکھنے والوں سیاسی کارکنوں اور بلوچ لیڈروں نے وصول کی۔ چنانچہ جہاں سوال ''لیڈر شپ'' کی ناکامی کا اٹھایا گیا۔ تو ہم نے اپنا موقف بیان کیا۔ جس پر ایک طرف بیٹھے ''نوجوان'' نے بڑی تالیاں بجائیں۔ تو اگلے روز وہ فقرہ دلچسپ رپورٹ بھی ہوا تھا ہمارا موقف یہ تھا۔ کہ اصل حقیقت سیاسی تنظیم اور عوامی حمایت ہے۔ جہاں طلسماتی لیڈر شپ کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ہماری زبان سے اردو کی طلسماتی کی بجائے انگریزی کی کرشمیٹک نکلا۔ اور سمجھا یہ گیا کہ اگر تنظیم اور عوامی حمایت ہو تو 'کرشمہ' ہوگا۔ بہر حال جب بات لیڈر شپ کی آئی تھی تو ۱۹۷۰ کے بعد بلوچ نام نہاد لیڈر شپ کے انتخابات اور اقتدار اور ہوس کے لئے بے تابیوں اور سراسیمگی کو لے کر ہم نے کراچی کی بات چھیڑی اور وہاں موجود میر لال بخش رند، نسکندی صاحب، غیر موجود میر قادر بخش نظامانی میر جمعہ خان اور اکبر خان کی دیوانگیوں کی آگ میں جھلسنے والے کہاں وہاں موجود موسیقار استد ستار کی طرف اشارہ کر کے پہلے ہی ہم نے ان کی قدم بوسی میں انیس سو ساٹھ کی دہائی کے دوران کراچی کے ہی مر جاڑک' شفیع' ستار اور'' سندھ'' ہی کے مرید بلیدی کی دیوانگی کی یادیں تازہ کر چکے تھے۔ اس زمانے میں ریڈیو پاکستان ہر سال ایک سالانہ موسیقی کا پروگرام کرتا تھا۔ موسیقار اور فنکار کی اپنی بادشاہت ہوتی ہے۔ اس سے گزشتہ سال تھوڑی دیر کے لئے میر جاڑک نے کسی اردو فنکار کے بقول ان کے بے سری آواز سن کر یہ ضد کر ڈالی کہ وہ بلوچی کی بجائے اردو گا کر ثابت کرے گا کہ بلوچ اردو میں بھی سب سے اچھا گا لیتے ہیں ان سے اس وقت جان چھڑائی جب کوئی ایسا مصرع ڈھونڈ لاتے۔ جس میں لفظ 'خدا' بار بار آتے۔ اور جاڑک کے لئے یقیناً خدا کے تلفظ کی ادائیگی آسان نہ تھی اور بار بار وہ 'کھدا' ہی کہتے اور آخر تنگ آ کر خود ہی ہتھیار ڈال بیٹھے۔ وری گم ے بکنا' اور اس سال کرچی کے ان دیوانوں نے مرید بلیدی کو ساتھ ملایا اور ما بلوچوں ما بلوچوں، بلوچ' کی ریہرسل اپنے طور شروع کی۔ اور ضد یہ تھی کہ ابتداء کورس کی صورت میں اسی سے کریں گے اس وقت ترس اگر کسی کو آتا تھا۔ تو مجھ پر عطاء شاد پر یا فیض

محمد پر جو کسی ایسی ''بدعت'' میں شامل نہ تھے ۔ ایک دلچسپ سماں تھا ۔ ہم انہیں سنبھال کر اپنے اپنے گانے کی طرف لے جاتے ۔ اچانک ہارموٹیم پر یا پچلی آواز میں ان میں سے کوئی ''ما بلوچوں'' کی الاپ چھیڑتا اور پھر تمام دیوانے یک آواز ہوکر کورس شروع کرتے ''مابلوچوں' مابلوچوں' ما بلوچ ' (اے کہ روسی' غیر روسی ریجن کی تیز رفتار ترقی اور تشخص پر حسد کرتے تھے ۔ جہاں تک کراچی کے بلوچوں کا تعلق ہے ۔تو تاریخی طور پر دیکھا جائے تو ان کی آج کی اقلیت حیثیت ''مصنوعی'' طرز عمل کا نتیجہ ہے ۔ جیسے کہ ایران اور افغانستان میں شعوری طور پر بلوچوں کی ''ارض بلوچ'' میں کیا جارہا ہے ۔اسرائیل نے فلسطین میں کیا ہے جنوبی افریقہ میں سفید فام آبادی کی بنا پر مقامی طور پر وہاں ہو چکا ہے ۔ اور گوادر یا نام نہاد میگا پراجیکٹس سے یہی ایک حقیقی خطرہ ہے جس سے سندھ عملی طور پر دو صورتوں میں بھگت چکا ہے بھارت سے آنے والے غیر پنجابی مہاجروں کو پنجاب نے سندھ کی طرف دھکیلا جس نے آبادی کے توازن کو برباد کیا ۔ اور پھر بیراج اور نہریں نکال کر زمینیں غیر سندھی خاص کر فوجیوں کو الاٹ کی گئیں ۔ (ہنگول ڈیم میں یہی پروگرام کارفرما ہوگا ) البتہ آج کراچی خاص کر عام طور پر سندھ اور پنجاب میں آباد بلوچوں کی بابت فکر نہ کی گئی اور یہ بحث ومباحثہ نہ کیا گیا ۔کہ بلوچ اکثریتی طور پر جہاں جہاں آباد ہے ۔ یا بلوچ اقلیتی حیثیت میں جہاں جہاں رہ جائے گا ۔ ان کی حیثیت کا تعین کیسے اور کیونکر ہوگا ۔کوئی کرشمہ کوئی الہامی ودیعت سندھی بلوچ یا کراچی میں بلوچ بمقابلہ دیگر یا پنجاب میں بلوچ بمقابلہ پنجابی وغیرہ ''آفات'' کو بچا نہیں پائے گا ۔آج یہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے کہ حدود آرڈیننس کے پیچھے سعودی عرب اور پاکستانی حکمرانوں کی سازشیں تھیں ( چوہدری سردار محمد سابق آئی جی پنجاب ) اور دوسری یہ کہ پاکستان میں سنی اور شیعہ فسادات کے پیچھے پاکستانی حکمران اور ایران یکساں ملوث ہیں ۔ البتہ جب جنگ میں یہ فسادات اٹھ کھڑے ہوئے تھے تو کئی انگلیاں ان کے پس پشت بلوچ کشی کی بابت اٹھتی رہیں ۔

جہاں تک کراچی کے بلوچوں کے استحصال اور قومی حقوق کا تعلق ہے ہم سمجھتے ہیں ان کی حیثیت قومی اقلیت سے جدا گانہ مقامی لوگوں Indus non peoples کی ہے ۔ہمیں بین الاقوامی سطح پر مقامی لوگوں کے حقوق کے زمرے میں کراچی کے بلوچوں کے حقوق کی

بابت غور کرنا ہوگا۔ ہم بلوچ قومی حقوق کو لے کر متعدد بار یہ دہرا رہے ہیں کہ ۱۹۸۰ کی دہائی میں یورپ کی قومی ریاست اپنی جواز یعنی ریاستی قومی شہریوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے چیلنج سے دوچار ہوئی تھی ۔ خاص کر قومی اقلیتوں اور مقامی لوگوں کے حقوق کے بارے میں مقامی لوگ ( جو اکثریتی قوموں سے تعلق رکھتے تھے اور نہ ہی اقلیتی قوموں کے زمرے میں آتے تھے ان کی حیثیت بعینہ کراچی کے بلوچوں سے قریب ترین تھی ) تفصیل ہمارے مضمون قوم قومیت ،قومی نجات اور قومی ریاست میں دیکھیئے ۔

چنانچہ ۱۹۸۰ سے اگلے دس پندرہ سالوں تک پورے یورپ میں سیاسی ادارے ماہرین اور سکالر یورپی قومی ریاستوں کے جواز کے چیلنج پر بحث و مباحثہ کرتے رہے دنیا بھر سے اسکالروں کے سیمینار ہوتے رہے کتابیں لکھی گئیں یہاں تک تقریباً دنیا بھر کے پانچ سو کے قریب این جی اوز کے تیرہ چودہ سو سکالر اکھٹے ہوئے اور کئی دنوں تک قوم قومی ریاست ، قومی اقلیت اور مقای لوگوں کے حقق کی بابت بحث و مباحثہ ہوتا رہا اور آخری اجلاسوں میں سیمینار اور آخری اجلاسوں میں سیمینار کے اعلامیہ کا اعلان ہوا۔ اس تمام سرگرمیوں میں اہم تر انیس سو نوے کی دہائی میں اقوام متحدہ کے چارٹر میں قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کے بارے میں اہم تبدیلیاں اور اندراج ہیں۔ جس میں قوم، قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کو یکساں حقوق کا حقدار ٹھہرایا گیا۔ یعنی ان کی حق خودارادیت، دوسری طرف عملی طور پر قومی اقلیت، منقسم قوموں اور مقامی لوگوں کے حقوق کے بارے میں ہمارے سامے تین طرح کی مثالیں ہیں۔ اول یہ کہ کسی آزاد خود مختار ''قومی ریاست'' علاقے، ریجن کی تشکیل میں قوموں، قومی ثقافتی اقلیتوں اور مقامی لوگوں کے تمام حقوق کے تحفظ کی ضمانتیں اور عملی خود مختاری اور حاکمیت، تیسری انیس سو اسی اور نوے کی دہائی میں یورپ میں جہاں قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کو برابر کے حقوق دیئے گئے وہاں منقسم قوموں کے حقوق کی ضمانت مشترک پارلیمنٹ اور منقسم اقتدار اعلیٰ کے تصور اور اصولوں کے تحت وہ ضمانت فراہم کی گئی۔ یعنی جو قومیں مختلف ممالک میں تقسیم ہیں۔ اور بوجوہ ان ممالک کی قومی تقسیم بھی ممکن نہیں۔ چنانچہ ایسے میں ان مختلف ممالک میں منقسم قوموں کے قومی یونٹ بنا کر ان کی حاکمیت ایک مشترک پارلیمنٹ کے تحت کی گئی ۔ جہاں تمام وسائل اکٹھے کیئے جاتے ہیں اور وہی پارلیمنٹ اس

مخصوص قوم کے حاکمیت کا اظہار ہے۔ ایسے منقسم لوگ دہری شہریت رکھتے ہیں جہاں وہ آزادانہ آجاسکتے ہیں بلکہ اس قومی یونٹ میں یکساں حقوق و فرائض کے مالک ہوسکتے ہیں۔

اب جہاں کراچی کے بلوچوں کا مسئلہ ہے وہ بنیادی طور پر کراچی کے اصل باشندے ہیں اور واحد مالک اور اکثریتی قوم بھی تھے۔ آج بھی ایک کروڑ بیس لاکھ کی آبادی میں وہ تیس سے چالیس لاکھ آبادی بالالفاظ دیگر کل آبادی کی ایک تہائی یا ایک چوتھائی کے حقدار ہیں۔ مگر وہ پاکستانی عمومی پالیسیوں کے ماتحت بدترین استحصال کا شکار ہیں۔ بنیادی طور پر کراچی کے بلوچ، پاکستان کے بلوچ یا تمام بلوچ جو کسی بھی مملکت میں رہتے ہیں جب تک ان کے مسائل کو اکٹھے کر کے بلوچ کل یا ٹوٹلیٹی میں نہ دیکھا جائے۔ ہم نہیں سمجھتے کہ الگ الگ کر کے کراچی کے بلوچ، سندھ کے بلوچ، پنجاب کے بلوچ، بلوچستان کے بلوچ یا ایران اور افغانستان کے بلوچوں کے مسائل کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ الگ الگ ٹکڑوں میں سمجھوتے اور سودا بازیوں کی راہیں اس بنا پر نکالی جاسکتی ہیں کیونکہ بلوچ مصنوعی رقباتیاتی ریاستوں میں بنا ہوا ہے۔ اور ان رقباتی ریاستوں میں مزید انتظامی تقسیم کا شکار ہے۔ مزید المیہ ہے کہ ریاستیں چونکہ قومی ریاستیں یا کسی رضا کارانہ عمرانی معاہدہ کے تحت کثیر القومی فیڈریشن یا کنفیڈریشن جیس امریکہ، جرمنی، سوئٹزر لینڈ وغیرہ کی مانند نہیں بلکہ اپنی اصل میں اندرونی یا نیو کالونیلزم کے تحت زندگی بسر کررہے ہیں اس لئے ان رقباتی۔ مملکتوں میں بلوچ کے بارے میں قطع نظر قومی برابری کا تصور، بلکہ کوئی نرم گوشہ بھی نہیں۔ ایسے میں بلوچ کی اکائی اور یک جہتی کو علاقائی تقسیم کے بعد مقامی طور پر کسی حقوق کا حصول کم از کم رقباتی مملکتوں میں ممکن تاریخی طور پر تو نہیں ہوا۔ مفادات کے پاکستانی سیاست اور بلوچ راجواڑوں کی خواہش کے جدوجہد میں ممکن ہونا ہمیں نہیں لگتا۔ یورپی قومی ریاستوں نہ صرف یہ کہ عملی طور پر ایک سول سوسائٹی اور مہذب معاشرہ میں رہتے جہاں قومی اقلیتوں اور مقامی لوگوں کے مسائل کا حل نکالا۔ وہیں ریاستی جواز کے نظریہ کے تحت اگر ریاست کا جواز چیلنج سے دوچار ہو۔ تو بغاوت کے جواز کو آئینی اور قانونی تحفظ دی۔ اسی طرح سابق سوویت یونین نے قومی ریاست یا یونٹوں کے علیحدگی کا آئینی حق محفوظ ہے۔

جہاں بلوچ قومی اکائی اور یک جہتی انیس سو ساٹھ کی دہائی کی سیاسی سرگرمیوں کے اور

حکومتی معاہدہ کے نتیجے میں قبائلی احساس اور تقسیم کا شکار کی تھی وہیں انیس سوستر کی فوجی کارروائیوں نے بلوچ کو احساس شکست اور اخلاقی انہدام سے دوچار کیا تو ان دونوں کے ساتھ ساتھ بلوچ خاص کر کراچی کے بلوچوں کو ۱۹۷۰ کے صوبہ بلوچستان کی تشکیل 'ووٹ' الیکشن کے احساس تلے انہیں نظر انداز کرنے' اور بلوچ من حیث القوم یا مین اسٹریم سے جداگانہ حیثیت نے دکھ اور سیاسی شاک وسراسیمگی اور صدمہ سے دوچار کیا۔ جہاں ہم انیس سو اسی کی دہائی کے آخری سالوں میں اسی سیاسی سراسیمگیوں اور پرشانیوں سے نکل کر اپنا اظہار چاہ رہے تھے (ہم اردو میں کیوں لکھتے ہیں) ہمارے اندازے کے مطابق دیگر بلوچوں کی پریشانیاں صوبہ بلوچستان کے بلوچوں سے کئی گنا زیادہ تھی البتہ تمام بلوچ بشمول کراچی اور صوبہ بلوچستان بکھرتے اور تقسیم در تقسیم کا شکار ہوتے جہاں اب صوبہ بلوچستان میں ایک بلوچ مشترک پلیٹ فارم کا احساس بڑھ رہا ہے۔ وہاں کراچی کے بلوچوں کی تنظیم کاری کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ چنانچہ ۱۴ مارچ ۲۰۰۴ کو انہوں نے باقاعدہ تنظیم کاری کی ابتداء کرکے اپنا پروگرام جاری کیا۔ جو ایک مشترک بلوچ قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم کے تناظر ہی میں لینا چاہیئے۔

اقوام متحدہ کے چارٹر میں قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کے بارے میں اہم تبدیلیاں اور اندراج ہیں۔ جس میں قوم، قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کو یکساں حقوق کا حقدار ٹھہرایا گیا۔ یعنی ان کی حق خودارادیت، دوسری طرف عملی طور پر قومی اقلیت، منقسم قوموں اور مقامی لوگوں کے حقوق کے بارے میں ہمارے سامنے تین طرح کی مثالیں ہیں۔ اول یہ کہ کسی آزاد خودمختار ''قومی ریاست'' میں تمام شہریوں کے برابر کے حقوق کی آئینی ضمانت، دوسری مثال سابق سوویت یونین کی خود مختار ریاست، علاقے، ریجن کی تشکیل میں قوموں، قومی ثقافتی اقلیتوں اور مقامی لوگوں کے تمام حقوق کے تحفظ کی ضمانتیں اور عملی خود مختاری اور حاکمیت، تیسری انیس سو اسی اور نوے کی دہائی میں یورپ میں جہاں قومی اقلیت اور مقامی لوگوں کو برابر کے حقوق دیئے گئے وہاں منقسم قوموں کے حقوق ہی ضمانت مشترک پارلیمنٹ اور منقسم اقتدار اعلیٰ کے تصور اور اصولوں کے تحت وہ ضمانت فراہم کی گئی۔ یعنی جو قومیں مختلف ممالک میں منقسم ہیں۔ اور بوجوہ ان ممالک کی قومی تقسیم بھی ممکن نہیں۔

چنانچہ ایسے میں ان مختلف ممالک میں منقسم قوموں کے قومی یونٹ بنا کر ان کی حاکمیت ایک مشترک پارلیمنٹ کے تحت کی گئی۔ جہاں تمام وسائل اکٹھے کئے جاتے ہیں اور وہی پارلیمنٹ اس مخصوص قوم کے حاکمیت کا اظہار ہے۔ ایسے منقسم لوگ دہری شہریت رکھتے ہیں جہاں وہ آزادانہ آسکتے ہیں بلکہ اس قومی یونٹ میں یکساں حقوق وفرائض کے مالک ہوسکتے ہیں۔

اب جہاں کراچی کے بلوچوں کا مسئلہ ہے وہ بنیادی طور پر کراچی کے اصل باشندے ہیں اور واحد مالک اور اکثریتی قوم بھی تھے۔ آج بھی ایک کروڑ بیس لاکھ کی آبادی میں وہ تیس سے چالیس لاکھ آبادی با الفاظ دیگر کل آبادی کی ایک تہائی یا ایک چوتھائی کے حقدار ہیں۔ مگر وہ پاکستانی عمومی پالیسیوں کے ماتحت بدترین استحصال کا شکار ہیں۔ بنیادی طور پر کراچی کے بلوچ، پاکستان کے بلوچ یا تمام بلوچ جو کسی بھی مملکت میں رہتے ہیں جب تک ان کے مسائل کو اکٹھے کرکے بلوچ کل یا ٹوٹلیٹی میں نہ دیکھا جائے۔ ہم نہیں سمجھتے کہ الگ الگ کرکے کراچی کے بلوچ، سندھ کے بلوچ، پنجاب کے بلوچ، بلوچستان کے بلوچ یا ایران اور افغانستان کے بلوچوں کے مسائل کا حل تلاش کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ الگ الگ ٹکڑوں میں سمجھوتے اور سودا بازیوں کی راہیں اس بنا پر نکالی جاسکتی ہیں کیونکہ بلوچ مصنوعی رقابا تیاتی ریاستوں میں بٹا ہوا ہے۔ اور ان رقباتی ریاستوں میں مزید انتظامی تقسیم کا شکار ہے۔ مزید المیہ یہ ہے کہ ریاستیں چونکہ قومی ریاستیں یا کسی رضا کارانہ عمرانی معاہدہ کے تحت کثیر القومی فیڈریشن یا کنفیڈریشن جیسے امریکہ، جرمنی، سوئٹزر لینڈ وغیرہ کی مانند نہیں۔ بلکہ اپنی اصل میں اندرونی یا نیو کالونیلزم کے تحت زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لئے ان رقباتی مملکتوں میں بلوچ کے بارے میں قطع نظر قومی برابری کا تصور، بلکہ کوئی نرم گوشہ بھی نہیں۔ ایسے میں بلوچ کی اکائی اور یک جہتی کو علاقائی تقسیم کے بعد مقامی طور پر کسی حقوق کا حصول کم ازکم رقباتی مملکتوں میں ممکن تاریخی طور پر تو نہیں ہوا۔ مفادات کے پاکستانی سیاست اور بلوچ راجواڑوں کی خواہش کے جدوجہد میں ممکن ہونا ہمیں نہیں لگتا۔ یورپی قومی ریاستوں نے نہ صرف یہ کہ عملی طور پر ایک سول سوسائٹی اور مہذب معاشرہ میں رہتے جہاں قومی اقلیتوں اور مقامی لوگوں کے مسائل کا حل نکالا۔ وہیں ریاستی جواز کے نظریہ کے تحت اگر

ریاست کا جواز چیلنج سے دو چار ہو۔ تو بغاوت کے جواز کو آئینی اور قانونی تحفظ دی۔ اسی طرح سابق سوویت یونین نے قومی ریاست یا یونٹوں کے علیحدگی کے حق کو تسلیم کیا امریکہ میں جہاں ریاستوں کے آئین ہیں براہ راست اقوام متحدہ کے رکن، تو عوامی خواہشات کے جواز کے ساتھ ساتھ ریفرنڈم کی گنجائش بھی ہے اور اگر ریفرنڈم کامیاب ہوجائے تو امریکی ریاست کو علیحدگی کا آئینی حق محفوظ ہے۔

جہاں بلوچ قومی اکائی اور یک جہتی انیس سوساٹھ کی دہائی کی سیاسی سرگرمیوں کے اور حکومتی معاہدہ کے نتیجے میں قبائلی احساس او تقسیم کا شکار کی تھی وہیں انیس سوستر کی فوجی کاروائیوں نے بلوچ کو احساس شکست اور اخلاقی انہدام سے دو چار کیا۔ تو ان دونوں کے ساتھ ساتھ بلوچ خاص کر کراچی کے بلوچوں کو 1970ء کے صوبہ بلوچستان کی تشکیل، ووٹ، الیکشن کے احساس تلے انہیں نظر انداز کرنے، اور بلوچ من حیث القوم یا Main Streem سے جداگانہ حیثیت نے دکھ اور سیاسی شاک و سراسیمگی اور صدمہ سے دو چار کیا۔ جہاں ہم انیس سو اسی کی دہائی کے آخری سالوں میں اس سیاسی سراسیمگیوں اور پریشانیوں سے نکل کر اپنا اظہار چاہ رہے تھے (ہم اردو میں کیوں لکھتے ہیں) ہمارے اندازے کے مطابق دیگر بلوچوں کی پریشانیاں صوبۂ بلوچستان کے بلوچوں سے کئی گنا زیادہ تھی۔ البتہ تمام بلوچ بشمول کراچی اور صوبہ بلوچستان بکھرتے اور تقسیم در تقسیم کا شکار ہوتے۔ جہاں اب صوبہ بلوچستان میں ایک بلوچ مشترک پلیٹ فارم کا احساس بڑھ رہا ہے۔ وہاں کراچی کے بلوچوں کی تنظیم کاری کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ چنانچہ 14 مارچ 2004ء کو انہوں نے باقاعدہ تنظیم کاری کی ابتداء کر کے اپنا پروگرام جاری کیا۔ جو ایک مشترک بلوچ قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم کی طرف یقیناً ایک مثبت قدم ہے۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ کراچی کے بلوچوں کی اس تنظیم ''کراچیاں بلوچ رائٹس کمیٹی'' کو انہی یعنی بلوچ قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم کے تناظر ہی میں لینا چاہیئے۔ اس میں شک نہیں کہ جو پروگرام شائع کر کے تقسیم کیا گیا ہے۔ اس میں اصلاحی اور فلاحی سرگرمیوں Reform and welfare کا پروگرام دیا گیا ہے اور اگر قومی نجات اور انقلاب کے عمومی تحریکوں پر نظر ڈالی جائے تو ان تحریکوں کی ابتداء جہاں عوامی حمایت کے حصول سے شروع ہوتی ہے۔ تو عوامی حمایت کی خاطر عوامی

فلاح کے کاموں کے انجام دہی سے صرف نظر اور نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ہاں البتہ اولیت اور مقصد صرف نالیاں بنانا نہیں ہوتا۔ (ماؤزے تنگ ،فینن اور حماس) اور اگر تحریک کے ساتھ ساتھ فلاح کو نظر انداز کیا گیا۔ بلوچ عوام 60 فیصد غربت کے نشان سے نیچے زندگی بسر کرے۔عوامی نمائندگی کے رہنماء آسودگی پر خوشحالی اور امارت کی طرف تیزی سے گامزن ہوں گے۔تو بلوچ قومی تحریک کی پسپائی اور سکڑنے کو کوئی نہیں روک سکتا۔ چنانچہ کراچیاں بلوچ رائٹس کمیٹی کا مجوزہ فلاحی پروگرام کو وسیع بلوچ قومی سیاسی تنظیم کے مقامی برانچ کی حیثیت میں ہونا چاہیئے اور جب بلوچ قومی سیاسی تنظیم وجود میں لائی جائے گی۔تو ان کا ایک واضح اور آئینے کی طرح صاف قومی پروگرام ہونا چاہیئے۔ بلوچ جہاں متصل اکثریتی حیثیت میں ہیں۔ جہاں بلوچ قومی مسئلہ کے مختلف عملی حل ممکن ہیں۔ وہاں نہ صرف یہ کہ جن علاقوں میں بلوچ اقلیت میں رہ جائیں گے یا بلوچ اکثریتی حیثیت میں غیر بلوچ اقلیت ہوگی۔ ان کے برابر کے حقوق کی ضمانتیں ہوں گی۔ وہاں کراچی کے بلوچوں کی ایک مخصوص یونٹ جیسے کہ سوویت یونین میں مقامی لوگوں کی خوداختیاری کی عملی صورت تھی۔ یا رومانویت کی ابتدائی سطح پر یہ بھی ناممکن نہیں کہ کراچی کے متصل بلوچ اکثریتی علاقوں کو یورپی طرز پر مشترک پارلیمان اور علاقائی سلامتی کے نظریہ کے تحت بلوچ تشخص کے ساتھ جوڑا جائے۔ ہمارے نزدیک اہمیت کی حامل ایک قومی عوامی حمایت کی سیاسی تنظیم ہے۔ یہی تنظیم بلوچ کے تمام چھوٹے بڑے مسائل کی نگران ہوگی اور بلوچ کے تشخص اور اجتماعی ضمانتوں کی ذمہ دار۔ کیونکہ ہمارے نزدیک رضا کار ایک منزل کی طرف ایک حد تک تو دوڑ سکتا ہے۔مگر جب وہ رضا کار تھک جائے گا۔تو دوسرے کو پھر نئے سرے سے ابتداء کرنی پڑے گی۔آج کی دنیا میں ہمیں رضا کاروں کے قتل رحم دلی کی نہیں۔ بلکہ قومی سطح پر مل کر ایک اکائی کی ضرورت ہے۔جس میں ماضی کی طرح کراچی کے بلوچ ایک اہم کردار رکھتے ہوں۔

☆☆☆

☆☆☆

ستار سیلانی

# کبھی کراچی کے بلوچ لازم وملزوم تھے

ہم جب بلوچ قوم کے بارے میں قلم اٹھاتے ہین تو ہمارے مخاطب صرف سر زمین بلوچ کے رہنے والے ہی نہیں ہوتے بلکہ جہاں جہاں بلوچ قوم کسی بھی زبان و مذہب سے متعلق ہے سب ہمارے دائرہ خیال میں ہے اب ہماری آواز کہاں تک پہنچتی ہے اس کا انداہ نہیں ہے کیونکہ یہ تو الیکٹرانک اور سیٹلائٹ کا دور ہے ۔گلوبلائزیشن نے پوری دنیا کو سیکٹر کر ایک محلہ بنادیا ہے جہاں انٹرنیٹ کی سہولیات میسر ہیں وہاں تک تو ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں حصہ دار بنا جاسکتا ہے ۔ یہاں ایک بات تو طے ہے کہ بلوچ جہاں بھی ہے جیسے بھی ہے استحصالی حربوں کا شکار ضرور ہے روس ، چین ، افغانستان ایران ، عراق ، ترکی ، روسی ریاستوں میں پنجاب وسندھ ہندوستان جہاں جہاں بھی آباد ہے یہ اس کی فطرت ہے کہ اسی سرزمین کے ساتھ وفادار ضرور ہے پنجاب میں اس وقت تقریباً ڈیڑھ کروڑ بلوچ آباد ہیں لیکن اکثریت نے پنجابی زبان ثقافت ،تہذیب وتمدن رسم و رواج تک پنالیا ہے سندھ کے اندرونی حصوں میں سندھی زبان ، ثقافت ،تہذیب وتمدن رسم و رواج تک اپنا کرخودکوسندھ سے مکمل ہم آہنگ کیا ہے ۔آج بھی سندھ ، پنجاب ، افغان ، ایران ، روس ، چین اور خلیج کی ریاستوں میں دوسروں قوموں سے زیادہ وطن اور سرزمین کے ساتھ وفادار ہے یہ ایک حالات کی ستم ظریفی ہے کہ اسے وطن دشمن یا ملک دشمن صرف پاکستان میں سمجھا جاتا ہے پوری دنیا میں جہاں بھی بلوچ قوم رہ رہی ہے وہاں کم ازکم اسے ملک دشمن آج تک نہیں کہا گیا ؟ یہ تو سب سے بڑا سرٹیفکیٹ ہے بلوچ قوم کے لئے اس کی وفاداری کیلئے محب وطن رہے گا پھراس ملک میں کیوں اسے غدار سمجھا جاتا ہے؟ اس کیوں کا جواب تلاش کرنا مقتدر قوتوں کا کام ہے جنہوں نے کبھی بلوچ تاریخ کا مطالعہ نہیں کیا ہے ۔ ۱۷۲۵ میں ایرانی

بلوچستان اور پاکستانی بلوچستان سے مختلف قبائلی گروہوں کی صورت میں بلوچ نقل مکانی
کر کے کراچی اور آسام (ہندوستان) میں تلاش معاش کیلئے نکلتے ہیں اس وقت ممبئی کے بعد
اس خطہ میں کراچی (دیبل) کے نام سے ایک چھوٹی سی بندرگاہ ہوتی ہے بلوچ قوم چونکہ
محنتی جفاکش مخلصی اور ایمانداری جیسی خصوصیات سے مالامال ہے اس لئے کراچی کو اپنی محنت
کے پسینہ سے ایک جدید روشنیوں کا شہر بنانے تک صدیوں کا تکلیف وہ سفر طے کرتے ہوء
خود کو کراچی سے لازم وملزوم کر دیا یہ سب کچھ نہ ہی دنوں میں ہوا ہے اور نہ ہی سالوں پر
محیط ہے یہاں تو صدیوں پر محیط ایک ایسا لازوال ساتھ ہے کہ بلوچ قوم نے اپنے اپنے
مادر وطن مشرقی و مغربی بلوچستان تک کو بھلا دیا اور کراچی کا فرزند بننے پر فخر کرتے رہے۔
اپنے صدیوں پر محیط ملاپ اور محبت کو یہ شکل دی کہ پچاس سال اگر ہم تاریخ کے ماضی ک
سفر کریں تو زندگی کے تمام شعبوں پر بلوچ قوم کے نام کو ایک درخشاں ستارے کی مانند چمکتے
ہوئے دیکھیں گے اس نصف صدی میں بلوچ قوم پر سلسلہ وار معاشی استحصال کا ایک ای
دور شروع کیا گیا کہ آج بلوچ قوم کراچی میں اپنے مستقبل کو تاریک دیکھ رہی ہے۔ ایک
بات جو ہم ہمیشہ اپنے قارئین سے کہتے آ رہے ہیں کہ ہم اپنی نوجوان نسل سے مایوس نہیر
ہیں جیسے رابندر ناتھ ٹیگور کہتے ہیں کہ ہر پیدا ہونے والا بچہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ خ
وند تعالیٰ ابھی اپنے بندوں انسانی سے مایوس نہیں ہوا ویسے بھی جب تک بلوچ کے گھر میر
بچہ پیدا ہوتا رہے گا تب تک یہی امید قائم رہے گی کہ اس قوم کے کبھی نہ کبھی دن ضرور بدلیر
گے ہمیں بے حد خوشی ملی اس دن جب چونتیس سال بعد ہی سہی کراچی میں نوجوانوں ۔
ہمت کر کے اپنی تاریخی سیاسی بیداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی ۔
وجود کو قائم کیا اور مجھ جیسے ناچیز کو اس قومی خدمت کا موقع دیا۔ آج ہماری خوشی کی انتہا نہ
جب ہم نے روزنامہ آساپ ۲۹ اگست کے آڈیٹوریل صفحہ پر اپنے کسی محترم بھائی یو
وہاب بلوچ کا کالم آئینہ وعکس میں جدید اور قدیم بلوچ مزحمتی تحریک میں کراچی کے بلوچ
کا حصہ کو دیکھا ہمیں خوشی ہے کہ محترم بھائی نے کراچی کی سیاسی صورت حال اور بلوچ ن
پرست جماعتوں جن کی منزل و مراد صوبائی اسمبلی تک رہی ہے وہ تاریخی تلخ حقائق ہیں جر
بلوچ قوم کو ادراک ہے۔ بلوچستان کے قوم پرستوں کو دن یونٹ ایوبی آمریت کے خلا

اگر سٹریٹ پاور کے طور پر دنیا سیاست میں شناخت ملی ہے تو اس میں کراچی کے بلوچوں کا ستر فیصد ہاتھ ہے اور چونتیس سالوں کی بے یار و مدد گار قوم نے آخر یہ ثابت کردیا کہ صبح کا بھولا شام کو گھر آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے ہم اکثر ایسا تاریخی حوالہ دیتے ہیں کہ سیاسی صحافتی میدان میں کراچی کے بلوچ بلوچستان کے بلوچوں کے استاد رہے ہیں آج اگر کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی ایک تنظیم ہے کل ضرور اس کے بطن سے کراچی کے بلوچوں کی قومی جماعت ضرور جنم لے گی اگر اسی طرح جیسے واجہ یوسف وہاب بلوچ نے کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی پر قلم اٹھایا اس سلسلہ کو رکنا نہین چاہئے تاکہ ہمارے کراچی کی نوجوان نسل سے مستقبل کی راہیں تلاش کرنے میں پھر کہیں غلط فہمی سے دھوکہ نہ ہوجائے نصف صدی تو قوموں کی زندگی میں کل کی بات ہے کراچی کی سرزمین سے پیدا ہونے والے نیلسن منڈیلا کی ایک دھندلی سی تصویر ہمیں مستقبل کے آئینے مین نظر آرہی ہے وہ مسیحا اسی مٹی سے اٹھے گا اور کراچی کے چالیس لاکھ بلوچوں کی تقدیر بدل دے گا

اس وقت کو دیکھنے کیلئے ہم شاید ہوں یا نہ ہوں اس خواب کو تعبیر ضرور ملے گی۔ کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی بنانے والے دوستوں سے امید رکھتے ہیں کہ جلد بازی جوش ہوش پر غالب آجاتی ہے بلوچستان کی قوم پرست سیست کا سنجیدگی سے مطلعہ کریں کیونکہ کراچی میں ہم نے خود کئی سال قبل ''سابقہ اور ''بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل'' کے دفاتر جگہ جگہ قائم دیکھے ہین لیکن بلوچوں کی سیاسی حالت برے یا معاشی بدحالی کی طرف کسی نے دیکھنے اور سوچنے اور کراچی میں بلوچ قوم کے ماضی کی طرف دیکھنے کی تکلیف تک گوارہ نہیں کی ہے۔ ورنہ جس طرح کراچی کے چالیس لاکھ بلوچوں مین سے یقیناً تیس لاکھ لیاری میں رہتے ہیں اور پیپلز پارٹی جسے آج تک لیاری سے دوسری کوئی بھی جماعت خواہ مسلم لیگ نواز ہی کیوں نہ ہوتوڑنے میں ناکام رہی ہے ۲۰۰۲ء کے عام انتخابات میں بلوچ اتحاد سندھ ڈموکریٹک الائنس سے اتحاد کرنے کے باوجود ایک بھی نشست صوبہ کی حد تک حاصل کرنے میں بری طرح ناکام رہی ہے یہ تھی بلوچ قوم کی کراچی لیاری میں پیپلزپارٹی سے وفاداری کی زندہ مثال۔

دوسری طرف اگر ہم ایمانداری سے پیپلز پارٹی کے تین ادوار کو، جب پارٹی مرکزی

اقتدار میں رہی، دیکھیں ، تو لیاری آج بھی ظاہری حالت میں سیوریج ، سڑک ، پانی تعلیم صحت روزگار کاروبار حتیٰ کہ زندگی کے کسی شعبہ میں دیکھیں تو ۱۹۷۰ سے پہلے کی حالت سے بھی بدتر حالت میں ہے لیاری میں نل کے پانی سے آج بھی گٹر کے پانی کا ذائقہ ملتا جلتا محسوس ہوتا ہے اگر لیاری کے نلکوں کے پانی کو لیبارٹری ٹیسٹ کرایا جائے تو حیرت ہوگی کہ اس پانی کو پینے والے زندہ کیسے ہیں ۔ کراچی کی بیوروکریسی میں ایک بھی بلوچ نظر نہیں آئے گا ایم این اے اور ایم پی ایز ملیں گے مگر نام نہاد ایک بھی بلوچ قوم پرست نہیں ملے گا حکومت اور مقتدر قوتیں کہتی ہیں کہ بلوچستان میں بلوچ قومی ترقی میں سردار رکاوٹ ہیں جائے حیرت ہے کہ کراچی میں نہ سردار ہے اور نہ ہی کراچی کے بلوچ ہماری طرح قبائلی بندھن میں بندھے نظر آتے ہیں پھر ان کی ترقی میں کون رکاوٹ ہے ان کی ترقی اور خوشحالی کو بلوچستان کے قوم پرستوں کے لئے اگر نمونہ بنایا ہوتا تو بھی درست ہوتا لیکن افسوس کہ وہاں تو کچھ بھی نہیں کیا گیا اب اگر کل کراچی کے بلوچ سیاسی طور پر اپنا حق مانگنے لگیں تو کیا ان کو بھی غدار اور ملک دشمن کہا جائے گا حکمران اور مقتدر قوتوں کو نوشتہ دیوار پڑھ لینا چاہیے بجائے اس کے کہ بہت دیر ہو جائے ۔

☆☆☆

ایک سچا انقلاب قبل از انقلاب کی غیر انسانی صورت کو تبدیل کرنے کی کوشش کرتا ہے چنانچہ یہ غیر انسانی صورت حال جن طبقات کے مفادات کو تقویت پہنچاتی ہے ۔ وہ اسکو بدلنے پر بھی عمل پیرا نہیں ہو سکتے اس لئے منطقی ، فطری اور لازمی طور پر صرف مظلوم اور ان کے سچے رہنما ہی اس تبدیلی کو ممکن بنا سکتے ہیں نتیجتاً لیڈران کو عوام کی رفاقت اور اتحاد کے ذریعے اس سچائی کا مجسمہ بننا چاہیے اتحاد اور افاقت کے اس فضا میں لیڈر اور عوام دونوں مشترکہ طور پر نشوونما پاتے ہیں اور رہنما بجائے خود مسلط ہونے کے اپنے اور عوام کے مستقد عمل پراکسیس میں مقرر ہوتے ہیں اور جائز قرار پاتے ہیں۔

ستار بلوچ سیلانی

# کراچی کے بلوچوں کا سیاسی عروج و زوال

جب ہم کسی قوم کے معاشی معاشرتی سماجی ثقافتی حالات پر غور کرنے لگتے ہیں تو سب سے پہلے ہمیں اس کے سیاسی حالات کا جائزہ لینا پڑتا ہے کراچی میں بلوچوں کے سیاسی عروج و زوال کے بارے میں ہمیں کراچی سے بلوچوں کی نئی قائم نیم سیاسی تنظیم ''کراچین بلوچ رائٹس کمیٹی'' جس کا قیام چودہ مارچ کو چند بزرگوں اور نوجوانوں کی انتھک محنت کے بعد ممکن ہوا ہے۔

کراچی شہر اور بلوچ قوم لازم و ملزوم ہیں کراچی کا ذکر آئے اور بلوچ کی بات نہ ہو یا بلوچ قوم کی بات ہو تو کراچی کے بغیر بات نامکمل رہتی ہے کیونکہ تقریباً 1725ء میں موجودہ کراچی ایک قصبہ اور چھوٹی سی بندرگاہ کہہ لیں بلوچ قوم نے جب سرزمین کراچی پر قدم رکھا کس کی مجال کہ اس سرزمین کو ترقی کے عمل سے روک سکتا محنت کش کاروباری قوم جب کسی دھرتی پر قدم رکھ لیتی ہے تو دھرتی کا سینہ چیر کر اپنے لئے روزی تلاش کرتی ہے چاہئے سامنے سمندر کیوں نہ آئے اس کی گہرائی سے بھی موتی تلاش کر نکالتی ہے تقریباً چار سو برسوں تک بلوچ قوم نے کراچی کے قبضہ سے پہلے بین الاقوامی تجارتی شہر بنانے میں اپنا خون پسینہ شب و روز محنت مشقت کر کے اسے روشنیوں کا شہر بنا دیا لیکن مقام افسوس ہے کہ جس قوم نے کراچی کو نام و شناخت دی آج وہی قوم اپنی شناخت اور مستقبل کیلئے پریشان اور سرگرداں ہے آج کراچی میں سب سے بڑا سوال بلوچ قوم میں زیر بحث ہے کہ مالی حالات کے تحت خطہ میں جغرافیائی تبدیلی سیاسی معاشی تبدیلیوں سمیت بلوچ قوم کس مقام پر ہوگی بلوچ قوم کا کراچی میں مستقبل کیا ہے یہ ہے وہ سوال جو خود میں بہت سارے سوالیہ نشان لئے ہوئے ہے ہمیں ان پوشیدہ سوالوں کے چہروں سے نقاب الٹنے کیلئے حقیقت کا

سامنا کرنا پڑے گا اور بلوچ قوم کو تاریخی حقیقت کا سامنا کرنے کیلئے خود کو ذہنی طور پر تیار کرنا ہوگا کیونکہ قوموں کے عروج و زوال میں خود ان کی اپنی سیاسی سماجی معاشی معاشرتی غلطیاں بڑی کردار ادا کرتی ہیں آج ضرورت ہے ان عوامل کو تلاش کرنے اور تسلیم کرنے اور ان کی روشنی میں ماضی کی غلطیوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے مستقبل کی راہیں منتخب کر کے ایک عزت دار قوم کی طرح اپنی متاع و مال حاصل کرنے کیلئے از سر نو جدوجہد کی ضرورت کو مدنظر رکھا جائے جیسے تقسیم ہند کے وقت جب ریاست بلوچستان کی طویل سیاسی جدوجہد کے بعد آزادی ملی تو پندرہ اگست 1947 کو مستونگ میں وائسرائے ہند لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنے خطاب میں کہا تھا کہ آزادی حاصل کرنا کوئی کمال نہیں سب سے بڑا کمال آزادی کو برقرار رکھنے میں ہے جو کہ بعد میں بلوچ قوم اپنی اسی آزادی کو برقرار نہ رکھ سکی۔ تقسیم ہند سے قبل کراچی کے بلوچ معاشی معاشرتی سیاسی سماجی میدان میں اس قدر آگے تھے کہ کراچی کے بلوچوں نے واجہ غلام محمد نوردین مولوی عبدالصمد سربازی، مولوی عثمان اور دیگر نامور بلوچ قائدین کی سیاسی بصیرت دیگر خواندہ اقوام کے مقابلے میں کراچی میں سب سے پہلا سماجی ادارہ بلوچ قوم نے قائم کیا اور اسی طرح پہلی بلوچ قوم دوست سیاسی جماعت بلوچ لیگ کا قیام عمل میں لایا گیا دوسری طرف ریاست بلوچستان میں بھی برصغیر ہند کی طرح آزادی کی تحریک میں شامل چند تعلیم یافتہ نوجوان میر یوسف علی، عزیز مگسی کی قیادت میں جیسے ہی متحرک ہوئے ویسے ہی ریاستی مشینری نے آزادی کے متوالوں کو قید و بند کی نئی راہوں سے آشنا کروایا نئی نئی سیاست نئی نئی بلوچ قومی تحریک آزادی ایسے ماحول میں سیاسی طور پر احتجاج کون کرے، دھرنا کون دے، لانگ مارچ، ٹرین مارچ، پیدل مارچ جیسے سیاسی داد پیچ کسے آتے تھے۔ بلوچ قومی رہنما بے یار و مددگار جیلوں میں پڑے تھے۔ 1930ء میں یہاں کراچی میں بلوچوں میں اس قدر سیاسی بیداری تھی کہ وہ آل ورلڈ بلوچ کانفرنس کا انعقاد کر رہے تھے جہاں اجتماعی طور پر ایرانی بلوچوں افغانی بلوچ روسی اور ترک بلوچوں سمیت برٹش بلوچستان کے قومی حقوق سیاسی سماجی معاشی اقتصادی اور معاشرتی حقوق کے حصول کیلئے دس نقاطی ایجنڈے پر بحث و مباحثہ ہوتا تھا دوران کانفرنس میر عبداللطیف مگسی کی سربراہی میں ایک سہ رکنی وفد بلوچستان سے بھی شریک تھا جس نے آل ورلڈ بلوچ کانفرنس

کراچی میں ریاستی بلوچستان و برطانوی بلوچستان میں سیاسی داروگیر بلوچ رہنماؤں میر یوسف عزیز مگسی اور میر عبدالعزیز کرد کی گرفتاری اور بلوچ قومی تحریک کیلئے سیاسی مدد چاہی کراچی کے بلوچوں نے فوری طور پر اپنے طے شدہ دس نقاطی ایجنڈے کو ختم کرتے ہوئے ایک نقاطی ایجنڈا بلوچ قومی رہنماؤں کی رہائی کے سلسلے میں رکھا اور پاس کر کے قرار داد کی شکل مین فوری طور پر برطانوی ہند حکومت دہلی ایجنٹ گورنر جنرل برطانوی بلوچستان وزیراعظم ریاستی بلوچستان کے نام ٹیلی گرام ارسال کیا کہ اگر حکومت برطانیہ ہند بلوچ رہنماؤں کو ایک ہفتے کے اندر اندر قید سے رہا نہیں کیا تو کراچی کی کل آبادی میں ساٹھ ہزار بلوچ پیدل لانگ مارچ کراچی تا مستونگ کر کے بلوچستانی بلوچوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کا مظاہرہ کریں گی یاد رہے کہ اس وقت تک عظیم چینی رہنما اور کمیونسٹ پارٹی آف چین کی جانب سے تاریخی لانگ مارچ کا نام ونشان تک تاریخ سیاست کے اوراق میں نہ تھا یعنی آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وسطی ایشیأ میں سیاسی زبان ردعمل میں لانگ مارچ کی پہلی سیاسی و دھمکی کراچی کے باشعور بلوچوں کی جانب سے تاریخ کے اوراق میں رقم ہوئی ۔تحریک آزادی ہند چلی کرچی کے بلوچ آل انڈیا مسلم لیگ کی حمایت میں تحریک آزادی میں شامل رہے دوسری طرف جب بلوچ قوم بلوچستان کی بجائے ہند سندھ کے شہر جیکب آباد میں ۱۹۳۲ میں ''آل ورلڈ بلوچ کانفرنس'' کے انعقاد کا اعلان کرتی ہے اور کراچی کے بلوچوں کو بھی دعوت دیتے ہیں تو عظیم بلوچ رہنمأ واجہ غلام محمد نور دین کی قیادت میں کراچی سے ایک دس رکنی وفد بلوچ کانفرنس میں شرکت کرتا ہے دوران کانفرنس قائد بلوچستان میر یوسف علی ،عزیز مگسی ، واجہ غلام محمد نوروالدین اور دوسرے رہنماؤں سے اپیل کرتے ہیں کہ بلوچ قومی تحریک آزادی کیلئے لازمی ہے کہ بلوچ قوم کے نوجوان سیاسی وصحافتی میدان میں جدید جمہوری انداز سیاست سے روشناس ہوں اگر آپ کراچی کے باشعور بھائی ہماری مدد کرتے ہوئے ہمارے دونوجوان ساتھیوں کو وہاں سیاسی اور صحافتی میدان میں چونکہ آپ کے پاس کراچی سے روزنامہ البلوچ اخبار ہے اس پیش کش کو کراچی کے رہنماؤں نے فوری طور پر قبول کیا بلوچستان سے ماسٹر محمد حسین عنقأ اور ماسٹر پیر بخش نسیم تلوی کو تربیت کیلئے فوری طور پر کراچی دوانہ ہونا پڑا اور وہاں سیاسی جماعت بلوچ لیگ اور واحد ترجمان البلوچ اخبار میں خلیفہ

اسماعیل مولوی عثمان اور مولوی عبدالصمد سر بازی کی ولولہ انگیز صحافتی قیادت اور واجہ غلام محمد نوردین کی سیاسی تربیت نے آج کے جمہوری بلوچستان جس کے سیاسی شعور کو پاکستان تو کیا تقریباً دنیا جانتی پہنچانتی ہے منہ بولتی تصویر ہے۔ تقسیم ہند کے بعد کراچی پاکستان کے حصہ میں آیا تو کراچی کے بلوچ مسلم لیگ میں سر عبداللہ ہارون کے ذریعہ جدوجہد میں شامل رہے یہ الگ بات ہے کہ مسلم لیگ کی قیادت نے برطانوی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے سیاسی قیادت آہستہ آہستہ بلوچ قوم سے لے لی ۱۹۵۲ میں وزیراعظم پاکستان نوابزادہ لیاقت علی خان جن کا پارلیمانی حلقہ نہیں تھا بھارتی صوبہ بہار، یوپی اور سی پی کے اردو بولنے والے مہاجروں کی یلغار کراچی میں کر کے انصار کراچی سے سیاسی سماجی معاشی معاشرتی اقتصادی قوت چھین لی یہاں کراچی کے بلوچ اور سندھی سیاسی طور پر قربانی کا بکرا بنے۔ مہاجر چونکہ زیادہ پڑھے لکھے اور سیاسی طور پر زیادہ چالاک تھے کراچی کی بیوروکریسی کے علاوہ سیاسی سماجی اور معاشی میدان میں بلوچ اور سندھی کیلئے استحصالی طبقہ کے طور پر ابھرے اور کراچی کی معاشی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر قابض ہونے لگے بلوچ اور سندھی اقوام آہستہ آہستہ پیچھے دھکیلی جاتی رہیں۔ ایوبی دور حکومت میں بلوچستان کے سیاسی منظر نامہ پر نمایاں طور پر ایک مضبوط قبائلی چوباری نواب محمد اکبر خان بگٹی، نواب خیر بخش مری، سردار عطاء اللہ مینگل، میر غوث بخش بزنجو کی صورت میں چھا گئی اور یہی لوگ کراچی کے بلوچوں کیلئے امید کی کرن بننے لگے جبکہ سیاسی طور پر یہ سیاسی رہنما اپنے وطن بلوچستان ونٹ یونٹ کے استحصالی بندھن صوبہ مغربی پاکستان سے آزاد کرانے کی جدوجہد میں بڑے مضبوط نام تھے اور جب ان بلوچ قائدین کا دورہ کراچی ہوتا تو کراچی کے ککری گراؤنڈ میں شام سے لیکر صبح صادق تک کراچی کے بلوچ ان کی سیاسی باتیں سننے کیلئے جمع ہوتے یہ الگ بحث ہے کہ ان کی سیاسی مدد کبھی کراچی کے بلوچوں کیلئے مفید نہیں رہی، ۱۹۶۲ میں ایوبی انتخابات میں میر غوث بخش بزنجو مسلم لیگی نمائندے کے طور پر لیاری کراچی سے بلوچوں کے نمائندے کے طور پر قومی اسمبلی کیلئے منتخب ہوئے پس پردہ دماغ مسلم لیگی یوسف ہارون کی تھی یوسف ہارون جنرل یحییٰ خان نے اقتدار میں آتے ہی سابقہ صوبے بحال کر کے انتخابات کا اعلان کیا صوبائی پارلیمانی سیاست کے خدوخال بدل گئے بلوچ سیاسی قائدین کو بلوچستان میں

پارلیمانی سیاست کر کے صوبائی حکومت لینی تھی یہاں سب سے بڑی سیاسی غلطی بلوچ قومی رہنماؤں سے یہ ہوئی کہ انہوں نے صوبے بحال ہونے کو اپنی منزل سمجھا اور کراچی کے بلوچوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا جب سیاسی طور پر میدان خالی ہوا ہر جماعت کوشش کر کے اس میدان پر قبضہ جمانے کی کوششیں تیز کر دیتی ہے ایسے میں جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی، نیشنل عوامی پارٹی کے مد مقابل سوشلسٹ بنکر جماعت اور ایک خوبصورت نعرہ روٹی، کپڑا اور مکان کے ساتھ مسٹر ذوالفقار علی بھٹو جیسے زیرک اور جہاں دیدہ سیاسی قیادت نے ملک کے مزدور طبقہ کی حمایت حاصل کرنے کیلئے جس چالاکی سے لیاری کراچی میں انٹری لی کسی صاحب بصیرت کی نظروں سے پوشیدہ نہیں کراچی کے بلوچ مسٹر بھٹو کے سیاسی عاشق کے طور پر پیپلز پارٹی کے مضبوط ووٹ بنک اور اسٹریٹ پاور کے طور سامنے آئے۔ بھٹو کو ایک غیور قوم بلوچ ملی جسے پیپلز پارٹی نے آج تک صرف استعمال کیا۔ ۱۹۷۰ سے آج تک لیاری کراچی پیپلز پارٹی کا مضبوط قلعہ کے طور پر جانی جاتی ہے۔ ایوبی دور حکومت میں کراچی کے بلوچ استحصال کی چکی میں ایک بار پس گئے جب ایوب خان حکومت نے صوبہ سرحد سے پشتونوں کی یلغار کر کے کراچی کے معاشی میدان پر حملہ کیا نئے حملہ آور نے بھی بلوچ اور سندھی کو پیچھے دھکیل کر مہاجر کے ساتھ معاشی میدان پر قبضہ کرنے کی منصوبہ بندی کی۔ بلوچ قوم کئی قدم اور پیچھے ہٹی اور اپنے حال میں ویسے ہی مست رہی جیسے جنم جنم سے اس کا مزاج رہا ہے پشتون معاشی میدان میں آہستہ آہستہ قابض ہوتے گئے اور بلوچ سے ہر میدان میں سبقت لے جاتے رہے کراچی میں بلوچ قومی سوچ اسلامی اخوت بھائی چارے کیلئے استعمال ہونے لگی استحصال کی بہت سی شکلیں ہیں قدم بہ قدم بلوچ کراچی کے سیاسی سماجی اور معاشی منظر سے دست بردار کر دی جاتی ہے اور غیر محسوس انداز میں بلوچ قوم معاشی اور اقتصادی طور پر مفلوج کر دیا جاتا ہے۔ جو خود کو تن بہ تقدیر کرتی گئی اور تھوڑے کو بہت سمجھتا گیا اور بے روزگاری کی دلدل میں دھنستی چلی گئی آج کے حالات کا تجزیہ تمام تر خود ان کے گرد گھومتا نظر آتا ہے۔

پچھلے سال کلاکوٹ سے ایک گریجویٹ بلوچ نوجوان شفقت بلوچ جو کہ پیپلز پارٹی کا جیالہ تھا اپنی اور اپنی بلوچ قوم کے بارے میں تاریخی حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کہنے لگا کہ

آج کراچی کے بلوچوں کا پیپلز پارٹی میں یہ مقام ہے کہ پارٹی قیادت نے خود ایک مرتبہ ہمارے بارے میں کہا ہے کہ لیاری کے لوگ کیڑے مکوڑے ہیں اتنی جذباتی لگاؤ اس کے بعد بھی ہم پیپلز پارٹی سے الگ ہونے کا سوچ بھی نہیں سکتے یہ سیاسی سوچ نہیں ایک احمقانہ جذباتی لگاؤ ہے حقیقی سیاسی شعور اسے نہیں کہہ سکتے ہیں کیونکہ بھٹو مرحوم کے بعد یہ ہماری قومی سوچ بن گئی کہ بھٹو کے گھر کا کتا بھی ہمیں قبول ہے حالانکہ یہ بلوچ قومی وفاداری کی علامت ہے کہ بلوچ جب کسی کا ساتھ دیتا ہے تو نفع نقصان کو بیچ میں نہیں لاتا ورنہ آج مہاجروں کے رہائشی علاقے بھی کل لیاری کی طرح پسماندہ تھے لیکن آج وہاں ترقی کے اثرات اپنی ظاہری اور حقیقی شکل میں نظر آتے ہیں اور بلوچ گریجویٹ نوجوان بے روزگاری کے ہاتھوں منشیات اور جرائم کی دلدل میں جا پھنسے ہیں تیسری بات جنرل ضیاء الحق کے دور اقتدار میں چنیوٹی پنجابی کا ایک سیلاب مرحلہ وار انداز میں کراچی کی معیشت پر حاوی ہوتا گیا اس سیلاب نے بلوچ قوم سے باعزت طور پر جینے کا حق تک چھین لیا آج کراچی کے معاشی حالات پر تیسری اور بڑی گرفت مہاجر پشتون کے بعد چنیوٹی قوم کی ہوگئی ہے بلکہ کراچی میں پنجابی ، پختون اتحاد اس کی واضح اور مضبوط شکل میں موجود ہے آج کراچی کی تمام تر کاروباری زندگی میں تعلیمی میدان مُں سماجی سرگرمیوں ہوں یا معاشی و اقتصادی بحران ہو سب سے زیادہ متاثر بلوچ قوم ہے۔

کراچی میں چالیس لاکھ کی بلوچ آبادی جو کہ لیاری میں مضبوط اسٹریٹ پاور اور ووٹ بنک ہونے کے باوجود سیاسی اکھاڑے میں جذباتی کھلاڑی کے علاوہ کچھ نہیں ہے گزشتہ انتخابات میں خود کراچی میں تھا اور سروے کررہا تھا متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ لیاری کے عثمان پارک میں اگر ایک بھی بلوچ نے اگر میرے ٹیلی فونک خطاب کو سنا تو میں اسے اپنی بڑی کامیابی سمجھونگا اور ہم نے دیکھا کہ مولوی عثمان پارک میں بلوچ کثرت سے اس کا خطاب سننے گئے دوسری بات یہ کہ بلوچ اتحاد (انور بھائی جان) اور عظیم ماہر تعلیم بلوچ دانشور پروفیسر علی محمد شاہین نیشنل ڈیموکریٹک الائنس کے پلیٹ فارم سے انتخاب لڑرہے تھے بدقسمتی کہ یہ لوگ سیاسی شعوز سے نابلد تھے گل محمد لین میں یہ بلوچ قائدین بلوچ قوم پر پیپلز پارٹی کے جنون کو کوس رہے تھے دوسری

طرف تھوڑے ہی فاصلے پر ناگمان مسجد کے چوک پر بلوچ قوم کے نوجوان افریقی انداز میں رقص کرر ہے تھے اور پیپلز پارٹی کی جیتنے کیلئے قبل از ووقت خوشیاں منارہے تھے یہاں سیاسی فکر وسوچ پر جذباتی تالے لگائے اپنی محرومی اور پسماندگی پر حاوی ہوتی رہی قومی زوال کی پرواہ کئے بغیر پیپلز پارٹی کی سپورٹ کیا جاتا رہا ہے جب قوموں کی زندگی میں قومی تشخص سیاسی سماجی حیثیت اور معاشی بالادستی احساس محرومی پر حاوی ہوجائے وہاں استحصال یا قومی نقصان بے معنی تیز ہوکر رہ جاتی ہے اس میں بلوچ سیاسی سوچ اور فکر کو مہمیز کرنے کیلئے آج پھر غلام محمد نوردین کی ضرورت کو اجاگر کرتی ہے اور ایسے میں چند بزرگ اور نوجوانوں کے قومی احساس فکر کیلئے جدوجہد یقیناً انقلاب کی شروعات ہیں اور چالیس لاکھ افراد کی سیاسی قوت کو بیدار کرنا استحصالی قوتوں کے ایوان میں زلزلے سے کم نہیں خدا کرے کراچی میں بلوچ قوم کو اجتماعی طور پر قومی زوال کا احساس ہوجائے تو کوئی مشکل نہیں کہ ایک بار تاریخ خود کو دہرائے بلوچ قوم ایک بار پھر کراچی کے معاشی سیاسی سماجی اقتصادی میدان میں آجائیں اور خود کو کراچی کا فرزند ثابت کرنے کی کوشش کریں اور اس بات کا احساس کرلیں کہ کراچی کی اصل وارث اور مالک بلوچ قوم ہی ہے جس نے بندرگاہ کراچی کی بین الاقوامی منڈی بننے تک کراچی کو ترقی کے ارتقائی عمل سے خون پسینہ بہا کر اس مقام تک پہنچایا ماضی قریب میں کراچی بیروت بنا تو اسکی سب سے زیادہ ذمہ واری بلوچ قوم کی ہوگی جب فرزند زمین اپنی حیثیت اور مقام کو فراموش کردے باہر سے آئے ہوئے لوگ مقامی کی جگہ لے لیں تو فیصلے یقیناً غلط رہیں گے بدامنی تباہی دہشت گردی بے روزگاری عدم تحفظ کا ماحول تو پروان چڑھتا ہے بالادست قوتوں کا تو یہ قومی کھیل ہے کہ لڑاؤ اور حکومت کرو، کمزور کرو اور معاشی میدان میں قبضہ گیری کرو۔ مالک کو ملازم کا درجہ دو مالک سے مزدوری کراؤ اور دیگر بعض اوقات اسے پسماندگی اور درماندگی کی اتنی بھیانک تصویر بنادو کہ دیگر اقوام سبق حاصل کرتے ہوئے قابض بالادست استحصالی قوتوں کے سامنے دیوار بننے کا سوچ بھی نہ سکے اور بالادست استحصالی قوت قوموں کا استحصال کریں قومی وسائل کی لوٹ کھسوٹ کریں اور مالک قومیں احتجاج تک نہیں کرسکیں یہی کچھ اگر کراچی کے بلوچوں کے ساتھ ہورہا ہے وہی کچھ مستقبل قریب میں بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں ہونے جارہا ہے۔ کل یہی بالادست

قوتیں گوادر میں معاشی میدان پر قابض ہونے کے بعد وہی کچھ کریں گے۔ کراچی کے بلوچ بلوچستان کے بلوچوں کے لیے تاریخ میں عروج وزال کا سبق ہیں ہزاروں سالوں کی تاریخ رکھنے والی قوم بلوچ آج اپنی قومی حیثیت تشخص اور قومی بقاء کی تلاش اور جنگ کررہی ہے لیکن اگر آج بھی (گلوبلائزیشن) کے حالت میں بھی بلوچ قوم نے جذباتی بندھن نہیں توڑے اور سیاسی بلوغت کا مظاہرہ نہیں کیا تو تاریخ اسے کبھی معاف نہیں کرے گی۔

☆☆☆

When I that my nose ligh in the Kurdish Air,

It smells like Freedom

**Joana al-askari**

A Femal Kurdish Freedom Fighter

## حیر بیار مری

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا
ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

پنجابی استعماریت کی 63 سالہ دور غلامی میں بلوچ تاریخی تہذیب و تمدن، رسم و رواج اور نوآبادیاتی طرز سلوک کا اگر غیر جانبدارانہ تجزیہ اور تحقیق کے ذریعے احاطہ کیا جائے تو مقبوضہ سرزمین کے مفتوحہ باشندوں کو یہ حقائق اور تلخ ترین تجربات کی روشنی میں صاف طور پر نظر آئیں گے کہ نوآبادیاتی استعماری قوت بلوچ قوم کو کس طرح نفسیاتی اور اعصابی جنگ میں مبتلا کر کے شکست دینے کی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ بڑی بے رحمی سے ہماری آبادیوں پر حملہ آور ہو کر اپنی قبضہ گیریت کو دوام بخشنے کیلئے بلوچوں کی قتل و غارت گری کو جائز قرار دے رہے ہیں۔ ہماری قومی روایت اور ننگ و ناموس کو بری طرح پامال کر کے اپنے آپ کو انتقام سے بچانے کیلئے ہماری عظیم روایت اور رسم و رواج کو اپنی منشاء کے مطابق تشریح کر کے ڈھال کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ استعماریت اپنی نوآبادیاتی کالونائزیشن نظام کے تحت اپنے مذہبی رجعت پسندوں، حامی سیاستدانوں، دانشوروں اور ادیبوں کے جانبدارانہ تجزیوں کے ذریعے بڑی آب و تاب کے ساتھ بلوچ رسم و رواج کو غیر تخلیقی انداز میں جان بوجھ کر دنیا کے سامنے مسخ کر کے پیش کرنے جا رہے ہیں اور بدقسمتی سے غلام قوم کے اپنے ہی باشندے استعماری قوتوں کے ہاتھ صدیوں پر محیط بلوچ قومی تہذیب و تمدن پر تنقید کا کوئی موقع ضائع ہونے نہیں دے رہے۔ استعماریت مکمل طور پر ہر شے پر مسلط ہونے کے باعث ہر تفریق اور تمیز کو مٹا دیتی ہے قوموں کی تہذیب کو منتشر اور قومی حقیقت سے انکار قابض قوت اور نوآبادیاتی نافذ کردہ جبری اور کالے قوانین اور بلوچ معاشرے کے ہر طبقہ ہائے فکر، مرد و خواتین میں غلامی کے اسباب پیدا کر رہے ہیں۔ قابض قوتوں کی

شکست کبھی خاموشی سے عمل میں نہیں آتی بلکہ غلام قوموں کی تقدیر بدلنے کیلئے خون آشام اور فیصلہ کن جدوجہد کرنا ناگزیر ہے۔ دشمن نے ایک طویل عرصے سے بلوچ قوم کے خلاف نفسیاتی و اعصابی جنگ بڑے زور وشور سے جاری رکھی ہوئی ہے۔ اگر بلوچ تاریخ کے اوراق پلٹے جائیں تو یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گی کہ بلوچ قومی آزادی کی جنگ کے دوران ہر معرکے میں بلوچوں نے اپنی عظیم روایات کی پاسداری کرتے ہوئے از حد احتیاط برتی ہے۔ آزادی کی جدوجہد کے دوران قابض قوتوں کا ہمیشہ بڑے شدومد سے اپنے منظور نظر دانشوروں کے ذریعے یہ پروپیگنڈہ اور کمزور قوموں پر حاوی ہونے کا ایک مضبوط طریقہ رہا ہے کہ وہ غلام قوم کو اندھیرے میں رکھ کر عقب سے ان پر حملہ کردے۔ ہمیں یہ بات بھی ذہن نشین کرنی چاہیئے کہ بلوچ سماج کی ایک بڑی اکثریت اس حقیقت سے لاعلم ہے۔ مجھے یہ یقین ہے کہ یہ وہ وقت ہے جب ہمارے دشمن پنجاب کے وہ ہتھیار خود ان کی طرف لوٹا رہے ہیں جو ہمارے خلاف استعمال کرتے رہے ہیں وہ بہتر طور پر سمجھتے اور جانتے ہیں کہ یہ سب کچھ ان کے اپنے کیئے کا نتیجہ ہے جو وہ گزشتہ کئی دہائیوں سے بلوچ قوم کے ساتھ کرتا آرہا ہے وہ بلوچ معاشرے کو اپنی طاقت و گھمنڈ کے ذریعے خوابیدہ کرنے کی راہ پر گامزن ہے تا کہ بلوچ عوامی سیلاب ان کی قبضہ گیریت کی راہ میں حائل نہ ہوسکے قبضہ گیر ہمیشہ کمزور قوموں پر ببانگ دہل یہ جتانے کی کوشش میں رہتا ہے کہ وہی اس سرزمین کا مالک ہے۔ غلام قوم کا اعصابی تناؤ، قبائلی جنگوں اور چھوٹے چھوٹے اندرونی فسادات و افراتفری کے جھگڑوں میں دشمن کی تسکین ہوجاتی ہے انہی اندرونی کمزوریوں اور ایک دوسرے کے اختلاف سے دشمن اپنا فائدہ تلاش کرتا ہے۔ آزادی کی تحریکوں میں، دنیا بھر میں کئی ایسی مثالیں موجود ہیں جو یہ ثابت کرتے ہیں کہ مظلوم ومحکوم قوموں اور طاقت ور قوتوں کے درمیان جنگی معرکوں میں استعماریت کی جانب سے کئی ایسے دل دہلانے والے واقعات رونما ہوئے یا رونما کردیے گئے جو قوموں میں نفسیاتی خوف پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ طویل ظلم و زیادتیوں، جبر واستبداد اور خون میں لت پت معاشرہ بالآخر مجبور ہوکر اپنی قومی بقاء، ننگ و ناموس بچانے کی خاطر اپنی ہاتھ مسلح کرکے ان قوتوں کے سامنے ڈٹ جاتے ہیں جو اس کی زندگیوں سے کھیلتے رہتے ہیں بلوچ قوم کی چھ دہائیوں پر محیط غلامی کی

تاریخ میں کئی ایسے خون آلود اوراق موجود ہیں جو قوم کو انتہائی حد تک سوچنے اور عمل کرنے پر مجبور کردیتے ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی قوم کے حقیقی فرزند اور جدوجہد میں برسرپیکار محافظ تنظیمیں باامر مجبوری دشمن سے انتقام (بیر) یا بدلہ لینے کا ذریعہ تصور کرتے ہیں ایسے انتہائی اقدام کو کوئی اتفاقیہ یا حادثاتی تصورات نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ مشترکہ قومی مفاد، بالغ النظری اور وسیع سوچ کے ذریعے فیصلوں اور عمل میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ بلوچ قومی آزادی اور قومی شعور کا ارتقاء نئے پہلوؤں سے سامنے آرہی ہے جدوجہد میں وقت کے ساتھ ساتھ اور بدلتے حالات کے تناظر میں تبدیلیاں آرہی ہیں۔قومی آزادی کی طویل جدوجہد میں مختلف عشروں میں وقت و حالات اور موقع محل کی مناسبت سے بلوچ رضاکار ساتھی قومی مفاد کو مدنظر رکھ کر فیصلے کرتے رہے ہیں۔ہم یہ نہیں کہتے کہ سابقہ ادوار کی تحریکیں حکمت عملی کے فقدان کے باعث زوال کا شکار ہوئی ہیں بلکہ ان کا تسلسل آج بھی جاری ہے۔ دشمن بلوچوں کو اقتصادی بدحالی میں دھکیل کر غربت اور بھوک و افلاس کے ذریعے جان لیوا طریقے سے ختم کرنے کے درپے ہے۔ دشمن ریاست اعصابی و نفسیاتی خوف و ہراس پھیلا کر ہر وہ طریقہ آزما رہا ہے جو ان کے نزدیک بلوچوں کی شکست کا سبب بنے۔ ایسے میں جب ایک غیر خاتون کے قتل پر بلوچستان میں بلوچ روایت کے بارے میں سوالات اٹھائے جارہے ہیں تو یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ دشمن فوج اپنی قبضہ گیریت کو برقرار رکھنے کیلئے ہر اس جبر کا سہارا لے رہا ہے جو وہ کرسکتا ہے۔ یہ امر بھی کسی سے پوشیدہ نہیں کہ انگریزوں کے دور غلامی میں بھی شاید ہی کوئی ایسی مثال موجود ہو کہ جس میں بلوچ خواتین یا بچوں کو خاص طور پر نشانہ بنایا گیا ہو لیکن 1957 میں پاکستانی فوج نے بلوچستان کے ایک ''مالی'' نامی گاؤں پر ہلہ بول کر گاؤں کے تمام مرد و خواتین جو کہ 45 نفوس پر مشتمل تھیں چوراہے پر کھڑا کر کے گولیاں ماریں۔ ایک ضعیف العمر بلوچ بزرگ بیساکھیوں کے سہارے آیا اور بلوچ خواتین کی پاکستانی فوجیوں کے ہاتھوں تذلیل ،بلوچ عزت و وقار کو پامال کرنے کے خلاف مزاحمت کی انہوں نے بلوچ روایت کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے دشمن کے 14 فوجیوں کو مارنے کے بعد خود بھی جام شہادت نوش کی پاکستانی فوجیوں نے مشین گن اور توپ خانے کے ذریعے گاؤں کے تمام مرد و خواتین کو سفاکانہ طریقے سے قتل کرڈالا۔فروری 1973 بھٹو

کے دور میں بلوچوں پر یہ الزام لگا کر یلغار کی گئی کہ انہوں نے عراقی سفارتخانے سے عراقی ہتھیاروں کی کھیپ بلوچستان کی آزادی کیلئے حاصل کیے ہیں۔ جو ہتھیار سفارتکاروں اور صحافیوں کے سامنے پیش کئے گئے لیکن بعد وہ میں کوئی شہادت نہیں دے سکے کہ وہ ہتھیار بلوچستان بھجوانے کیلئے جمع کئے گئے تھے خود بغداد نے اپنی وضاحت میں بتایا کہ مذکورہ اسلحہ پاکستانی زیر تسلط بلوچستان کیلئے نہیں بلکہ شاہ ایران کو کرد باغیوں کو کچلنے کیلئے دیئے جانے تھے۔ اپریل 1973 میں بھٹو نے انتہائی جارحانہ طریقہ اپنا کر چار ڈویژن فوج مری علاقہ چمالنگ اور جھالاوان کے علاقوں میں بھیجی بعد میں یہ تعداد 80ہزار سے زائد کردی گئی۔ بلوچ اکثریتی آبادی کو نیست و نابود کیا گیا ستمبر 1974 کو چمالنگ وادی میں پندرہ سے بیس ہزار کی آبادی کو محصور کر کے کئی دنوں تک بڑی بے دردی اور بے رحمی سے پاکستانی فوج نے جیٹ طیاروں، کوبرا ہیلی کاپٹرز اور فوجی لڑاکا طیاروں کے ذریعے شدید بمبارمنٹ کی۔ غیر جانبدارانہ رپورٹوں کے مطابق اس خونریز جنگ کے دوران پانچ ہزار بلوچ شہید اور سینکڑوں کی تعدا میں زخمی ہوئے نو سو سے زائد بلوچوں کو گرفتار کر کے فوجی کیمپوں میں اذیتیں دی گئیں لاکھوں کی تعدا د میں ان کے مال مویشی پنجاب کی منڈیوں میں نیلام کردیئے گئے ۔اس سے قبل ایوبی دور میں بھی ہزاروں بلوچ یا تو شہید کئے گئے یا پھر آج تک زندہ غائب ہیں بلوچوں کے معصوم بچوں ،خواتین اور بزرگوں کو بھوکا، پیاسا مارا گیا۔فوجی ہیلی کاپٹروں کے ذریعے بلوچ فرزندوں کو فضا سے پھنک کر ان پر گولیاں چلا کر فوجی مشقیں کی گئیں پھندا ڈال کر درختوں پر لٹکا کر انسانیت سوز اور وحشیانہ طریقے سے اذیتیں دی گئیں۔بلوچ خواتین کی گود سے ان کے شیر خوار بچوں کو چھین کر ان کے نظروں کے سامنے نیزوں اور تلواروں کی نذر کردی گئیں بلوچ فرزندوں کو دزگیر کر کے تیل کے ابلتے ڈرموں میں زندہ جلایا گیا عزت نفس مجروح ہونے کے بے شمار واقعات رونما ہوئے لیکن بلوچوں نے معاشرے میں بلوچی لج و معیار کی توہین سمجھ کر پردہ پوشی کیلئے رپورٹ کرنے سے اجتناب برتا۔تپتی دھوپ اور گرم صحراؤں میں بے آب و گیاہ میدانوں میں بلوچوں کو ناکردہ گناہوں کی سزائیں دی گئیں دل دہلا دینے والے کئی ایسے خونریز واقعات ہوئے کہ جنہیں یاد کرنے سے رونگھٹے کھڑے ہوجاتے ہیں ۔نفسیاتی خوف دلانے اور حقوق سے دستبردار کرانے کیلئے بلوچوں کے ساتھ

ایسے ہتک آمیز رویے اپنائے گئے اور اپنائے جارہے ہیں جو نا قابل بیان ہیں ۔قومی دفاع کی جنگ میں دشمن سے بھلائی کی توقع کوئی احمق انسان بھی نہیں کرسکتا بلوچوں نے ہر دور میں اپنی بساط کے مطابق اپنی ننگ و ناموس ،بلوچی غیرت وروایت کی پامالی کے خلاف مزاحمت کی راہ اپنائی۔ہمیں صرف کسی کے قتل پرنہیں بلکہ قتل کے بنیادی اسباب اور وجوہات جاننا ہونگے قتل اجتماعی ہو یا انفرادی غاصب کی ہو یا محکوم کی قتل کو جائز یا ناجائز قرار دینے کی بات الگ ہے بات یہ ہے کہ جب انسان کا قتل ہورہا ہے تو اس کے پس منظر اور انسانی احساسات ،غصہ اور ناراضگی کے جذبات کی گہرائیوں کا جاننا ضروری ہے کہ آخر وہ کونسے وجوہات ہیں اور ردعمل کا شاخسانہ کیا ہے کہ جس کی بنیاد پر یہ انتہائی اقدام اٹھایا جارہا ہے۔ انسانیت کے ناطے عمل کے جوابی ردعمل کا احساس سمجھنا ہوگا ۔گزشتہ دنوں کوئٹہ میں ایک غیر بلوچ خاتون کے قتل کے بعد بعض حلقوں کی جانب سے یہ کہا جانے لگا کہ کسی خاتون پر ہاتھ نہیں اٹھنا چاہئے تھا کیونکہ یہ بلوچی روایت کے شایان شان نہیں تو ایسے میں کئی سوالات ابھر کر سامنے آنا فطری بات ہے۔ وہ یہ کہ اگر ایک غیر بلوچ کسی مقامی بلوچ کے گھر میں داخل ہوکر ان کی عزت پرحملہ کرے خواتین کی خدانخواستہ بے عزتی کرے تو مقامی شخص کا دفاعی ردعمل اور غیرت کا تقاضا کیا ہوگا؟۔ روایت کی پامالی پر خاموشی خود سے روایت و غیرت کی توہین سمجھا جاتا ہے میں یہ سمجھ نہیں پارہا کہ دین و اسلام کے ٹھیکیدار کس اسلامی اورکونسی روایت کی بات کررہے ہیں وہ قرآن میں خواتین کی عزت و آبرو کو درجوں میں بانٹ کر الگ الگ تفسیر وتشریح بیان کررہے ہیں۔ میرے خیال میں اسلام میں کسی خاتون پر ہاتھ اٹھانے کی ممانعت کا ہرگز مطلب یہ نہیں کہ کسی ایک طبقے کی عزت پرحملہ کیا جائے اور دوسرے کیلئے حکم ممانعت ہوقرآن میں کسی بھی ظلم کا بدلہ لینے کیلئے ''قصاص'' کا حکم دیا گیا جس سے مراد ہاتھ کے بدلے ہاتھ،آنکھ کے بدلے آنکھ کے ہیں۔ جہاں تک میرا علم ہے قرآن میں صاف طور پر چور کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا گیا ہے لیکن یہ بھی وضاحت کی گئی ہے کہ انسانی ہاتھ اس وقت تک مقدس رہتا ہے جب تک وہ ہاتھ پاکیزہ ہو لیکن چوری کے بعد انسانی ہاتھ کا وہ مقام ختم ہوجاتا ہے اس لئے اس کے کاٹنے کا حکم دیا گیا ہے ۔قابض فورسز کے ہاتھوں بلوچ شہداء کے دردناک قتل کے حالات و واقعات پر بھی توجہ دینے کی ضرورت

ہے کہ ان بلوچ گھریلو خواتین اور معصوم بچوں کا آخر کیا قصور ہے کہ جو اپنی ہی سرزمین پر اپنے گھر بیٹھے بموں اور گولیوں کا نشانہ بن رہے ہیں۔انہوں نے کبھی کسی غیر کے علاقے میں جا کر اس پر حملہ نہیں کیا اور نہ کسی کی خواتین و بچوں کو نقصان پہنچایا ہے۔ ان بلوچ خواتین کو موت جیسی سنگین سزا کیوں دی جارہی ہے جو روزانہ کی بنیاد پر بلوچستان کے طول وعرض میں مارے جارہے ہیں ۔اس کا سادہ سا مفہوم میرے ذہن میں یہ آرہا ہے کہ دشمن نے نفسیاتی جنگ کے ذریعے غیر مہذبانہ طریقہ اپنایا ہوا ہے ایک مضبوط اور سوچے سمجھے منصوبہ بندی کے تحت بلوچوں کی ہر شے کو تہس نہس کیا جارہا ہے ۔ان کی حکمت عملی یہ ہے کہ بلوچوں کی پوری کی پوری آبادی تباہ کردو،خواتین و بچوں کو بے دردی سے بھون ڈالو،ان کی عزت آبرو پر حملہ کردو ،علمی اور معاشی طور پر بلوچوں کا قتل کرو ،اپنے من پسند دانشوروں کے ذریعے بلوچ روایت کا حلیہ بگاڑ ڈالو،ان کی سرزمین پر غیر بلوچوں کی بستیاں آباد کردو،قرآن کے مقدس نام پر دھوکہ دیکر انہیں تختہ دار پر لٹکا دو ،ان کے بچوں کے منہ سے نوالہ چھین کر اپنی فیکٹریاں چلاؤ،انہیں زندہ غائب کردو،جیلیں بھردو، مسجدوں پر حملہ کر کے نمازیوں کا قتل عام کردو ، ہندو برادری کے مندروں کو تباہ کر کے اقلیتوں کو ختم کردو جیسا کہ 17 مارچ 2005 کو ڈیرہ بگٹی میں ہوا تھا، ذرائع آمدن کے تمام وسیلوں کو برباد کردو، کھڑی فصلوں کو جلاڈالو،مال مویشیوں کو لوٹ کر فوجی کیمپوں میں دعوتیں اڑاؤ یا پھر پنجاب کی منڈیوں میں نیلام کردو،مار پیٹ اور تشدد کے تمام ذرائع استعمال کرو مگر بلوچ کو ہر صورت غلامی کے چنگل سے نکلنے نہ دو۔آج حقیقت یہ ہے کہ بلوچ قوم شعوری اور نظریاتی بنیادوں پر یہ جان چکی ہے کہ دشمن ہر طرح سے ان پر حملہ آور ہوکر ان کی ہر شے کو ملیا میٹ کرنے کے عزائم پر کاربند ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج کے بلوچ نوجوان اپنی دفاعی جدوجہد میں تبدیلیاں لارہے ہیں میرا اپنا خیال ہے (غلط بھی ہوسکتا ہے) کہ بلوچ مسلح تنظمیں جو سرزمین اور بلوچ قوم کی دفاع کیلئے قبضہ گیر دشمن کے خلاف برسرپیکار ہیں ہوسکتا ہے انہوں نے یہ سوچا ہو کہ ان کی عسکری کاروائیوں کے ردعمل میں قبضہ گیر فورسز بلوچ سول آبادیوں پر حملہ آور ہوکر بیگناہ بلوچوں کو اس لئے نشانہ بنارہی ہیں کہ وہ بلوچ ہیں ان کو اغواء کیا جارہا ہے اور ہر عام و خاص بلوچ کو بلوچیت کے نام پر بلاتمیز نشانہ بنایا جارہاہے ۔یہاں تک کہ

خواتین و بچوں کو محض بلوچیت کے نام پر ٹارگٹ کیا جارہا ہے تو محافظ تنظیمیں دفاع اور تحفظ کی خاطر مجبور ہوکر اسی طرز کے حملے کررہے ہیں جس طرح کے حملے دشمن ان کے قوم پر کررہی ہے شاید ان کے نزدیک اس طرح دشمن کی کاروائیاں کچھ حد تک کمزور پڑسکتی ہیں اور یہ نفسیاتی خوف دشمن قوتوں کی شکست کا باعث بن سکتی ہے ممکن ہے کہ وہ ریاستی ظلم و جبر کے ردعمل میں اپنی قوم کے دفاع کو اپنا فرض سمجھ کر قبضہ گیروں کے خلاف اس طرز کے حملے کررہے ہیں۔ شاید وہ یہ سمجھتے ہیں کہ دشمن بلوچ قوم کی عظیم روایت کو آڑے لاکر دراصل بلوچ روایت کو بری طرح مسخ کررہی ہے بلوچوں کے پاس اب اور کوئی چارہ نہیں رہا ہے وہ مجبور ہوکر ایسی کاروائیوں کو اپنی دفاعی جدوجہد کا حصہ بنا رہے ہیں تاکہ مدمقابل دشمن سے اپنی قوم کا بہتر طور پر دفاع کرسکیں اور اپنے قوم کو یہ احساس دلاسکیں کہ وہ بلوچ قومی جدوجہد میں اکیلے اور لاوارث نہیں دشمن کے زیرعتاب قوم کی خواتین اور بچے اگر محفوظ نہیں رہیں گے تو دفاعی پوزیشن میں دشمن کی خواتین و بچے بھی نشانہ بن سکتے ہیں۔ استعماریت کی تباہ کاریوں کے باوجود کچھ نام نہاد بلوچ جو ریاست کی کاسہ لیسی کا حق نبھا رہے ہیں اپنے ضمیر کا سودا کربیٹھے ہیں۔ مقبوضہ سرزمین کے باسی ہونے کے دعویدار بھی ہیں بلوچ قوم کی بدترین غلامی کی طوالت میں دشمن کا ہاتھ بھی بٹا رہے ہیں اپنی قوم اور روایت و غیرت سے بالکل غافل ہیں۔ ان کے دل میں ذرا برابر بھی دکھ و درد اپنی قوم کیلئے نہیں ہے وہ محض بلوچوں کے خون کو اپنی سوداگری اور شہرت کا سستا ذریعہ سمجھتے ہیں بلوچ روایت و غیرت کو بری طرح مسخ کرکے پیش کررہے ہیں ان کو یہ بھی نہیں بھولنا چاہئے کہ کسی کی غلامی کرنا بھی تو بلوچ روایت و غیرت کا حصہ نہیں۔ بلوچ جہدکاروں کی دفاعی حکمت عملی کو غیر ملکی ایجنڈے کا حصہ قرار دیتے ہیں دراصل حقیقی بلوچوں کے نزدیک پنجابی ایجنڈے کو آگے بڑھانا کسی غیر ملکی حملہ آور اور قبضہ گیر کے ایجنڈے کی تکمیل ہے۔ جب سے پاکستان نے بلوچ سرزمین پر جبری قبضہ کیا ہے بلوچوں کا رشتہ پاکستان کے ساتھ صرف قابض اور مقبوضہ کا ہے یہ مختلف ادوار یا حکومتوں کا سوال نہیں بلکہ ایک تسلسل اور نوآبادیاتی نظام کے تحت سب کچھ پلاننگ کے ساتھ کیا جارہا ہے اس حقیقت سے آنکھیں نہیں چرائی جاسکتیں کہ پنجاب نواز پارٹیوں کے ذریعے بلوچ سماج کو اندھیرے میں رکھ کر اپنے حقوق کی جدوجہد

سے غافل اور بیگانہ کرنے کی حکمت عملی پر کام ہورہا ہے۔ وسیع پیمانے پر انتقامی کاروائیاں جاری ہیں بلوچ ایک غیرت مند قوم ہے جنہوں نے اپنی آزادی اور اقدار کے تحفظ کیلئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں ظلم و بربریت کی دردناک داستانوں اور ریاستی سفاکیت و جارحیت کے باوجود دشمن بلوچ تحریک کو زیر نہ کرسکی۔ بلوچوں کے قتل عام کا ریاستی طریقہ دراصل نفسیاتی جنگ ہے اب بلوچ کو بھی اسی طرز جدوجہد اور اپنی قوم کی دفاع کیلئے انتہائی اقدام اٹھانے پر مجبور کیا جارہا ہے۔

☆☆☆

| |
|---|
| صرف زندگی کو داؤ پر لگانے ہی سے آزادی حاصل کی جاسکتی ہے۔ وہ فرد جس نے اپنی زندگی کو داؤ پر نہیں لگایا بلاشبہ ایک شخص کے طور پر اس کی شناخت تو کی جاسکتی ہے لیکن اس نے ایک آزاد خود آگاہ ذات کی طرح اس شناخت کی سچائی کو نہیں پایا۔ (ھیگل) |

بانک کریمہ بلوچ

# قومی تحریک میں بلوچ خواتین کو کیا کردار ادا کرنا چاہیے

عظیم مفکروں کا کہنا ہے کہ جو قوم مرنے کے فن سے آشنا ہو جائے اسے کوئی طاقت غلام نہیں بنا سکتی ۔ طویل غلامی کے بعد بلوچ قومی تحریک قربانیوں کی لازوال تاریخ رقم کرتے ہوئے اپنی منزل کی جانب بڑھ رہی ہے ۔ بلوچ اپنی غلامی کا شدت سے احساس کر چکا ہے ، بلوچ سرزمین سے محبت اس لئے نہیں کہ وہ معدنیات سے مالا مال ہے بلکہ سرزمین سے ہماری محبت ایک فطری جذبہ ہے اور یہی جذبہ مرمٹنے کا حوصلہ دیتا ہے جان سے گزر جانے کا درس دیتا ہے ۔

بلوچ دشمنوں اور بلوچ پارلمینٹرین نے ہمیشہ الفاظ کے ہیر پھیر کے ذریعے بلوچ مسئلہ کو الجھانے کی کوشش کی ہے کبھی اسے سیاسی ، کبھی معاشی اور کبھی آئینی کہا گیا ۔ کبھی 1940ء کے لاہور قرارداد کا رٹا لگایا گیا ہر دور میں مختلف سیاسی اصطلاحات ، حق حاکمیت ، حق خودارادیت ، حق ساحل ووسائل ، صوبائی خودمختاری ، حق ملکیت جیسے اصطلاحات کے ذریعے بلوچ قومی غلامی کو چھپا کر دیدہ دانستہ اور شعوری طور پر بلوچ عوام کو قومی آزادی کی جدوجہد سے دور رکھنے کی محلاتی سازش کی گئی ۔ لیکن قومی تحریک نے واضح کر دیا کہ بلوچ مسئلہ قومی غلامی ہے اور اس کا حل غلامی سے نجات ہے ۔ بلوچ اقتدار اعلیٰ اور بلوچ ریاست کی بحالی ہے ۔ قومی غلامی کے خاتمے کی جدوجہد میں ہر مرد ، عورت ، جوان اور بوڑھا شریک عمل ہے تابوت میں بند لاشوں سے لیکر مسخ شدہ لاشوں تک ، ٹارچر سیلوں سے لیکر کال کوٹھڑیوں تک قومی آزادی کا یہ عظیم سفر جاری ہے اور اس کی شدت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے ۔

بلوچ قومی تحریک میں بلوچ خواتین کی شمولیت جہاں تحریک کیلئے انتہائی مفید ہے ۔ وہاں قابض قوتوں کیلئے ایک دردسر بھی ہے قومی تحریک میں روز اول سے بلوچ خواتین نے

انتہائی فعال اور منظم انداز میں اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ اس جدوجہد کو آگے بڑھایا۔ بلوچ خواتین پینل، بی ایس او (آزاد) یا بلوچ نیشنل فرنٹ کے پلیٹ فارم سے خواتین نے قدم قدم قومی تحریک آزادی کو آگے بڑھایا، بلوچ قومی تحریک نے بلوچ خواتین کو ''بانڑی'' کا کردار دلا کر اس کے قومی و سیاسی شعور کو پختگی دی ہے۔ بلوچ خواتین نے شروع دن سے سیاسی محاذ گرم کر رکھا ہے جلسہ جلوس، ریلیاں، بھوک ہڑتالی کیمپ، سیمینار وغیرہ کے ذریعے خواتین سائنسی انداز میں اس تحریک کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار بخوبی نبھا رہی ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ قومی تحریک میں اور زیادہ مضبوطی آ گئی اور اس طرح قربانیوں کی بھی بہت ضرورت پڑے گی کل شاید اس قومی تحریک میں بلوچ خواتین کو بھی بڑے پیمانے پر اپنی جانوں کا نذرانہ دینا پڑے۔ اس کیلئے ہر بلوچ خاتون کو ابھی سے تیاری کرنی چاہئے۔ ہم نے جس سفر کا آغاز کیا ہے وہ دشوار گزار راہوں سے چل کر منزل تک پہنچتا ہے اس کیلئے فولادی عزم و ہمت کی ضرورت ہے۔

شہید غلام محمد، شہید اسد مری، ڈاکٹر خالد، رسول بخش مینگل کی ماں نے اپنے لخت جگر کی شہادت پر جس عزم و ہمت کا اظہار کیا ہے اس نے قومی تحریک کے سپاہیوں کے جذبوں کو حوصلہ عطا کیا ہے جو کہ تحریک میں خواتین کے مضبوط کردار کو ظاہر کرتی ہے۔

ہم ایک خونخوار درندے سے روشن صبح چھیننے کی جدوجہد کر رہے ہیں رات کی تاریکی میں طلوع آفتاب کی کوششوں کا حصہ ہیں، قومی تحریک میں خواتین کا بہترین کردار ان کی ہمت اور جہد مسلسل ہے۔

قومی جنگ آزادی میں خواتین کے کردار سے پہلے جنگ کو سمجھنے کیلئے بزرگ انقلابی رہبر ماوزے تنگ کے اس قول پر غور کرتے ہیں۔

'' مطالعہ حصول علم ہوتا ہے لیکن اخلاق بھی حصول علم ہوتا ہے بلکہ حصول علم اہم تر قسم ہوتا ہے، ہمارا اہم طریقہ جنگ سیکھنا ہے جس شخص کو اسکول کی تعلیم حاصل کرنے کا موقع نہیں وہ بھی جنگ سیکھ سکتا ہے وہ جنگ میں حصہ لیکر جنگ سیکھ سکتا ہے، انقلابی جنگ ایک عوامی ذمہ داری ہوتی ہے، بیشتر حالات میں یہ معاملہ یوں نہیں ہوتا کہ پہلے سیکھا جائے اور پھر عمل کیا جائے بلکہ پہلے عمل کیا جاتا ہے اور پھر سیکھا جاتا ہے کیونکہ عمل بذات خود حصول علم

کا دوسرا نام ہے''۔

جنگیں عموماً دو قسموں کی لڑی جاتی ہیں ایک ہوتا ہے منصفانہ اور دوسرا غیر منصفانہ، ایک طبقہ کیلئے جو جنگ منصفانہ ہے تو دوسرے طبقہ کیلئے وہ غیر منصفانہ ہے کیونکہ جس نے آپ کے حقوق غصب کیئے ہیں اور ان پر اپنا حق جتاتا ہے تو جب آپ حقوق کیلئے جنگ کرتے ہیں تو وہ جنگ آپ کیلئے منصفانہ اور غاصب کیلئے غیر منصفانہ ہے اسی طرح موجودہ دور میں دہشت گردی کی ایک اصطلاح ہے کوئی بھی ابھی تک یہ یقین نہیں کرسکا کہ اصل میں دہشت گرد ہے کون افغانی عوام یا نیٹو کی فورسز، عراقی عوام یا امریکی فوج، پاکستانی فورسز یا بلوچ عوام۔

جنگ ہمیشہ عوام پر مسلط کیا جاتا ہے وہ اس طرح کہ جب کسی قوم کی سرزمین پر باہر سے کوئی ظالم آکر قبضہ کرتا ہے اور اس قوم کا سب کچھ لوٹ کر اپنے ملک بھیج دیتا ہے اس قوم کو نان شبینہ کا محتاج بنا دیتا ہے اور اس کی زبان، تاریخ، ثقافت، رسوم و رواج و تہذیب کو پوری طرح مسخ کر کے آہستہ آہستہ اُسے ختم کرنے کے منصوبے بناتا ہے تو یقیناً مظلوم قوم ایک نہ ایک دن اٹھ کر اپنی دشمن کی پہچان کر کے اسے جنگ پر آمادہ کرلیتا ہے اور اس جنگ میں دھیرے دھیرے کر کے پوری قوم شامل ہوجاتی ہے اور اس میں پھر سب کرداروں کا تعین ہوتا ہے جب جنگ قومی بن جاتی ہے اور اس میں قومی بقاء کا سوال ہو تو ہر ایک اپنی بساط میں اس میں شامل ہوجاتا ہے اور اس میں مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں کا ایک خالص کردار ہوتا ہے۔

انقلاب چین کے بعد جب کچھ امریکی طالبات وہاں آئے ہوئے تھے اور ان کی ملاقات چینی کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سیکریٹری چُو این لائی سے ہوئی کیونکہ ان طالبات کا تعلق امریکی کمیونسٹ پارٹی سے تھا تو انہوں نے کہا کہ ہم بھی چینی عورتوں کی طرح کام کرنا چاہتے ہیں۔ کامریڈ چُو این لائی نے انہیں کہا کہ شاید آپ لوگ کرسکیں مگر آپ میں اور چینی عورتوں میں بہت فرق ہے ایک طبقاتی اور دوسرا یہ کہ ہم ایک خونی انقلاب کے مرحلے سے گزر چکے ہیں اور یہاں کی بیشتر عورتوں نے مردوں کے شانہ بشانہ جنگیں لڑی ہیں اور انہوں نے مردوں کی طرح بال بھی منڈوائے ہیں اور چین ایک جاگیردارانہ اور نیم غلامانہ دور میں داخل ہوچکا تھا اور ساتھ ہی جاپانی سامراجی قوت سے مقابلہ تھا''۔

جب ہم قومی جنگ کو ایک ایسے معاشرے میں دیکھتے ہیں کہ وہ قبائلی زندگی گزار رہا ہو اور عورت چادر و چاردیواری کی عزت ہو اور عورت کا نام لینا بھی غیر مرد کے سامنے گناہ سے کم تر نہ ہو۔ عورت کا غیر مرد سے بات کرنا بہت بڑا عیب ہو۔تو سوچئے ایسے سماج میں عورت کے کردار کا تعین کرنا ذرا مشکل ہوتا ہے اور اس میں بجائے فائدہ کے نقصانات بہت زیادہ ہوں گے۔

جہاں مولوی کا بول بالا ہو اور اپنی تقریروں اور تحریروں میں عورت کو نازک اندام اور گھر کی زینت بنانے پر تُلا ہوا ہو ایسے معاشرے میں پھونک کر قدم اٹھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

قومی جنگیں ہمیشہ مختلف مراحل طے کرتے ہوئے آگے بڑھتی ہیں عورتوں کو مردوں کی طرح اس بات پر آمادہ کرلینا چاہئے کہ واقعی ہم غلام ہیں وہ بھی غلاموں کے غلام ہیں سب سے پہلے احساس غلامی کو اجاگر کرنا چاہئے کہ کس طرح ہماری ہزار سالہ قدیم سرزمین بلوچستان پر فوج کشی کر کے بندوق کے زور پر 62 سالوں سے ہمیں غلام بنایا گیا ہے مطلب اس کا یہ ہے کہ سیاسی تربیت مکمل ہونا لازمی ہے، کوئی شخص جب تک اس بات کو تسلیم کرنے سے قاصر ہے کہ وہ کسی دوسری جابر قوم کا غلام ہے تو وہ اپنی غلامی کے خلاف کچھ کرنے پر کیسے اٹھ کھڑا ہو سکے گا؟ سیاسی تربیت کے بغیر کوئی بھی تحریک منزل نہیں پاسکتی۔ جنگی پروپیگنڈہ کا کام عورتیں بہت بہتر انداز میں کرسکتی ہیں۔ دودا اور کمبر کی ماں کا اور دادشاہ کی بہن کا کردار ادا کرسکتی ہیں۔

دنیا میں جتنی قومی جنگیں لڑی گئیں ہیں اور لڑی جارہی ہیں اس میں عورتوں نے ایک مخصوص کردار ادا کیا ہے فلسطین کی آزادی کی جنگ ہو یا چیچن جنگ ہو سب میں عورتیں مردوں کی شانہ بشانہ ہیں مگر ہر معاشرہ کے کچھ روایات ہیں اور کچھ پاسداریاں ہوتی ہیں۔

جنگیں ہر قسم کی طبقاتی سماج میں لڑی جاسکتی ہیں اور اس میں عورتیں بھی شامل ہوسکتی ہیں ۔اگر ہم مطالعہ کریں اسلام کا تو جنگ جمل میں ''ام الامت بی بی عائشہؓ'' کو دیکھ سکتے ہیں۔

ایک غلامانہ معاشرے میں کہیں بھی عورتیں کم درجہ نہیں ہوتی ہیں بندوق بھی چلاسکتی ہیں، انقلاب کے ہر شعبہ میں مردوں سے پیچھے نہیں ہوتی ہیں مگر اس کردار کو نبھانے کیلئے

عورتوں کیلئے انقلابی پارٹی اور طالبات کیلئے انقلابی تنظیم کا ہونا ضروری ہے اور اس پارٹی کی مثبت سوچ ہو اور معاشرے میں ایک مثبت کردار ہو اور وہ مکمل طور پر عوامی ہو، اس کی سوچ اور فکر عوام سے وابستہ ہو۔

عورتیں اپنی الگ کمیوں بنا سکتی ہیں اپنے سرکل کر سکتی ہیں اسکولوں میں عورتیں ٹیچرز ہیں وہ اپنی طالبات کو صحیح قومی و انقلابی تربیت دے سکتی ہیں۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچ عورت قومی تحریک کے سیاسی و مسلح محاذ میں عملی کردار کے طور پر آزادی کی تحریک میں عملاً شامل ہوں طالبات اپنے اسکولوں میں پمفلٹ شائع کریں، پوسٹر لگائیں، شہداء کی تصاویر لگائیں اپنے اسکولوں میں سیاسی بحث و مباحثہ کا آغاز کریں۔ یقیناً یہ کام سخت ہے استانیوں اور دوسری طالبات (جو آپ کی ہم فکر نہیں ہیں) کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مگر دھیرے دھیرے ان کا لہجہ نرم پڑھ جائے گا وہ آپ کے موقف کی حمایت کریں گی پہلے آپ کا چھوٹا کارواں ہوگا پھر قافلہ بن جائے گا۔ اپنی سہلیوں کو انقلابی کتب فراہم کریں۔

اپنے گھروں میں اپنے بھائیوں، والدین و سہلیوں کے ہاں آزادی و غلامی کے مسئلے پر بحث کریں۔ اسی طرح عورتوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے گھروں میں اپنے بھائیوں اور شوہر سے سیاسی بحث کریں۔ گھروں میں کتابیں پڑھیں جو سیکھتے ہیں پھر اپنے ہمسایوں اور دیگر رشتہ دار خواتین کو سیکھائیں انہیں غلامی کا احساس دیں اور غلاموں پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان ذمہ داریوں کا احساس دیں اپنے علاقوں کے قریب گرلز اسکولوں میں جا کر استانیوں اور طالبات کو بلوچستان کے حالات اور حکومت کی بلوچ دشمن تعلیمی، معاشی استحصال سے آگاہ کریں۔

جو تعلیم یافتہ ہیں انہیں چاہیئے کہ باقی دنیا کے کامیاب و ناکام تحریکوں کا مطالعہ کریں اور ان کے مثبت اور منفی ناکام اور کامیاب تجربات سے سیکھیں کیونکہ کوئی بھی قومی جنگ، سیکھنے اور سکھانے کے عمل سے گزرے بغیر پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتی۔ یوں تو اس بات کو ہضم کر لینا چاہیئے کہ عورتوں کو قومی دھارے میں شامل کیئے بغیر قومی جنگ نہیں جیتی جا سکتی جس طرح غزوات میں عورتوں نے زخمیوں کو پانی پلایا ہے اسی طرح جب کسی قومی تحریک کے

اپنے ہسپتال ہوں گے تو انہیں عورتیں بہتر طور پر سنبھال سکتی ہیں پیغام رسانی کا کام کرسکتی ہیں۔

آج کل دشمن سیاسی میدان میں بلوچ خواتین کے کردار سے بہت ہی خوفزدہ ہے اس وجہ سے خواتین کو مزاحمت کاروں کے خلاف کرنے کیلئے وہ ہر حربوں کو آزما کر بلوچ مزاحمت کاروں پر وہ تہمات عائد کرنے کے منصوبوں پر عمل پیرا ہے تو دوسری طرف دشمن کی سیاست کرنے والے پاکستانی پارلیمنٹ میں بیٹھی پارٹیاں ووٹ و نوٹ کی سیاست میں خواتین کو ووٹر بنا کر استعمال کررہی ہیں ۔لیکن خواتین کو یہ بات اچھی طرح سے سمجھ لینی چاہئے کہ وہ پارٹیاں جو دشمن ریاست کے پارلیمنٹ میں بیٹھی ہیں وہ بلوچ آزادی کی تحریک کو نقصان پہنچا رہی ہیں بلوچ خواتین ایسے پارٹیوں کا بائیکاٹ کر کے ان کے ووٹرز بننے سے انکار کریں تو یہ کردار اپنے آپ میں بہت بڑا ہوگا جو بلوچ قومی سوال کو فائدہ پہنچائے گا بلوچ خواتین اس علم کو پانے میں کوشاں رہیں جو علم انہیں صحیح اور غلط کے درمیان فرق کو جاننے میں مدد دے تا کہ کسی ماں کا بیٹا، کسی بہن کا بھائی، کسی عورت کا شوہر بھی غلط راستے پر ہوتو وہ آنکھیں بند کر کے اس کے پیچھے چل کر بلوچ کاز کو نقصان پہنچانے جیسے عمل میں حصہ دار نہ بنے۔

خواتین آزادی کی جنگ میں شامل ہونے کیلئے ماوزے تنگ کی اس قول پر ضرور غور وفکر کریں کہ ''علم ایک سائنس ہے اور اس میں کسی قسم کی بددیانتی اور غرور کی گنجائش نہیں''۔

اگر آپ بلوچ خواتین علم چاہتی ہیں تو آپ کو حقیقت تبدیل کرنے کے عمل میں حصہ لینا ہوگا۔

کیونکہ اگر آپ ایٹم کی ساخت اور اس کے خواص جاننا چاہتے ہیں تو آپ کو ایٹم کی حالت تبدیل کرنے کیلئے طبعی اور کیمیاوی تجربات کرنے ہونگے۔

اگر آپ انقلاب کا نظریہ اور طریقہ جاننا چاہتے ہیں تو آپ کو انقلاب میں حصہ لینا ہوگا۔

☆☆☆

شبیر بلوچ

# لیڈر شپ اور تصادم کار منصب کے شکار سیاستدان

کسی بھی جدوجہد میں لوگ لیڈر شپ ،وژن اور Long Term مقاصد سے متاثر ہوکر جدوجہد میں حصہ لیتے ہوئے انقلاب برپا کرتے ہیں ۔لیڈر شپ ڈرائیور، وژن راستہ اور مقاصد منزل ۔ کسی بھی تحریک میں لیڈر شپ کا مضبوط اور منظّم کردار ہوتا ہے ۔مظلوم استحصال زدہ عوام کو بیدار کرنے میں لیڈر شپ کا مضبوط کردار ہوتا ہے ۔حقیقی لیڈر شپ تحریک کے بطن سے جنم لیتی ہے پھر تحریک کو منظّم کرتے ہوئے کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے ۔لیڈر شپ جانباز Follower بناتے ہیں ان سے وہ کرواتے ہیں جو Follower نہیں جانتے بعد میں لیڈر شپ اور Follower کے مقاصد قومی مقاصد بن کر احساسات سے ہم آہنگ ہوتے ہیں ۔اب سوال اٹھتا ہے کہ لیڈر کیسا ہوتا ہے کیا ہر کوئی لیڈری کا دعوی کر کے لیڈر ہوسکتا ہے ۔جیسے بلوچستان میں ہر فرد خود کو لیڈر کہتا ہے ۔لیڈر شپ کا دعوی کرتا ہے وہاں لیڈر شپ کی خصوصیات بھی ہوتی ہیں ۔دنیا میں لیڈر شپ دو طرح کی ہوتی ہے ،نمبر ایک Transactional Leadership یہ لیڈر شپ نہیں بلکہ کاروباری آدمی ہوتا ہے ۔تجارتی آدمی ہوتا ہے دکاندار ہوتا ہے ۔اسکا دوسرے آدمی سے رشتہ صرف اور صرف معاشی مفادات کی حد تک ہوتا ہے یہ کاروباری لیڈر جب کسی سے کچھ لیتا ہے تو بدلے میں اسے کچھ دیتا بھی ہے ۔

James Macgregor Bums نے اس لیڈر شپ کی تعریف اس طرح کی ہے ۔

Such Leadership occurs when one person of an exchange of valued things contact others.the exchange may be Economic,political or psycological in nature aswap of Goods or not Goods of money of votes between candidate al eifigen.

یعنی تعلقات ،رشتہ سیاست صرف اور صرف دکانداری اور ایک کاروبار کی حد تک ہوتے ہیں ۔ووٹ ونوٹ لو،الیکشن مہم چلاؤ ،نوکریاں لو ، پیسہ دو ٹھیکے لو ، گھنٹے لینے کے لئے جاکنگ کرو ،ترقی چاہتے ہوتو پارٹی مہم میں چندہ دو ،Candidate یا وزیر کی جی حضوری کرو ۔کاروباری سیاست میں مفادات کی سیاست ہوتی ہے اس لیڈر شپ اور ریاست کو Transactional Arrangment اور Bargain اور معاہدہ کی سیاست اور لیڈر شپ کہا جاتا ہے۔ معاہدہ ایک الیکشن سے دوسرے الیکشن تک ہوتا ہے آج جو لوگ اس پارٹی کے تلے جمع ہیں تو دوسرے الیکشن میں کسی دوسری پارٹی کے جھنڈے تلے ہونگے پھر نیا معاہدہ نیا سمجھوتہ ہوگا ۔ ہر آدمی دوسرے کو عام آدمی کی طرح پہچانتا ہے ۔تعلقات اس وقت تک قائم ہیں جب تک مفادات ہیں اگر مفادات ختم تو سیاسی رشتہ ختم ۔

دوسرا Transforming Leadership ہے جو حقیقی اور انقلابی لیڈر ہوتا ہے ۔اس لیڈر شپ کے مختلف نام استعمال ہوتے ہیں یہ لیڈر شپ اپنے جذبات احساسات اورخواہشات پوری قوم پر قربان کرنے والا ہوتا ہے ۔

یہ لیڈر شپ inspiring,moblizing,uplifting,,preaching ہوتا ہے ۔اسے ہی لیڈر شپ کہا جاسکتا ہے ۔

History is made by masses of people acting through Leaders who are agent for the majority

تاریخ Transforming لیڈر شپ نے عوام کی مدد سے بنائی ۔قوموں کو غلامی ،استحصال ظلم و جبر سے نجات دلائی جس میں ڈاکٹر چے گویرا ،جموکینیا ،جیولیس نریدے ،ہوچی منہ، ماؤزے تنگ ،نیلسن منڈیلا جنہوں نے غلامی کے خلاف ناانصافی کے خلاف لوٹ کھسوٹ کے خلاف قوم میں بیداری پیدا کی اس لئے انہیں لیڈر کہتے ہیں ۔جبکہ وہاں بھی کاروباری لوگ تھے لیکن ختم ہوگئے اور حقیقی لیڈر شپ زندہ رہی ۔

بلوچستان میں بھی کئی لوگ سیاست میں اترنے کے بعد لیڈر شپ کے دعویدار ہیں ۔ حالانکہ بلوچستان میں ظلم وجبر واستحصال جاری ہے ۔ایک طرف Transactional کاروباری لیڈر شپ موجود ہے جنہیں لیڈر نہیں بلکہ دکاندار کہنا مناسب ہوگا اپنی دکانداری

چمکا رہے ہیں ،تو دوسری طرف حقیقی لیڈر شپ بھی موجود ہے جوظلم وجبر استحصال لوٹ کھسوٹ ،اورغلامی کے خلاف آزادی کی جدوجہد میں مصروف ہیں ۔

سیاسی طالع آزما کاروباری سیاست کے حوالے سے موجود ہیں جنہون نے قوم پرستی کو ذاتی مفادات کے لئے استعمال کیا ۔جنہوں نے قوم کے جذبات واحساسات کو اپنی ذاتی خواہشات اور اپنے آقاؤں کی خوشنودی پر قربان کردیا ۔کاروباری سیاست کا سہارا لینے والے ریگستانوں ،جھونپڑیوں اور گدانوں میں رہنے والے اب محلوں میں رہتے ہیں کھجوروں کی بجائے لذیذ ترین غذائیں کھاتے ہیں جب انکی زندگی سکون سے گذرر ہی ہے تو انقلاب اور تبدیلی کی فکر کیوں کریں ۔تاریخ پر نظر دوڑائی جائے تو لیڈر ہمیشہ سادہ زندگی گزارنے والے رہے ہیں اور انہی صفات میں انکی کامیابی کاراز تھا ۔ماؤ ،ہوچی منہ ،منڈیلا ،لینن وغیرہ ۔ایک واقعہ ہے کہ جب 879ء کومسلم خلیفہ نے مفاریہ سلطنت کے بادشاہ یعقوب بن لیث کوسفیر بھیج کر اپنی سلطنت میں شامل کرلیا تو اس وقت یعقوب کے سامنے کھانے کے لئے صرف ایک روٹی اور ایک پیاز پیش کی گئی اسی دوران خلیفہ نے سفیر کو کہا کہ میں زندہ رہا تو ہمارا فیصلہ تلوار کریگی اگر میں ختم ہوا تو جس طرح چاہو گے ویسا ہی ہوگا ۔

اگر تمہیں فتح ہوئی تو میرے لئے یہ پیاز کا ٹکڑا تو ہے جو شخص اس قسم کی غذا پر مطمئن ہوسکتا ہے اس پر تم فتح نہیں پاسکتے کیونکہ لیڈر فقیر درویش ہوتے ہیں جو خود کی نفی کرتے ہوئے دنیا کو تبدیل کرلیتے ہیں ۔بلوچوں کے سینے میں امید کی قندیل روشن ہوئی تو قوموں کی برادری میں بلوچ بھی آزاد ہوں گے ۔لیکن کاروباری دکانداری نے سیاست کو پارلیمنٹ کے دلدل میں دھکیل دیا جہاں نظریہ کی بجائے دکانداری نے لے لی وژن کی جگہ مفادات نے ۔

Long Term مقاصد کی جگہ وزیر، سنئیر ایم پی اے، ایم این اے ،نوکری ،ٹھیکے ،بلڈوز رگھنٹے بنے جنہیں مل گئے انکے مقاصد ختم جنہیں نہیں ملے تو ایک دوسرے سے جدا ہوگئے ۔جبکہ کاروباری لیڈر بھی نظریہ نیشنلزم پارلیمانی سیاست کے حوالے سے آجکل تصادم کار منصب یعنی Roleconflict کا شکار ہیں وہ ذہنی طور پر مشکل کا شکار ہوگئے ہیں ۔گومگو کی کیفیت ان کے لئے تکلیف کا باعث بن رہی ہے تلخ اور تکلیف دہ تجربات انکی سوچ کو منتشر کردیتے ہیں ۔ہاں نیشنل پارٹی کے رہنما حاصل خان واضح کررہے ہیں کہ وہ خود کو

تصادم کار منصب سے نکال کر مسلم لیگی اور پیپلز پارٹی کی طرح واضح کردیں کہ وہ صرف اور صرف کاروباری سیاست کے حامی ہیں ۔لیکن بی این پی مینگل اب بھی تصادم کار منصب کا شکار ہے وہ نہیں سمجھتی کہ حقیقی جدوجہد کی طرف جاکر Transforming سیاست کرے یا کہ اپنے Transactional سیاست کو جاری رکھے کیونکہ اس سیاست میں لوگ نوکری مانگتے ہیں، تبادلہ چاہتے ہیں ترقی چاہتے ہیں ۔جبکہ دوسری طرف مصائب و مشکلات ہیں اس لئے Roleconflict نے ان کے فیصلہ کرنے کی صلاحیت میں کمی کی ہے ۔تصادم کار منصب ہمیشہ فیصلہ کرنے سے اجتناب (Decision Deny) کرتا ہے جوکہ لیڈر شپ کی قوت فیصلہ میں کمی کا باعث بنتا ہے ساتھ ساتھ اضطرابی کیفیت Anxiety کا شکار ہوتا ہے تھوڑا سا کام کرنے سے کمزوری محسوس کرتے ہیں جلد بازی کا مظاہرہ کرنے لگتے ہیں ۔شتابی جلد بازی کی بناء پر غلطیوں کا ارتکاب کرکے غصہ اور ذہنی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں۔ بی این پی اور نیشنل پارٹی کے کچھ لوگ تصادم کار منصب کا زیادہ شکار ہیں ۔جو خود ذہنی دباؤ گومگو کیفیت کا شکار ہو وہ قوم کو کسی منزل کی جانب کیسے لے جا سکتا ہے ۔البتہ قوم کو دلدل کی جانب دھکیل سکتا ہے ۔بلوچستان میں Transforming لیڈر شپ نواب خیر بخش مری ،ڈاکٹر اللہ نذر بلوچ ،میر عبدالنبی بنگلزئی ،واحد قمبر ،براہمداغ کی شکل میں موجود ہیں ۔یہ لوگ اپنی ذاتی خواہشات کو قومی تحریک پر قربان کر چکے ہیں۔نواب مری جیسا اولعزم لیڈر شاید ہی ایشیا میں موجود ہو وہ درویش صفت انسان جس نے کبھی لیڈری کا دعوی نہیں کیا لیکن ان کے قول و فعل لیڈر جیسے ہیں جو حقیقی Transforming کی ساری خوبیاں ان میں ہیں جبکہ ڈاکٹر اللہ نذر جیسے وژنری تخلیق کار انقلابی لیڈر ،میر عبدالنبی بنگلزئی ،واحد قمبر ،غفار لانگو جیسے Hardcore موجود ہیں جنہوں نے مشکلات ومصائب میں اپنا نظریہ اور فکر نہیں بدلا بلکہ قومی آزادی کی جدوجہد میں ثابت قدم ہیں۔قوموں کو ایسے ہی مدبر لیڈر شپ ظلم جبر استحصال سے نجات دلاتے ہیں جنکا وژن صحیح ہو ۔Conceptual Clearity ہو جس طرح نواب مری ،ڈاکٹر اللہ نذر ،عبدالنبی بنگلزئی ،واحد قمبر ،براہمداغ کا ہے جبکہ کاروباری دکاندار قومی جہد کو سردخانے میں ڈال کر قوم کے لوگوں کو بیکار فقیر بنا کر مصلحت پسندی کا شکار بناتے ہیں ۔

تصادم کار منصب کے شکار قوم میں Ambiguity پھیلاتے ہیں کنفیوژن پھیلا کر قوم کو مایوسی کا شکار کرتے ہیں۔

فیصلہ لوگ کریں کہ کاروباری سیاست کا ساتھ دیکر آنے والی نسل کو ہمیشہ کے لئے قبضہ گیر کا دست نگر یا غلام رکھ کر بلوچ قوم کو ریڈ انڈین بنانا چاہتے ہیں یا زندہ قوم کی حیثیت دینا چاہتے ہیں۔ تصادم کار منصب کے شکار لیڈر شپ کے ساتھ سیاست کرتے ہوئے ذہنی الجھن میں مبتلا ہونا ہے یا کہ Transforming لیڈر شپ کا ساتھی بن کر انقلاب کے ذریعے آزادی حاصل کرنی ہے تا کہ لوگ اپنے مستقبل کے خود حکمران بن سکیں۔ لیکن قبضہ گیر کے نزدیک نو آبادیوں کا باشندہ گھٹیا درجے کا مخلوق ہوتا ہے جس کی کوئی اہمیت نہیں۔ جب تک آزادی نہیں تو انسان نہیں جب آزادی ملی تو اعلیٰ درجے کا شہری تصور کیا جاتا ہے۔ جس طرح انڈیا برطانیہ کا غلام تھا تو بھگت سنگھ غدار تصور کیا جاتا تھا۔ اس پر غداری کا مقدمہ چلایا گیا جب انڈیا آزاد ہوا تو آج وہی بھگت ہیرو بن گیا گاندھی قومی رہنما بن گئے۔

چیکوسلواکیہ غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا تو جیولیس نریدے ملک دشمن تصور کیا جاتا تھا آج جب چیکوسلواکیہ آزاد ہے تو جیولیس قومی ہیرو بن گئے۔ بقول Mccurd

What we beleive is a religion,what they believe is supersitition at mythology.

ترجمہ: ہمارا جو عقیدہ ہے وہ مذہب ہے اور ان کا عقیدہ تو ہم پرستی ہے جب تک غلام ہیں تو گھٹیا تصور کئے جاتے ہیں تذلیل ،مقدر ہے جوں ہی غلامی سے نجات ملی تو اعلیٰ تصور کئے گئے غلامی سے نجات کا راستہ Transforming سیاست سے ہی ممکن ہے۔

☆☆☆

عوام کے ساتھ مل کر نہ سوچنا غیر انقلابی عمل ہیں جو انقلابی لیڈر شپ کیلئے موت کے مترادف ہے۔

میر مبارک علی

# تبلیغی جماعت سیاست کی راہ پر......؟؟؟

کراچی، لاہور اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا انگریزی روزنامہ ''دی نیوز'' پاکستان کے معتبر ترین انگریزی روزناموں میں شمار ہوتا ہے۔ گزشتہ روز دی نیوز کے ادارتی صفحہ پر ''وقار گیلانی'' نامی کالم نویس نے تبلیغی جماعت سیاست کی راہ پر کے موضوع پر اپنے کالم میں بہت سارے انکشافات کئے کہ سال گزشتہ (2009) کے نومبر کے پہلے ہفتے میں لاہور کے نواحی قصبہ رائے ونڈ میں منعقد ہونے والے تبلیغی اجتماع سے قبل پاکستان کی مسلح افواج کے پچاس کے قریب ریٹائر فوجی افسروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا جو کہ پورا دن جاری رہا۔ اس اجلاس میں تیزی سے پھیلتی ہوئی تبلیغی جماعت کے مستقبل کے ایجنڈے کے بارے میں تفصیلی بحث ومباحثہ کیا گیا اور جماعت کے آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے بعض تجاویز مرتب کی گئیں۔

اگرچہ جماعت کے ہمدردوں کے نزدیک یہ اجلاس معمول کی کارروائی تھی لیکن جماعت کے اندرونی نظم سے وابستہ کچھ افراد کا دعویٰ ہے کہ یہ سابق فوجی افسران پاکستان کے طول وعرض سے اس ''حلقہ خاص'' کے اجلاس میں شرکت کے لیے خصوصی طور پر رائے ونڈ آئے تھے اور یہ فوجی حضرات امیر جماعت مولانا عبدالوہاب کے خصوصی مہمانوں میں شامل تھے۔

تبلیغی جماعت سے وابستہ ان سابق افسروں کے اس اجلاس کے روح رواں لیفٹیننٹ جنرل (ر) اور آئی ایس آئی کے سابق سربراہ جاوید ناصر تھے اس کے علاوہ ماضی میں کلیدی عہدوں پر فائز رہنے والے جنرل، بریگیڈیئرز، کرنل، ایڈمرل اور پولیس کے اعلیٰ افسران شامل تھے۔ جاوید ناصر کے علاوہ اس اجلاس میں شرکت کرنے والوں میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) آغا مسعود حسن، پاکستان نیوی کے سابق سربراہ ایڈمرل ر کرامت رحمان نیازی،

لیفٹیننٹ جنرل ر آفتاب احمد اور دیگر شامل تھے۔ کالم نویس وقار گیلانی آگے لکھتے ہیں کہ اجلاس کا اہم نقطہ یہ تھا کہ مستقبل میں تبلیغی جماعت کے ایجنڈے کو سیاسی بنانے کے امکان پر غور کیا جائے۔ اجلاس میں شریک بہت سے ریٹائر آرمی افسران اس بات کے قائل تھے کہ اب وقت آگیا کہ تبلیغی جماعت کا اپنا سیاسی منشور اور حکمت عملی ہونی چاہیے اور امیر جماعت مولانا عبدالوہاب نے تبلیغی جماعت کے پہلے مرحلے کو حضور کی مکی زندگی سے مماثل قرار دیا جہاں آپ نے کفار کے تمام ظلم وستم اور تشدد کو بڑے صبر و تحمل سے برداشت کیا اور پوری یکسوئی سے اسلام کی تبلیغ میں لگے رہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستانی فوج کے ہزاروں افسران تبلیغی جماعت میں شامل ہو چکے ہیں اور کوئی قوت ایسی نہیں ہے جو انہیں مذہبی فرائض کی ادائیگی سے روکے۔ اس کے علاوہ گوکہ تبلیغی جماعت کا تنظیمی ڈھانچہ بہت ڈھیلا ڈھالا ہے لیکن اس کے باوجود فوجی، سیاسی رہنما، بیوروکریٹ، کھلاڑی، گلوکار، شوبز کی شخصیات، ڈاکٹر، سائنس دان اور طلباء کی ایک خاصی تعداد شامل ہے۔

اب ان تمام حقائق کو سامنے رکھ کر بلوچستان کے طول وعرض میں بستر اٹھائے (طالبان کے مرحوم کمانڈر بیت اللہ محسود نے کہا تھا کہ یہ بسترہ اٹھانے والے لوگوں کو نامردوں و بزدل بنادیتے ہیں) ہوئے ان تبلیغی حضرات کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو ہمیں بہت سارے ایسے مشکوک اعمال نظر آتے ہیں جو ہر انسان کو کچھ سوچنے پر مجبور کرتے ہیں ماضی کو ایک طرف رکھ کر اگر ہم موجودہ حالات بالخصوص بلوچستان کے جنگی حالات میں ان تبلیغی حضرات کی سرگرمیوں کا بغور تجزیہ کریں تو ہمیں ایسے خوف ناک منصوبوں کی تکمیل کے مراحل نظر آتے ہیں جو کہ ناقابل یقین ہیں۔

چونکہ بلوچ قوم کی اقدار وروایات میں وہی اجزاء شامل ہیں جن سے اسلام پرہیز کرنے کی ہدایت کرتا ہے، مثلاً جھوٹ بولنا، چوری کرنا، گندہ کاری، کسی کے مال پر قبضہ کرنا، غیر کی عورت کو بری نظر سے دیکھنا بلوچ کے یہاں ''عیب'' اور ''میار'' سمجھا جاتا ہے۔ پنجاب، سندھ اور سرحد کے لیے صرف ایک رائے ونڈ کا اجتماع ہے جبکہ بلوچ سرزمین کے لیے سالانہ درجنوں اجتماع کیوں؟؟۔ اور بالخصوص ان علاقوں میں اجتماعات کا انعقاد کرنا جہاں

بلوچ مسلح جدوجہد روز بروز جڑ پکڑ رہی ہے۔ جبکہ اس کے علاوہ استعمار کی غلیظ پالیسیوں اور گندہ کاریوں کی وجہ سے بلوچ سماج میں پرورش پانے والی بیماریاں جن علاقوں میں زیادہ ہیں بالخصوص نصیرآباد، جعفرآباد، جھل مگسی وغیرہ جہاں ہر دوسرے روز معصوم بچی کو زندہ درگور کیا جاتا ہے یا بے دردی سے قتل کردیا جاتا ہے وہاں یہ تبلیغی جماعت والے کبھی غلطی سے بھی اجتماع منعقد نہیں کرتے ہیں اور اس کے علاوہ قابل غور بات یہ کہ بلوچستان کے وہ علاقے جہاں پشتون آباد ہیں وہاں بھی یہ تبلیغی جماعت والے نہیں جاتے۔

شاید ان کا خیال ہے کہ بلوچ مسلمان نہیں لہٰذا انہیں اسلام کی تبلیغ کی اشد ضرورت ہے۔ یا پاکستان کے فوجیوں کی ترتیب دی گئی۔ منصوبوں کی تکمیل کہ بلوچ نوجوانوں کو ''اسلام کے موثر ہتھیار'' کے ذریعے اپنی اقدار وروایات سے بیگانہ کرنا اور بلوچ قومی آزادی کی جدوجہد کو ختم کرنا مقصود ہے۔

جب غلام محمد شہید کو ساتھیوں سمیت خفیہ اداروں کے اہلکار اغواء کے بعد بے دردی سے شہید کرتے ہیں اور بلوچستان کے طول وعرض میں تحریک میں ایک نئی ابھار پیدا ہوتی ہے تو اچانک ان تبلیغی جماعتوں کی سرگرمیاں بڑھ جاتی ہیں اور ان علاقوں پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے جہاں پاکستانی پرچم کو لہرانے نہیں دیا جاتا۔اس کے علاوہ جب بی این ایم کے رہنما رسول بخش مینگل کو پاکستان کے زرخیز ایجنٹ شہید کرتے ہیں تو مولانا طارق جمیل کو بلوچ تحریک آزادی کے خلاف زہرافشانی کرنے اور پاکستانی قومیت کے پرچار کے لیے خصوصی طور پر خضدار، قلات ،مستونگ اور کوئٹہ روانہ کیا جاتا ہے جہاں پر مولانا طارق جمیل بلوچوں کو ظالم اور پنجابیوں کو (جنہوں نے بلوچ سرزمین پر قبضہ کیا ہے )مظلوم قرار دیتے ہیں۔

بہت سارے پڑھنے والے شاید یہی سوچ رہے ہوں گے کہ بلوچ خواہ مخواہ تبلیغ والوں کے خلاف ہیں لیکن یہ وضاحت کرنا ضروری ہے کہ اسلام میں اپنی سرزمین ، جائیداد اور عزت کے لیے لڑنا جہاد اور مرنا شہادت ہے خود جب نبی کریمؐ کو کفار مکہ سے نکالتے ہیں تو نکلتے وقت نبی کریمؐ مکہ کی طرف رخ کرکے کہتے ہیں کہ:

''اے مکہ تو مجھے بہت ہی عزیز ہے میں ضرور ایک دن تمہیں غیروں سے آزاد کراؤں گا''۔

اس کے علاوہ خلیفہ چہارم حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ:

''سب سے بڑی خیانت قوم سے غداری ہے''۔

اور خود تبلیغی جماعت کے بانی رکن مولانا محمد یونس پالن پوری کا بھی قول ہے کہ:

''سرزمین سے محبت کرنا ایمان کا حصہ ہے''

عظیم بزرگ شیخ عبدالقادر جیلانی '' کہتے ہیں کہ:

''آزادی کی حفاظت نہ کرنے والا غلامی میں گرفتار ہوجاتا ہے''

دنیا کے اولین فلسفی سقراط کہتے ہیں کہ:

''تمہارے آباؤاجداد اور ماں باپ سے بھی قیمتی شے تمہارا ملک ہے جس کی عزت، احترام اور تقدس تم پر لازم ہے یہی خدا کا فیصلہ ہے اور یہی تمام سمجھ دار انسانوں کی رائے ہے''

درج بالا برگزیدہ انبیاء کرام، خلفائے راشدین، اپنے دور کے بزرگ اور فلسفیوں کے اقوال کا مطالعہ کیا جائے تو تمام کے تمام اپنی سرزمین سے محبت اور غلامی کے خلاف جدوجہد کرنے کا درس دیتے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ جب بلوچ اپنی قومی غلامی کے خلاف جدوجہد کررہا ہے تو اسلام کے دعوے دار تبلیغی جماعت والے بالواسطہ اور بلاواسطہ بلوچ تحریک آزادی کو ختم کرنے کے درپے ہیں کیا یہ تبلیغی جماعت والے اسلام کی خدمت کررہے ہیں یا پاکستانی سامراج کی؟؟۔ اور اگر ان جماعتوں میں شامل فوجی اہلکاروں کا گمان ہے کہ وہ بلوچ جدوجہد کو اسلام کا مقدس نام استعمال کرکے ختم کریں گے تو ان کے لیے عرض ہے کہ:

کبھی کسی آزادی کی جنگ لڑنے والے کو کمزور نہ جانو

وہ بغیر ہتھیار کے بھی لڑسکتا ہے

میرا یقین کرو

میں جو غلامی کی آگ میں جل رہا ہوں

آزادی کے لیے اپنی جان سے بھی گزر سکتا ہوں

اور تمہاری حقیقت یہ ہے کہ

تم اتنے بڑے ہو

جتنی تمہاری توپیں

☆☆☆

# لاپتہ افراد کے نام

لمحے لمحے کا لیں گے حساب
وہ لمحے جب تم اٹھائے گے
کال کوٹھری میں چھپائے گئے
وہ لمحے جو تم پر قیامت رہے
وہ لمحے جو دور جلائی تھی
جاؤں پر گزرے، بچوں پر ڈھائے
وہ لمحے کے جب تمہیں یاد کر کے
بہنوں نے آنکھوں سے آنسو بہئے
وہ لمحے سارے
تمہارے ہمارے
نشاں ظلم وستم بن گئے ہیں
دلوں میں ہمارے الم ہو گئے ہیں
کتابوں میں سارے رقم ہو گئے ہیں
لمحے لمحے پڑھیں گے کتاب در کتاب
لمحے لمحے کا لیں گے حساب
لمحے لمحے کا لیں گے حساب

☆☆☆

پیر جان بلوچ

# دوسو تعلیم یافتہ لیڈروں کی جماعت

کہتے ہیں کہ لیڈر اپنی قوم کیلئے سیاست کرتا ہے مگر ہمارے یہاں 200 سے زائد تعلیم یافتہ ایسے لیڈر ہیں جو قوم سے سیاست کررہے ہیں اور آج سے نہیں بلکہ بہت برسوں سے۔۔۔۔۔!

ایک سال قبل ہمارے ایک بزرگ رشتہ دار نے نجانے کیا سوچ کر ''نیشنل پارٹی'' میں شمولیت اختیار کی۔ میں نے اپنے انتہائی قابل احترام واجہ سے این پی میں جانے کا سبب پوچھا! فرمانے لگے نیشنل پارٹی دوسو تعلیم یافتہ لیڈروں کی جماعت ہے میرے لیے یہ ایک غیر معمولی جواب تھا یہ سن کر میں دل ہی دل شرمندہ ہوکر اپنے گھر کی طرف چل دیا۔

اور دیر تک سوچتا رہا کہ ایسی تعلیم یافتہ لیڈران کا کیا فائدہ جو اپنی قوم کو حقیقی منزل کی رہنمائی نہیں کر سکتے ہوں؟

یوں تو بلوچستان میں بہت ساری جماعتیں موجود ہیں جن میں بی این ایم، بی آر پی، بی این پی مینگل، بی این پی عوامی! مگر یہ بلوچستان کی واحد قوم پرست (ان کے اپنے مطابق) جماعت ہے جن کے نہ آگے بلوچ نہ بلوچستان! سننے میں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی کمپنی کا نام ہو۔۔۔۔مثلاً نیشنل پنکھے نیشنل ریڈیو نیشنل ٹی وی یا پھر نیشنل اچار۔۔۔۔

مجھے معلوم ہے کہ یہ حضرات میری باتوں کا بُرا نہیں مانیں گے اڑے بھائی! دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ لیڈران کی پارٹی ہے مذاق تھوڑی ہے۔دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ لیڈران سے مجھے اپنا لڑکپن یاد آگیا۔غالباً 1995یا96 کا دور تھا جب میں چوتھی یا پانچویں کلاس میں پڑھ رہا تھا اس دور میں اسی پارٹی سے تعلق رکھنے والے وزیر تعلیم ہمارے اسکول کے دورے پر آئے تھے ہماری کلاس میں ہمارے محترم استاد نے بلیک بورڈ پر پہلے ہی سے لکھا تھا ''تہذیب''! ہمارے موصوف وزیر نے ہمارے بجائے ہمارے محترم استاد سے سوال کیا کہ ''تہذیب'' کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟۔استاد اپنے نوعمر طالب علموں کے سامنے سر جھکائے دیر تک خاموشی سے کھڑا رہا مگر اس خاموشی کے باعث ہمارے استاد کو خوب ڈانٹ وزیر صاحب کی طرف سے پڑھی! اور یقین جانیے اس دن ہم بہت خوش تھے اور ہماری خوشی

کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا کیونکہ روزانہ استاد سے ہمیں بلاوجہ ڈانٹ پڑتی تھی اور شاید یہی ہمارے لیے مکافات عمل تھا۔ خیر! موصوف وزیر تعلیم نے استاد پر غصہ کرتے ہوئے سوال کیا کہ کس نالائق نے تم کو محکمہ تعلیم جیسی مقدس جگہ پر بھرتی کیا؟ ہمارے محترم استاد نے لرزتے ہاتھ اور کانپتے ہونٹوں سے جواب دیا سر آپ نے! آپ ہی کی سفارش سے بھرتی ہوا ہوں۔۔۔

دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ قیادت کی جماعت۔۔۔۔۔!

کل تک گوادر میں کوہِ باتیل پر کھڑے ہوکر نیلگوں سمندر کی سوگند کھا کر کہتے رہے کہ ہمیں اب ووٹ نہیں خون چاہیے اور پھر پیر و جوان یہاں تک ننھی یاسمین نے بھی اپنے ننھے بدن پر نوکیلی گولیاں کھائیں اور بلوچ شہداء کی فہرست میں اپنا نام بھی شامل کرلیا مگر خون مانگنے والے آج بھی ووٹوں اور الیکشن کے انتظار میں ہیں۔

''ماں نے خون مانگا تھا اور بیٹے

''پانی سے تالاب بھرتے جارہے ہیں''

یہ دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگ قوم کو یکجا کرنے کی بات کرتے ہیں عوامی طاقت سے ووٹوں کے ذریعے انقلاب لانا چاہتے ہیں۔

کچھ عرصے قبل اسی پارٹی کی طرف سے گوادر میں ایک پمفلٹ تقسیم کی جاتی ہے کہ اے گوادر یوں!! جاگو تم لوگوں کی زمینوں کو تربت، پسنی، پنجگور، خضدار کوئٹہ اور پنجاب کے لوگ چھین رہے ہیں جہاں تک پنجاب کی بات ہے تو یہ سمجھ میں آجاتا ہے مگر اپنے لوگوں کو غیروں کے ساتھ ملا کر قوم کو یکجا کرنے کا یہ فارمولا اللہ کرے کبھی کامیاب نہ ہو۔

میں دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ قیادت کی جتنی بھی تعریف کروں کم ہے تو اور سینے! یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے میر غوث بخش بزنجو (مرحوم) کے سامنے الیکشن میں اپنا نمائندہ کھڑا کیا تھا اور بزنجو صاحب کو نجانے بابائے مزاکرات اور کس طرح کے القابات سے نوازا تھا مگر آج کہتے ہیں کہ میر غوث بخش بزنجو کے فکر و نظریے کے ہم امین ہیں۔۔ (دراصل سچ کہتے ہیں) جبکہ کامریڈ فدا جان کے فکر و نظریے کو بھی اپنی ہی امانت سمجھتے ہیں حالانکہ کامریڈ فدا جان اور بزنجو (مرحوم) دو متضاد فکر و فلسفے کے مالک تھے۔۔

یہی تو ہم ان دوسو تعلیم یافتہ قیادت سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ آپ لوگوں کی 1988 سے قبل کی سیاست غلطی پر تھی یا آج کی؟ مگر ہمیں کہاں یہ جواب دیں گے! یہ تو ٹھہرے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہم اَن پڑھ! کہتے ہیں کہ جب حجام کو بادشاہت ملی تو اس نے

اپنی ''رعایا'' کے سر گنجے کر دیے اور اسی طرح حلوائی کو بادشاہت ملی تو پوری قوم کیلئے حلوہ پکایا نتیجہ سب کے پیٹ خراب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یااللہ ہمارے لیے رحم فرما !ہاں ہم گناہگار ہیں مگر اتنی بھی بڑی سزا کے مستحق نہیں ! بے شک ہمیں دوزخ میں ڈال مگر اتنی بڑی سزا مت دے!

یہ دوسو اعلیٰ تعلیم قیادت کہتے نہیں تھکتی !یہ نوجوان جذباتی ہیں ایڈوانس سلوگن کے نام پرنوجوانوں کو گمراہ کررہے ہیں ۔اگر اپنی ماؤں اور بہنوں کی سروں پر چاروں کی حفاظت کرنا جذباتیت ہے تو شاید نوجوان جذباتی ہیں۔

اپنے وطن پر غیروں کی یلغار روکنا جذباتی ہونے کو کہتے ہیں ؟اپنے شہیدوں کے فکر و فلسفے کو عام کرنا جذباتی پن ہے جن کا نام لیکر کبھی آپ لوگ ووٹ مانگتے تھے اپنے مستقبل کو روشن کرنے کا خواب دیکھنا گمراہی ہے ؟اگر نہیں تو دوسو اعلیٰ تعلیم یافتہ قیادت کو ان نوجوانوں سے زیادہ جذباتی ہونا چاہیے تھا۔۔مگر یہ جذباتی ہیں تو بزرگ رہنماء نواب خیر بخش مری بھی جذباتی ہیں 12 سال زندان میں گزار کر رہائی پانے کے بعد پھر جیل کی دیواروں کی طرف دیکھ کر کہنے والے میر عبدالنبی جذباتی ہیں۔

ایک ہی گھر میں تین تین بھائیوں کے جنازے اٹھتے ہیں ان کے پیاروں کے لبوں پر کوئی گلہ نہیں صرف اور صرف فخر ہے جذباتی ہیں اپنے بھائی کے جنازے کو کندھا تک نہ دینے والے زندانی واحد قمبر بھی جذباتی ہیں ۔سدو مری 90 سال کی عمر میں مکران کے پہاڑوں میں دشمنوں سے دوبہ دو لڑتے لڑتے شہید ہوگئے جس کا بیٹا تین ماہ ان کی شہادت سے قبل کوہستان کے علاقے میں جھڑپ کے دوران شہید ہوگیا۔مگر سعادت مری نے شاید ایک جماعت بھی اسکولوں میں نہیں پڑھا تھا اسے شاید کاپی اور قلم کے نام تک پتہ نہیں تھے یونیورسٹی کا شاید وہ تصور بھی نہیں کرسکتا تھا مگر سدو نے ایک کام ضرور کیا اس نے ثابت کردیا کہ کسی قوم کی قیادت کرنے کیلئے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونا فقط لازم نہیں حب الوطنی اور قربانی دینے کا جذبہ بھی ہونا چاہیے۔

آخر میں اتنا کہوں گا 200اعلیٰ تعلیم یافتہ قیادت کو اگر میرے یہ چند الفاظ خراب لگیں ہوتو میں اس کیلئے معذرت نہیں کروں گا۔



واجہ یوسف نسکندی گوں اُستاد عبدالستارءِ غنی پہوال ءَ



واجہ یوسف نسکندی ءِ یادگاریں عکسے



واحد یوسف نسکن، گلزار اور احمد



واجہ یوسف نسکندی گوں قادر بخش نظامانی ءَ



واجہ یوسف نسکندی دیوانءِ تران کنگانت